ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | بدھ 17 جمادی الثانی 1447ھ 10 دسمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 156
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 35 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

مائننگ سیکٹر ترقی کا بنیادی ستون، عالمی سرمایہ کاروں کو بلوچستان کے معدنی ذخائر تک رسائی دی جائیگی: وزیراعلیٰ

مزدوروں کی فلاح، ان کی ورکنگ کنڈیشنز کی بہتری، حفاظتی انتظامات، صحت و سلامتی کے معیار اور ریسکیو میکانزم کو مضبوط بنانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

غیر قانونی کانکنی کی روک تھام، معدنیات کے تحفظ، اور مائننگ لیز کے نظام کو شفاف بنانے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کی جارہی ہے، وزیراعلیٰ سے مائنز اونرز کی ملاقات

ملاقات میں چیمبر آف مائنز کے قیام، سرمایہ کاری کے مواقع اور مائننگ سیکٹر میں درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی گفتگو، وفد نے کانکنی کے شعبے کو صنعت کا درجہ دینے پر شکریہ ادا کیا

حکومت مزدوروں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے، وزیراعلیٰ، آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز کے چیئرمین محمد رمضان اچکزئی کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن + پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں مائنز اونرز ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی جس میں صوبے میں کانکنی کے شعبے کو صنعت کا درجہ دینے پر وفد نے صوبائی حکومت کے فیصلے کو تاریخی قرار دیتے ہوئے وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں چیمبر آف مائنز کے قیام، اراضی کی فراہمی، سرمایہ کاری کے مواقع اور مائننگ سیکٹر میں درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ مائننگ سیکٹر بلوچستان کی ترقی کا بنیادی ستون ہے اور حکومت اس شعبے میں شفافیت، جدید ٹیکنالوجی، مضبوط ریگولیشن اور بین الاقوامی معیار کی نگرانی کا نظام متعارف کرا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سرمایہ کاروں کو بلوچستان کے معدنی ذخائر تک رسائی دینے کے اقدامات جاری ہیں جس سے صوبے کی معیشت کو دیرپا تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کی فلاح، ان کی ورکنگ کنڈیشنز کی بہتری، حفاظتی انتظامات، صحت و سلامتی کے معیار اور ریسکیو میکانزم کو مضبوط بنانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ غیر قانونی کانکنی کی روک تھام، معدنیات کے تحفظ، اور مائننگ لیز کے نظام کو شفاف بنانے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کی۔۔۔۔۔۔

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار اور ایرانی وزیرخارجہ کا رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

دونوں رہنماؤں کا ترکمانستان میں بین الاقوامی فورم برائے امن و اعتماد میں ملاقات پر اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، جس میں، دوطرفہ تعلقات اور خطے کی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی نے ٹیلیفون پر رابطہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات اور۔۔۔۔۔۔

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، بانی پی ٹی آئی کی بہنیں علیمہ خان و دیگر دھرنے پر بیٹھی ہیں

ملاقات کی اجازت نہ ملنے پر بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کا اڈیالہ جیل کے قریب دھرنا

پچھلے ایک ماہ سے اسی مقصد کیلئے آ رہے ہیں لیکن ملاقات کی اجازت نہیں دی جارہی، علیمہ خان

جنید اکبر، شاہد خٹک، خیبر پختونخوا کابینہ کے اراکین مینا خان، شفیع جان و دیگر بھی دھرنے میں موجود

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ملاقات کی اجازت نہ دینے پر بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نے اڈیالہ جیل کے قریب فیکٹری ناکے پر دھرنا دے دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں کو ملاقات کی اجازت نہ ملی جس پر انہوں نے جیل کے قریب فیکٹری ناکے پر دھرنا دے دیا۔ ملاقات کی اجازت نہ دینے پر بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نے اڈیالہ جیل کے۔۔۔۔۔۔

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف سے انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو ملاقات کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی موجود ہیں

پاکستان اور انڈونیشیا کا تجارت سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے کا فیصلہ

شہباز شریف کی انڈونیشین صدر کیساتھ مل کر مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے مقرر کردہ اہداف کے حصول کے لیے کام کرنے کی یقین دہانی

پاکستان اپنے ڈاکٹروں، طبی ماہرین اور دیگر متعلقہ ماہرین کو انڈونیشیا بھیجے گا، وزیراعظم شہباز شریف کی میڈیا سے بات چیت

دونوں ممالک خارجہ پالیسی کے میدان میں بھی تعاون کر رہے ہیں، خاص طور پر فلسطین کے معاملے پر مشترکہ موقف رکھتے ہیں، انڈونیشین صدر

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان اور انڈونیشیا نے تجارت، ثقافت، صحت، تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے انڈونیشین صدر کے ساتھ مل کر مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے۔۔۔۔۔۔

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان مائنز اونرز ایسوسی ایشن کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہا ہے

نیب کو مکمل ادارہ جاتی آزادی حاصل ہے، پاکستان مالیاتی بدعنوانی کے خاتمے کیلئے اقدامات کو مزید منظم انداز میں جاری رکھے گا، تقریب سے خطاب

حکومت نیب کے ذریعے سیاسی انتقام پر یقین نہیں رکھتی: وزیراعظم

مالی بدعنوانی کے خاتمے کے لیے نیب کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، حکومتی منصوبوں میں مالی، انتظامی اور ادارہ جاتی شفافیت کو یقینی بنانا ترجیحات میں شامل ہے

نوجوان قیمتی اثاثہ، پرامن، خوش حال اور ترقی یافتہ مستقبل کی ضمانت ہیں، بدعنوانی سے پاک معاشرہ ملکی ترقی، خوشحالی اور عوامی اعتماد کو یقینی بناتا ہے، شہباز شریف

2022 کے بعد سے قومی احتساب بیورو میں اصلاحاتی اقدامات ہنگامی بنیادوں پر اٹھائے گئے ہیں جس سے کارکردگی میں خاطر خواہ بہتری دیکھی جاسکتی ہے

انسداد بدعنوانی کا عالمی دن وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہونا اس بات کا عکاس ہے کہ احتساب اور جوابدہی حکومت کے لیے نہایت اہمیت کے حامل ہیں، چیئرمین نیب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نیب کے ذریعے سیاسی انتقام پر یقین نہیں رکھتی، مالی بدعنوانی کے خاتمے کے لیے نیب کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، پاکستان مالیاتی بدعنوانی کے خاتمے کے لیے اقدامات کو۔۔۔۔۔۔

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی خودمختاری اور دفاع کیلئے پرعزم ہیں: فیلڈ مارشل

1971 میں پاک بحریہ دشمن کیلئے سمندر میں سیسہ پلائی دیوار تھی، آج بھی بحری سرحدوں پر آہنی فصیل ہے، جنرل عاصم منیر

ماضی کی طرح دشمن کے دانت کھٹے کرنے کو ہمہ وقت تیار ہیں، 8 جدید ہنگور کلاس آبدوزیں جلد فلیٹ میں آرہی ہیں، نیول چیف

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کہنا ہے کہ 1971 میں پاک بحریہ دشمن کیلئے سمندر میں سیسہ پلائی دیوار تھی اور آج بھی پاک بحریہ ملکی بحری سرحدوں پر آہنی فصیل ہے۔ پاک بحریہ کی جانب سے 9 دسمبر کو یادگار دن ہنگور ڈے۔۔۔۔۔

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو کو نشان پاکستان سے نوازا گیا

ایوان صدر میں تقریب، وزیراعظم شہباز شریف، سیاسی و عسکری قیادت کی شرکت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو کو نشان پاکستان سے نواز دیا اور۔۔۔۔۔۔

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ایک بڑے ادارے سے لڑائی بالکل نہیں ہونی چاہیے، بیرسٹر گوہر

بہت ساری چیزیں ایسی ہیں جو ہم کرنا چاہ رہے ہیں مگر ہمارے بس میں نہیں

محمود اچکزئی، علامہ راجا ناصر کے پاس بات کرنے کا اختیار ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ملک مزید انتشار اور کشیدگی کا متحمل نہیں ہوسکتا، سیاست میں اختلاف ہوسکتا ہے دشمنی نہیں۔ داہگل ناکے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوشش کرنی چاہیے کہ ملک میں امن ہو اور یہ ٹینشن ختم ہو، بہت ساری چیزیں ایسی ہیں جو ہم کرنا چاہ رہے ہیں مگر ہمارے بس۔۔۔۔۔۔

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

معیشت ڈنڈے کے زور پر نہیں چلتی، وزیراعظم سینٹرلائزیشن پر یقین رکھتے ہیں ہم نہیں: بلاول

سیلز ٹیکس آن گڈز وفاقی حکومت کے پاس ہے، اکٹھا کرنے کی ذمہ داری صوبوں کو ملنی چاہیے، معاشی مشکلات دور کرنا ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے

قومی اسمبلی میں نئے صوبے بنانے کے لیے اتفاق رائے موجود ہے 20 نئے صوبے بنانے سے پہلے جن نئے صوبوں پر اتفاق رائے ہے وہ بنائیں

ایف بی آر کو ایسا ادارہ بنانا چاہیے جس پر بزنس کمیونٹی کا اعتماد بڑھے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا ایف پی سی سی آئی میں صنعت کاروں اور تاجروں سے خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان سینٹرلائزیشن پر یقین رکھتے ہیں لیکن پاکستان پیپلز پارٹی ڈی سینٹرلائزیشن پر یقین رکھتی ہے، حکومتوں کا فوکس معیشت کو ڈنڈے کے زور پر چلانا ہوتا ہے لیکن معیشت کو ڈنڈے کے زور پر نہیں چلایا جاسکتا بلکہ ملکی معیشت پیار سے چلتی ہے، سیلز ٹیکس آن گڈز۔۔۔۔۔۔

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بدعنوانی کا ناسور ملک و صوبے کی ترقی میں رکاوٹ ہے، گورنر

کرپشن ہرگز کوئی انفرادی مسئلہ نہیں، اس کے خاتمے کیلئے حکومتی اور عوامی سطح پر مشترکہ کوششیں ضروری ہیں

انسداد بدعنوانی سے حکومتی اداروں پر عوام کا اعتماد بحال، خود احتسابی اور شفافیت کو فروغ ملے گا، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بدعنوانی کے خلاف عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بدعنوانی بلاشبہ ایک ناسور ہے جو کسی بھی ملک یا صوبے میں معاشی اور معاشرتی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ کرپشن کی لعنت نے۔۔۔۔۔۔

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بدعنوان عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، سرفراز بگٹی

اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی فعالیت کیلئے اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں

کرپشن کے خاتمے کیلئے جدید نظم و نسق وقت کی اہم ضرورت ہے، پیغام

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ بلوچستان میں شفاف طرز حکمرانی۔۔۔۔۔۔

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سے انڈونیشیا کے صدر ابوو سبیانتو کی ملاقات

باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سیکورٹی پر بات چیت ہوئی، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو نے ملاقات کی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق۔۔۔۔۔۔

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

نومبر 2024 سے رواں سال تک ترسیلات زر میں 9 فیصد اضافہ

رواں مالی سال کے ابتدائی 5 ماہ کی ترسیلات زر 16.14 ارب ڈالر رہیں، مرکزی بینک

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک نے رواں برس کی ترسیلات زر کی تفصیلات جاری کردیں۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق نومبر 2025 کی ورکرز ترسیلات۔۔۔۔۔۔

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ افغان شہریوں کے انخلا اور غیر ملکی افراد کے خلاف کارروائی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنر جعفر مندوخیل سے صوبائی مشیر نسیم الرحمن ملاخیل کی قیادت میں ن لیگ کے رہنماؤں پر مشتمل وفد ملاقات کر رہا ہے

بلدیاتی انتخابات ہر صورت مقررہ تاریخ پر ہونگے: الیکشن کمیشن

انتخابی عملے کی تعیناتی، سامان کی ترسیل اور سیکورٹی انتظامات حتمی مراحل میں داخل ہو چکے، 28 دسمبر کو پولنگ ہوگی

اسلام آباد میں بھی بلدیاتی الیکشن مقررہ تاریخ کے مطابق منعقد کئے جائیں گے، شیڈول بھی جاری کر دیا گیا ہے

کوئٹہ (اے این این) الیکشن کمیشن بلوچستان کے مطابق صوبے میں بلدیاتی انتخابات 28 دسمبر کو ہوں گے، تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں اور الیکشن ہر صورت مقررہ تاریخ پر ہی منعقد ہوگا۔ ترجمان کے مطابق انتخابی عملے کی تعیناتی، سامان کی ترسیل اور۔۔۔۔۔۔

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ دور میں پاک امریکا تعلقات مزید مستحکم ہوں گے، نیٹلی بیکر

دونوں ممالک کی گہری سیکیورٹی شراکت داری ہے، امریکی ناظم الامور کی گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں تعینات امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کے دور میں پاک امریکا تعلقات مزید مستحکم ہوں۔۔۔۔۔۔

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

وسائل کی کمی امن کے قیام میں رکاوٹ نہیں بننے دینگے، سہیل آفریدی

صوبائی حکومت سنجیدگی سے امن و امان کے قیام پر کام کر رہی ہے، وزیراعلیٰ کے پی

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وسائل کی کمی کو صوبے میں امن کے قیام میں رکاوٹ نہیں بننے دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ۔۔۔۔۔۔

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی کابینہ کا اجلاس آج ہوگا، قومی نوعیت کے اہم فیصلے متوقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کا اجلاس آج (بدھ کو) طلب کرلیا ہے، اجلاس میں۔۔۔۔۔۔

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی یونیورسٹی نے جسٹس طارق جہانگیری کی ڈگری جعلی قرار دے دی

ڈگری تنازع کیس میں ایچ ای سی رپورٹ و جامعہ کراچی کے جواب میں اہم انکشافات

یونیورسٹی کے جواب میں جسٹس جہانگیری کی ڈگری منسوخ کرنے کی وجوہات کا ذکر بھی موجود

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کراچی یونیورسٹی نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ڈگری کو جعلی قرار دیا ہے۔ جامعہ کے ناظم امتحانات نے بتایا کہ ڈگری اور مارک شیٹ میں نہ صرف انرولمنٹ نمبر بلکہ دیگر دستاویزات میں بھی جعلسازی کی گئی تھی۔ جسٹس طارق محمود۔۔۔۔۔۔

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

چمن کلی لقمان سے 6 اینٹی ٹینک بارودی سرنگیں برآمد کر لی گئیں

سی ٹی ڈی کے بروقت اقدام سے دہشتگردی کا منصوبہ ناکام، بارودی سرنگیں بڑے پیمانے پر تباہی کیلئے بچھائی گئی تھیں

بم ڈسپوزل اسکواڈ کے عملے نے بارودی سرنگوں کو قبضے میں لے کر سرحدی علاقے روغانی ایریا میں دھماکے سے تباہ کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کے عملے نے دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے چمن کے علاقے کلی لقمان میں کارروائی کرتے ہوئے 6 اینٹی ٹینک بارودی سرنگیں برآمد کر۔۔۔۔۔۔

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

محسن نقوی کی برطانوی وزیر سے ملاقات، مجرموں کی حوالگی پر گفتگو

ملاقات کے دوران پاک برطانیہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ

لندن (م ڈ) وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی نے برطانوی وزیر مملکت برائے داخلہ ایلکس نورس سے۔۔۔ مجرموں کی حوالگی پر گفتگو کی ہے۔ لندن میں محسن نقوی نے۔۔۔۔۔۔

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان سے کسی کی ملاقات کا ایک فیصد بھی امکان نہیں: عطاء تارڑ

صوبائی حکومت امن و امان، انسداد دہشتگردی میں ناکام اور گورننس ایشوز ہوں تو گورنر راج کا آپشن موجود ہوتا ہے

حکومت ڈی ریگولیشن کی طرف جا رہی ہے، وزیراعظم نے چینی کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرایا

ملک کے ڈیفالٹ ہونے کی شرطیں لگتی تھیں لیکن اب ہم استحکام سے ترقی کی طرف جارہے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ قانون کی خلاف ورزی کے بعد کسی کا عمران خان سے ملاقات کا ایک فیصد بھی امکان نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں عطا تارڑ نے کہا کہ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے سروے میں 66 فیصد لوگوں نے کہا کہ کسی کام کیلئے رشوت نہیں دی، ملک میں شفافیت اور میرٹ کو ترجیح دی گئی ہے، ملک کے ڈیفالٹ ہونے کی شرطیں لگتی تھیں لیکن اب ہم استحکام سے ترقی۔۔۔۔۔۔

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

عدالتی احکامات کے باوجود ملاقات نہ ہو تو ہم کیا کریں، سلمان راجا

بانی پی ٹی آئی کے سرکاری ڈاکٹروں سے چیک اپ و میڈیکل رپورٹس کو نہیں مانتے

احتجاج کا فیصلہ محمود اچکزئی، علامہ ناصر عباس کریں گے، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی

راولپنڈی (این این آئی) سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ سرکاری ڈاکٹروں سے میڈیکل چیک اپ اور رپورٹ کو مسترد کرتے ہیں، پہلے بھی عجیب قسم کی سرکاری رپورٹس دی گئی تھیں۔ اڈیالہ جیل کے قریب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ہم ہر طرح احتجاج کی کوشش۔۔۔۔۔۔

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کیخلاف جنگ کے دوران سب ایک تھے، بیرسٹر علی ظفر

آئین و قانون کے مطابق جنگ جاری رہیگی، اس میں رعایت نہیں ہوگی، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے مرکزی رہنما بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ مسائل کے حل کے لئے کوئی نہ کوئی راستہ تلاش کرنا ہوگا، بھارت۔۔۔۔۔۔

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور: ایف سی کی کارروائی، بھاری مقدار میں منشیات برآمد

دو ملزمان گرفتار، منشیات میں 570 کلو افیون اور 491 کلو کوکین پاؤڈر شامل

پنجگور (یو این اے) ایف سی بلوچستان ساؤتھ نے پنجگور کے علاقے سوردو میں منشیات کے خلاف ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 570 کلو افیون اور 491 کلو۔۔۔۔۔۔

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری جنرل قومی اسمبلی طاہر حسین عہدے سے مستعفی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سیکرٹری جنرل قومی اسمبلی طاہر حسین اپنے عہدے سے مستعفی ہوگئے، ذرائع کے مطابق۔۔۔۔۔۔

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ نے پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ کو ملک بدر کر دیا

حالیہ قانونی مقدمات کو ویزا ایپلیکیشن میں ظاہر نہ کرنے پر ویزا منسوخ

لندن / اسلام آباد (بیورو رپورٹ) برطانیہ نے پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ کو ملک بدر کر دیا، پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ کو برطانیہ سے ڈی پورٹ کر دیا گیا۔۔۔۔۔۔

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

موسیٰ خیل: چوری کے الزام میں 8 افراد کو انگاروں پر چلا دیا

دہکتے انگاروں پر چلنے کے باوجود کوئی زخمی نہیں ہوا، غیر قانونی جرگے کے انعقاد کا نوٹس لیکر 1 شخص کو گرفتار کرلیا، ڈی سی

باقی افراد کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں، صبح تک گرفتار کرلینگے، قانون سے بالاتر کوئی بھی نہیں، رزاق خجک

کوئٹہ (آن لائن + این این آئی) موسیٰ خیل کے علاقے کوٹ خان محمد میں ایک افسوسناک اور حیران کن واقعہ پیش آیا ہے جہاں دکان میں چوری کے شک پر مقامی جرگے کی رسم کے نام پر 8 افراد کو انگاروں پر چلایا گیا۔۔۔ جرگے کے بعد مشتبہ افراد کو سزا کے طور پر انگاروں پر چلا یا گیا۔۔۔ ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل رزاق خجک نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامیہ کو ایسے واقعے کی اطلاع موصول۔۔۔۔۔۔

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، چیئرمین پی پی بلاول بھٹو ایف پی سی سی آئی میں صنعت کاروں اور تاجروں سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب اسمبلی: عمران خان اور تحریک انصاف پر پابندی کی قرارداد منظور

پاکستان کی حفاظت کرنے والے اداروں نے بھارت جیسے پانچ گنا بڑے دشمن ملک کو پچھاڑ کر رکھ دیا

ملک میں انتشار پھیلانے والوں، دشمن ملک کی آلہ کار پارٹی اور اس کے لیڈر پر پابندی لگائی جائے، قرارداد کا متن

ایوان نے مجموعی طور پر پانچ قراردادیں منظور کیں، چھ مسودات قوانین کی منظوری، پانچ متعارف کرائے گئے

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب اسمبلی کے ایوان نے تحریک انصاف اور بانی تحریک انصاف پر پابندی اور 27ویں ترمیم کے حق میں قرارداد سمیت مفاد عامہ سے متعلقہ۔۔۔۔۔۔

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

اقتصادی رابطہ کمیٹی نے شہریوں پر اضافی بوجھ ڈالنے کی منظوری دیدی

پیٹرولیم کی قیمتوں میں فی لیٹر 2 روپے 56 پیسے تک اضافی بوجھ پڑے گا

ایک روپے 28 پیسے فی لیٹر کا اضافی بوجھ فوری طور پر منتقل ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اقتصادی رابطہ کمیٹی نے شہریوں پر اضافی بوجھ ڈالنے کی منظوری دیدی۔ او ایم سی مارجن 1.22 روپے تک بڑھ جائے گا۔۔۔۔۔۔

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر وردہ کو اغوا کے ایک گھنٹے بعد ہی قتل کر دیا گیا تھا، پولیس کا انکشاف

4 دسمبر کو ہسپتال کے باہر سے اغوا کیا گیا تھا، 9 دن بعد لاش بنگلے کے مقام سے ملی

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) ڈی ایچ کیو ہسپتال سے اغوا کے بعد قتل کی جانے والی ڈاکٹر وردہ کے قتل کیس میں اہم۔۔۔۔۔۔

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی سمیت ملک بھر کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی مہنگی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی سمیت ملک بھر کے لیے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مہنگی کر دی گئی۔ میڈیا رپورٹ۔۔۔۔۔۔

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

خورشید شاہ نے پی ٹی آئی کو حکومت بنانے کی پیشکش کی تھی، مصدق ملک

پی ٹی آئی والوں کو فون کرکے کہا تھا کہ ہم آپ کو ووٹ دیتے ہیں آپ حکومت بنالیں، وفاقی وزیر

پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کی ندیم افضل چن کے ذریعے دی گئی پیش کو بھی ٹھکرا دیا تھا، گفتگو

اسلام آباد (م ڈ) وفاقی وزیر مصدق ملک نے دعویٰ کیا ہے کہ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما خورشید شاہ نے پی ٹی آئی کو فون کرکے کہا تھا کہ ہم آپ کو ووٹ دیتے ہیں آپ حکومت بنالیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا کہ خورشید شاہ نے پی ٹی۔۔۔۔۔۔

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ریلوے نے یومیہ آمدن کا 30 سالہ ریکارڈ توڑ دیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے دعویٰ کیا ہے کہ محکمہ ریلوے نے روزانہ کی آمدن میں پچھلے 30 سال کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ جاری ویڈیو۔۔۔۔۔۔

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

عوام جعلی آن لائن ٹریڈنگ پلیٹ فارمز سے محتاط رہیں، ایس ای سی پی

یقینی منافع کے دعوے دھوکہ ہیں، جعلی ایپس فرضی بیلنس دکھا کر عوام کو پھنساتی ہیں، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے عوام کو جعلی اور غیر لائسنس یافتہ آن لائن ٹریڈنگ پلیٹ فارمز سے دور رہنے کی ہدایت کردی۔ جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یقینی منافع اور بغیر رسک کے دعوے دھوکہ ہیں۔۔۔۔۔۔

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

شدید دھند، موٹروے کے دو سیکشنز ٹریفک کیلئے بند

لاہور (بیورو رپورٹ) ملتان شیر شاہ انٹرچینج سے ظاہر پیر تک موٹروے ایم 5 اور ایم 10 پر شدید دھند کے باعث ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کردیا گیا۔ ترجمان موٹروے کے مطابق۔۔۔۔۔۔

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم ممالک کے اعتراض پر ٹونی بلیئر کو غزہ امن کونسل سے ہٹا دیا گیا

سابق برطانوی وزیراعظم اب اس کونسل کی رکنیت کے لیے زیرِ غور نہیں، تجویز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دی تھی

گزشتہ ہفتے اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے سابق وزیراعظم بلیئر کے ساتھ ایک خفیہ ملاقات کی تھی، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عرب اور دیگر مسلم ممالک نے سابق برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر کے کردار پر اعتراض کیا، جس کے نتیجے میں انہیں غزہ کے انتظام کے لیے تجویز کردہ امن کونسل سے ہٹادیا گیا ہے، اب متوقع ہے کہ وہ اس کے بجائے ایک چھوٹی ایگزیکٹیو۔۔۔۔۔۔

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی اینٹی پاکستان بیانیے سے لاتعلقی کا اظہار کرے، خواجہ آصف

پاکستان کے خلاف سازشیں کر کے بھارت اور افغانستان کو خوش کیا جا رہا ہے، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے اینٹی پاکستان بیانیے سے لاتعلقی کا اظہار کریں، یہ پاکستان کے خلاف ایک سازش ہے، اس سے بھارت اور افغانستان کو خوش کیا جارہا ہے۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف۔۔۔۔۔۔

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

جعفر آباد، ڈی سی خالد خان کی سربراہی میں انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

جدید دور میں تعلیم کے ساتھ تربیت بھی ناگزیر ہے، زاہد احمد لانگو

دی ایجوکیٹر ہزارہ ٹاؤن کیمپس معیاری تعلیم کی فراہمی کی ذمہ داری بخوبی نبھا رہا ہے، لیاقت ہزارہ

[illegible] خصوصی ڈپٹی سیکرٹری کالجز و ہائیر ٹیکنیکل ایجوکیشن زاہد احمد لانگو، ایس ایس پی آصف فراز مستوئی، ڈائریکٹر دی ایجوکیٹر کیمپس لیاقت ہزارہ، معروف محمد نواز چندرانی، آغا رؤف سجادی، روزینہ خلجی سمیت دیگر معزز مقررین شامل تھے۔ مقررین نے اپنے خطابات میں دی ایجوکیٹر ہزارہ ٹاؤن کیمپس کی تعلیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم ہی روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے [illegible] شیلڈز بھی پیش کی گئیں، جبکہ والدین نے ادارے کی تعلیمی کاوشوں کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر مہمانان خصوصی نے کامیاب طلباء اور اساتذہ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرام بچوں کی حوصلہ افزائی اور تعلیمی بہتری میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تقریب خوشگوار ماحول میں دعائیہ کلمات کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک قبائلی رہنما میر ظفر شاہوانی کی عیادت کر رہے ہیں

ملک شاداللہ کاکڑ کے اغواء میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کیا جائے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) عیسیٰ خیل قومی جرگہ کی جانب سے گزشتہ روز زیارت کراس کے قریب ختائی بابا کے معزز قبائلی رہنما، ملک شاد اللہ کاکڑ کو گاڑی سمیت اغواء کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ روز قبائلی رہنما، ملک شاد اللہ کاکڑ کا اغواء اور بعد میں بازیابی خوش آئند اقدام ہے لیکن ان کے اغواء میں جو بھی شخص یا عناصر ملوث ہے ان کے خلاف حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کارروائی کریں کیونکہ بوستان سے خانوزئی اور زیارت کراس تک گاڑیاں چھیننے اور چوری ڈکیتی کی وارداتیں روز کا معمول بن چکی ہے اس کا تدارک کیا جائے اور ان وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کر کے انہیں قانون کے شکنجے میں جکڑا جائے تاکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

حاجی میر گل مزدور تحریک کے ایک اہم ستون تھے، عبدالستار

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن بلوچستان کے ایک وفد نے پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر حاجی میر گل کی وفات پر شاہرگ میں واقع رہائش گاہ جا کر ان کے بیٹے بصیر احمد سمیت دیگر فیملی ممبران سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وفد میں پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے چیئرمین عبدالستار، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالحلیم خان مجمد اکبر اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن بلوچستان کے صدر شاہ علی بگٹی شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے حاجی میر گل کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی فیملی سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حاجی میر گل مرحوم کی مغفرت کرے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں اور ان کے پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و تحمل سے برداشت کرنے کی توفیق دے، آمین۔ پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے چیئرمین عبدالستار نے کہا کہ حاجی میر گل مزدور تحریک کا ایک اہم ستون تھے، جو تمام عمر مزدور طبقے کے حقوق کی جدوجہد کرتے رہے، ان کا اس دار فانی سے کوچ کر جانا مزدور تحریک کیلئے ایک بہت بڑا نقصان ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن بلوچستان کے صدر شاہ علی بگٹی نے کہا کہ حاجی میر گل مرحوم انتہائی مخلص، ملنسار اور محبت کرنے والے شخص تھے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

جسٹس کامران خان ملاخیل انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں گے، لالہ یوسف خلجی

ان کا چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ بننا صوبے کیلئے کسی اعزاز سے کم نہیں ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل کو اپنے عہدے کا حلف اٹھانے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئے چیف جسٹس عوام کو سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ جسٹس کامران خان ملاخیل کا شمار بلوچستان کے سینئر ترین ججوں میں ہوتا ہے جنہوں نے ہمیشہ عوام کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے ان کا چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ بننا صوبے کیلئے کسی اعزاز سے کم نہیں ہے۔ انہوں نے نئے چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل کو اپنے عہدے کا حلف اٹھانے پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ نئے چیف جسٹس جسٹس کامران خان ملاخیل کی سربراہی میں بلوچستان ہائیکورٹ قانون کی بالادستی اور عوام کو سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ قیدیوں کی اپیلیں میرٹ پر سنیں گے اور انہیں فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔

ملک ذر محمد خان ترین کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، پیر امین اللہ

مرحوم اعلیٰ کردار کے حامل، معاملہ فہم اور صلح جو شخصیت تھے، خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) ترین قبیلے کے سربراہ، ممتاز قبائلی و سماجی شخصیت اور سابق رسالدار میجر ملک ذر محمد خان ترین عرف بڈو رسالدار گزشتہ روز انتقال فرما گئے۔ مرحوم کو ان کے آبائی گاؤں کلی اسلکزئی میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کے نماز جنازہ کے بڑے اجتماع سے خانقاہ شریف کلی کانگوزئی کے جانشین پیر امین اللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک ذر محمد خان ترین کی قومی، سماجی اور قبائلی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ وہ اعلیٰ کردار کے حامل، معاملہ فہم اور صلح جو شخصیت تھے، جنہوں نے اپنی ملازمت کے دوران عوام کے جان و مال اور عزت و ناموس کے تحفظ کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم ضلع پشین سمیت ملحقہ تمام اضلاع میں ایک مقبول عوامی اور قبائلی شخصیت کی حیثیت رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی عوامی خدمت کے لیے وقف رکھی، مظلوموں کا ساتھ دیا، غریبوں کے لیے سہارا بنے اور ہر فرد سے محبت کا رشتہ قائم رکھا۔ ان کی وفات سے پشین اور اردگرد کے علاقوں میں ایک بڑا خلا پیدا ہوا ہے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے کلی اسلکزئی میں فاتحہ خوانی جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی جانب سے جاری کردہ بیان میں مرحوم رسالدار میجر ملک ذر محمد خان ترین عرف بڈو رسالدار کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی گئی کہ وہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے، اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ پارٹی بیان میں کہا گیا کہ مرحوم نے ملازمت کے دور سے لے کر وفات تک اپنی انتھک محنت، عوام دوستی، بردباری، محبت، اعلیٰ اقدار اور بہترین تعلقات کے ذریعے قبائلی و سماجی میدان میں جو خدمات انجام دیں وہ قابل تحسین اور قابل تقلید ہیں۔ مرحوم ملک فضل محمد ترین، پروفیسر راز محمد راز مرحوم، ملک نصیب اللہ ترین اور ملک سعد اللہ ترین کے بھائی جبکہ سابق رسالدار میجر علی محمد ترین اور امین اللہ ترین کے والد تھے۔ اسی طرح وہ ڈاکٹر محمد اقبال ترین اور حاجی اصغر علی ترین کے کزن تھے۔

کیسکو نے 132kv تمپ گرڈ اسٹیشن میں اضافی 20/26MVA پاور ٹرانسفارمر نصب کر دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی خصوصی ہدایت پر کیسکو نے 132KV تمپ گرڈ اسٹیشن میں توسیعی پروگرام کے تحت 20/26MVA کا ایک نیا اضافی پاور ٹرانسفارمر نصب کر کے اسے باقاعدہ طور پر انرجائز بھی کر دیا گیا ہے۔ تمپ گرڈ اسٹیشن سے منسلک تمام علاقوں کے صارفین کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ منصوبہ مختصر مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچا دیا ہے جسے گزشتہ روز آپریشنل کر کے اس نئے پاور ٹرانسفارمر سے 11kv کے 2 فیڈرز بھی منسلک کر دیا گیا ہے۔ کیسکو کے شعبہ گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) نے یہ منصوبہ فیڈرل پی ایس ڈی پی کے تحت مکمل کرلیا ہے جس پر تقریباً 132 ملین روپے تخمینہ لاگت آئی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل تمپ گرڈ اسٹیشن میں صرف 10/13MVA کا ایک پاور ٹرانسفارمر نصب تھا جو کہ اوور لوڈ تھا جس کے باعث صارفین کو وولٹیج میں کمی و بیشی جیسے صورتحال کا سامنا درپیش رہتا تھا۔ تاہم اب ایک نئے اضافی 20/26MVA پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب کے بعد 132kv تمپ گرڈ اسٹیشن سے منسلک علاقوں کے تمام صارفین کو مستحکم وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے گی۔

ایکسپورٹرز کیلئے بانڈڈ بیریئر کا خاتمہ کیا جائے، تاج محمد بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) فلیگرز کسٹم بلوچستان داود پیرزادہ سے منگل کو کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے سینئر نائب صدر تاج محمد خان بڑیچ اور پاک ایران مشترکہ چیمبر آف کامرس کے سینئر نائب صدر رحیم الرحمن تورزئی اور دیگر نے ملاقات کی۔ ملاقات میں تاجر برادری کو درپیش فوری نوعیت کے مسائل اجاگر کیے گئے، خصوصاً تازہ پھلوں اور سبزیوں کی وہ کھیپ جو این ایل سی کی جانب سے اصل جی ڈی پر کلیئر ہو چکی ہوتی ہیں انہیں مختلف کسٹمز چیک پوسٹوں پر روک لیا جاتا ہے، جس سے سامان کو نقصان پہنچتا ہے۔ نمائندوں نے مطالبہ کیا کہ ایکسپورٹرز پر اضافی بوجھ ڈالنے والے بانڈڈ بیریئر کا خاتمہ کیا جائے جبکہ تفتان بارڈر پر تازہ پھلوں اور سبزیوں کو گرین چینل کی سہولت فراہم کی جائے اس کے علاوہ تفتان، میرجاوہ سرحد کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے اور خراب ہونے والی اشیا کے لیے علیحدہ راستہ قائم کرنے کی بھی درخواست کی گئی تاکہ فوری کلیئرنس ممکن ہو۔

ایک روحانی مسافر کی یادیں

تحریر: مولانا سید سمیع اللہ آغا

[illegible] دیتے تو سینے کھل جاتے، ذکر کرتے تو دل بیدار ہو جاتے، اور نصیحت فرماتے تو نفس کی گرد چھٹ جاتی تھی۔ طریقت و تصوف ان کے لہجے میں رچا بسا تھا—ان کے دل میں اللہ کا خوف بھی تھا اور اللہ کی محبت بھی۔ ان کی گفتگو میں حکمت تھی، ان کی خاموشی میں معرفت تھی، اور ان کی نگاہ میں وہ وقار [illegible]

چراغ تھم تا منارہ حق تھا
وہ سراپا جہاں میں روشنی بانٹ کر بہت دور جا سویا ہے۔ آج بھی ان کے جانے کے بعد ایسا لگتا ہے کہ ان کی دعاؤں کی خوشبو میرے راستوں کو منور کر رہی ہے۔ آخر میں دوستوں سے خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے میرے والد مرحوم کے لیے ایک فاتحہ اور دعا ضرور فرمائیں

کوئٹہ میں ٹریفک کی صورتحال اذیت ناک حد تک ابتر ہو چکی ہے، سید صادق آغا

اندرون شہر جگہ جگہ قائم حفاظتی ناکوں کے نام پر شہریوں کو بدترین عذاب میں مبتلا کر دیا گیا

متعلقہ ادارے صورت حال بہتر بنانے میں مکمل ناکام دکھائی دیتے ہیں، صوبائی رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کوئٹہ شہر میں بڑھتی ہوئی ٹریفک کی بدترین صورتحال اور اندرون شہر جگہ جگہ قائم کیے گئے حفاظتی ناکوں پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال شہریوں کے لیے شدید اذیت اور ذہنی دباؤ کا باعث بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی ناکوں کے نام پر شہریوں کو بدترین عذاب میں مبتلا کر دیا گیا ہے۔ اہم شاہراہوں، کاروباری مراکز اور رہائشی علاقوں میں لگائے گئے ناکوں نے معمول کی زندگی متاثر کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک جام کے باعث مریض، طلبہ، ملازمین اور عام شہری گھنٹوں سڑکوں پر خوار ہو رہے ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے صورت حال بہتر بنانے میں مکمل ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ سید صادق آغا نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ ایک جانب بے جا ناکے شہریوں کو ذہنی اور جسمانی اذیت میں مبتلا کر رہے ہیں، تو دوسری جانب ٹھیکیدار ایم پی ایز سڑکوں کی بار بار کھدائی اور ناقص منصوبہ بندی کے ذریعے ٹریفک کے عدم توازن کو مزید خراب کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "شہر کی ہر سڑک توڑ پھوڑ کا شکار ہے، بغیر منصوبہ بندی کے ترقیاتی کاموں کا آغاز شہریوں کے ساتھ ظلم کے مترادف ہے۔" پی ٹی آئی رہنما نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک انتظام کی فوری بحالی، حفاظتی ناکوں کی از سر نو ترتیب، اور ترقیاتی کاموں کے لیے باقاعدہ منصوبہ بندی ناگزیر ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ عوام کو درپیش مشکلات کو سنجیدگی سے لیا جائے اور ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے شہری زندگی معمول پر آ سکے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا دل ہے، اور اس شہر کی بہتری کے بغیر صوبے کی ترقی ممکن نہیں۔ شہریوں کو ریلیف دینا حکومت اور انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے، جسے مزید نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔

صوبائی حکومت بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کر رہی ہے، حنظلہ عماد

بلدیاتی انتخابات کو ملتوی کرانا جمہوری عمل کو کمزور کرنے کے مترادف ہے، ترجمان ایم ایس ایم

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حکومت بلوچستان نے صوبے میں بلدیاتی انتخابات ایک بار پھر ملتوی کرانے کے لیے عدالت میں درخواست دائر کر دی ہے، جس پر مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آیا ہے۔ مرکزی مسلم لیگ کے صوبائی ترجمان حنظلہ عماد نے حکومت کے اس اقدام کو عوام کے جمہوری حق سے انحراف قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت دانستہ طور پر بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کر رہی ہے، جو صوبے میں جمہوری عمل کو کمزور کرنے کے مترادف ہے۔ حنظلہ عماد نے کہا کہ کوئٹہ اور بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل صرف اسی وقت ممکن ہے جب بلدیاتی نمائندوں کو حقیقی اختیارات دیے جائیں۔ انہوں نے کہا: "اختیارات نچلی سطح پر منتقل کیے بغیر نہ شہر کے مسائل حل ہو سکتے ہیں اور نہ ہی عوام کو ریلیف مل سکتا ہے۔" ترجمان نے مزید کہا کہ حکومت امن و امان کی بہتری کو یقینی بنائے، بجائے اس کے کہ بدامنی کو انتخابات کی تاخیر کا جواز بنایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام کو ان کے آئینی اور جمہوری حق سے محروم کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے، اور شہریوں کو اپنے نمائندے آزادانہ طور پر منتخب کرنے کا موقع ملنا چاہیے۔ حنظلہ عماد نے واضح کیا کہ مرکزی مسلم لیگ عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور ہر حال میں بروقت بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی حامی ہے۔ انہوں نے حکومت کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت عوامی مینڈیٹ، جمہوری اقدار اور آئینی تقاضوں کا احترام کرے اور بلدیاتی انتخابات کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی نہ کرے۔

ایڈووکیٹ خلیل پانیزئی، میر عطاء اللہ لانگو، قاری رحمت اللہ، اورنگزیب کاکڑ، ملک امین اللہ کاکڑ، نذیر بلوچ، اجمل خان کاکڑ، عبدالمجید دمڑ، اکرم شاہ، جمعہ خان مندوخیل، عصمت اچکزئی، زاہد مینگل، اسد لانگو، فرزانہ خلجی، اجمل لون، انڈیپنڈنٹ پینل کے رہنما ایڈووکیٹ کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ہزار گنجی کے عوام زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، مولانا محمد طاہر توحیدی

عوام 28 دسمبر کو کتاب پر مہر لگا کر جمعیت علماء اسلام کے نامزد امیدواروں کو کامیاب کرائیں

کوئٹہ (اے این این) کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کلی خزاں کے عوام زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں عوام 28 دسمبر کو کتاب پر مہر لگا کر جمعیت علماء اسلام کے نامزد امیدواروں کو کامیابی سے ہمکنار کریں۔ ان خیالات کا اظہار یونین کونسل شادیزئی 46 وارڈ نمبر 3 پر جمعیت کے نامزد امیدوار جمعیت علماء اسلام انجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی یونین کونسل شادیزئی 46 وارڈ نمبر 4 پر جمعیت کے نامزد امیدوار یونٹ کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جتک نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوام کی خدمت کو عبادت سمجھ کر رہی ہیں 28 دسمبر کو عوام کتاب پر مہر لگا کر جمعیت علماء اسلام کے نامزد امیدواروں کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلدیاتی انتخابات کے تیاریوں کے سلسلے میں کلی خزاں مولانا عبداللہ کی رہائش گاہ پر کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں جمعیت علماء اسلام کا مقابلہ علاقائی مسائل بجلی لوڈشیڈنگ گیس پریشر کی کمی اور بے روزگاری سے ہو گا جمعیت علماء اسلام کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کلی خزاں میں عوام کی بنیادی سہولیات کی عدم فقدان پر خاموش تماشائی نہیں بنے گی ایک سوچے سمجھے سازش کے تحت عوام کو مسائل کی طرف دھکیل جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ 14 دسمبر کو جمعیت علماء اسلام انجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مجلس عاملہ و مجلس شوریٰ کا اہم اجلاس بروز اتوار بوقت 2/30 بجے الجمعیت ہاؤس میں طلب کرلیا ہے جس بلدیاتی انتخابات کے ابھی تک ہونے والے تیاریوں پر غور خوض کیا جائے گا اور 4 بجے جمعیت علماء اسلام کے نامزد امیدواران ایک اہم پریس کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے

ایس ایس جی سی کمشنگی زون کے انچارج نے سیکرٹری لائیو سٹاک سے ملاقات کی

کوئٹہ (اے پی پی) ایس ایس جی سی کمشنگی زون کے انچارج حاجی نصیر لہڑی نے سیکرٹری لائیو سٹاک بلوچستان حاجی محمد طیب خان لہڑی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور صوبے میں بہتر سروس ڈیلیوری سے متعلق امور پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر حاجی نصیر لہڑی نے سیکرٹری لائیو سٹاک حاجی محمد طیب خان لہڑی کی تعاون اور رہنمائی پر اظہار تشکر کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اداروں کے مابین رابطوں کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔

صابر صابح پانیزئی کا نام فورتھ شیڈول میں شامل کرنا قابل مذمت ہے، زاہد اختر بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر صوبہ و صدر سیاسی کمیٹی جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر بلوچ نے ڈی سی پشین کی جانب سے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری و سابق ناظم اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان صابر صابح پانیزئی کا نام فورتھ شیڈول میں شامل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ فورتھ شیڈول کے ذریعے سے نوجوانوں کا استحصال بند کرے صابر صابح پانیزئی صوبائی ڈپٹی سیکرٹری امن عامہ کی خاطر تاثیر کر رہے تھے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان ڈی سی پشین کے رویے کے خلاف کارروائی کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ عوام کے جمہوری آواز، جمہوری مذاہمت دبانے کی غلطی کر رہے ہیں ظلم و جبر لاقانونیت و ناانصافی کے خلاف جماعت اسلامی کے قائدین ذمہ داران و کارکنان ہر جگہ بھرپور جدوجہد کر رہی ہے نااہل ظالم عوام کی تائید و حمایت سے محروم حکمرانوں و اسٹیبلشمنٹ کے مظالم لوٹ مار و درندگی کے خلاف جماعت اسلامی صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کی قیادت میں جمہوری مذاہمت جاری رکھے ہوئے ہیں فورتھ شیڈول جھوٹے ایف آئی آر، گرفتاری پابندی ہمارا راستہ نہیں روک سکتا

بی یو جے کے سابق جنرل سیکرٹری کے والد کی فاتحہ خوانی آج پریس کلب میں ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) بی یو جے کے سابق جنرل سیکرٹری، 24 نیوز کے کیمرہ مین فتح شاکر اور سما ٹی وی کے کیمرہ مین عبدالوحید عمرانی کے والد کی فاتحہ خوانی آج بروز بدھ 10 دسمبر کو پریس کلب میں ادا کی جائے گی۔ پریس کلب انتظامیہ کے مطابق فاتحہ خوانی دوپہر 2 بجے سے 4 بجے تک جاری رہے گی، جس میں صحافی برادری اور دیگر معززین شریک ہوں گے۔

حاجی محمد یونس کی وفات پر فاتحہ خوانی جاری ہے

کوئٹہ (پ ر) رئیس الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر خلیل احمد روشن اپنے والد حاجی محمد یونس کی وفات کے بعد کوئٹہ پہنچ چکے ہیں۔ ابو عبیدہ ہال احمد اسلام یونیورسٹی ایئرپورٹ روڈ پر فاتحہ خوانی دو روز کیلئے جاری ہے۔ آج بدھ کو فاتحہ خوانی کا آخری روز ہوگا۔

سابق رسالدار میجر حاجی ملک ذر محمد خان ترین انتقال کر گئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ملک محب اللہ ترین (پروڈیوسر، پاکستان ٹیلی ویژن کرنٹ افیئرز) کے بڑے چچا، سابق رسالدار میجر حاجی ملک ذر محمد خان ترین (عرف بڈو رسالدار) انتقال کر گئے

ہیں۔ فاتحہ خوانی کل بدھ سے مین پشین بازار خاکسار مسجد میں جاری رہے گی۔

کلی عمر، کلی طور خان اور شاکر کالونی میں صفائی مہم چلائی جائے، زوہیب کاکڑ

گلیوں میں جا بجا کچروں کے ڈھیر لگے ہیں، پیدل چلنے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

صفا کوئٹہ کی متعلقہ ٹیم کو بار بار درخواست پیش کی ہے جسے در خور اعتنا نہیں سمجھا گیا، نوٹس لیا جائے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سماجی کارکن زوہیب خان کاکڑ نے کہا کہ کلی عمر خان کلی طور خان شاکر کالونی قبرستان سمیت گٹروں کے تمام پوائنٹس پر پیدل گزرنے کا راستہ نہیں نمازیوں کو عذاب میں مبتلا کر رکھا ہے اور مختلف بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے کمشنر کوئٹہ سے گزارش ہے کہ ہمارے علاقے میں صفائی مہم چلائی جائے تاکہ علاقہ مکینوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو۔ انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ صفا کوئٹہ کا پروجیکٹ صرف نام تک محدود ہے ایریا سپروائزر من پسند افراد کے خدمت میں پیش پیش ہوتے ہیں اور بااثر شخصیات کے کہنے پر ہمارے درخواست کو نظر انداز کر رہے ہیں سماجی کارکن زوہیب خان کاکڑ نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ صفا کوئٹہ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر سمیت تمام ذمہ داران کو بذریعہ درخواست اور میسج آگاہ کر چکے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے آج کل کا سہارا لیا جا رہا ہے کئی ہفتے پہلے متعلقہ مسئلے سے آگاہ کر چکے ہیں مگر عملی کام نہیں ہوا ایریا سپروائزر لوڈر خراب ہونے کا بہانہ کر رہا ہے۔

جاپان کے اعزازی قونصل جنرل ندیم شاہ سابق سپیکر بلوچستان اسمبلی اسلم بھوتانی سے ملاقات کر رہے ہیں

جامعہ بلوچستان میں جدید جیوفزیکل تکنیکس کی تربیتی ورکشاپ کا آغاز

تربیت سے آفیسران کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں نمایاں بہتری آئے گی، وائس چانسلر

جامعہ بلوچستان کا شعبہ جیوفزکس سائنسی تحقیق اور عملی تربیت کے میدان میں متحرک ہے

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ بلوچستان کے شعبہ جیوفزکس میں مائنز اینڈ منرلز ڈپارٹمنٹ کے آفیسران کے لیے جیوفزیکل آلات کے عملی استعمال سے متعلق ایک ہفتہ تربیتی ورکشاپ کا باقاعدہ آغاز ہو گیا۔ افتتاحی سیشن کے مہمان خصوصی وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی تھے۔ انہوں نے شرکا کو خوش آمدید کہا اور ورکشاپ کے انعقاد کو تعلیمی و صنعتی شعبوں کے مابین تعاون کا مثبت قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جدید جیوفزیکل تکنیکیں، ماحولیاتی تحقیق اور قدرتی وسائل کے پائیدار استعمال میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، اور اس نوعیت کی تربیت سے افسران کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ شعبہ جیوفزکس سائنسی تحقیق اور عملی تربیت کے میدان میں متحرک ہے اور ایسے پروگرام صوبے کی ترقی میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ اس موقع پر چیئرمین شعبہ جیوفزکس ڈاکٹر محب اللہ، ڈین فیکلٹی ڈاکٹر محمد ایوب، اور ڈی جی ایڈمن گل محمد کاکڑ نے بھی شرکت کی اور ورکشاپ کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ ورکشاپ میں افسران کو جدید جیوفزیکل آلات، فیلڈ ڈیٹا کلیکشن، سیسمک تکنیکس، الیکٹریکل ریزسٹیوٹی سرویز اور معدنی تحقیق میں ان کے استعمال سے متعلق عملی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ تربیت دینے والوں میں ماہرین ڈاکٹر کامل خان اور ڈاکٹر بلال احمد شامل ہیں۔

کوئٹہ، امام بارگاہ ناصر العزاء کے مجلس عاملہ کا اجلاس ہو رہا ہے

حکومت طلباء کو اسکالرشپس پر جاپان بھجوانے کیلئے اقدامات کرے، اسلم بھوتانی

جاپان گورنمنٹ دیگر ممالک کی طرح پاکستانی طلبا کو بھی اسکالرشپس فراہم کرتی ہے، ندیم شاہ

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ، بلوچستان ندیم شاہ نے سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی اسلم بھوتانی سے ملاقات کی۔ اس دوران پاکستان کی نوجوان نسل کیلئے جاپان میں روزگار کے مواقع اور جدید تعلیم حاصل کرنے سمیت باہمی امور پر گفتگو ہوئی۔ سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی اسلم بھوتانی نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے مابین جدید خطوط پر استوار تعلقات تحقیقی اور تکنیکی میدانوں میں جدت پسندی سے مزید گہرے ہو سکتے ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ اس دوستی سے دونوں ممالک کی عوام مکمل مستفید ہوں، پاکستان کے نوجوان باصلاحیت اور تخلیقی ذہن کے مالک ہیں لہٰذا وفاقی و صوبائی حکومتیں پاکستانی نوجوانوں کو جاپانی تعلیمی اداروں اور لیبر مارکیٹ کا حصہ بنانے کیلئے عملی اقدامات کریں، اسکالرشپس، زبان سیکھنے کے پروگرامز، اور ویزا رہنمائی جیسی سہولیات فراہم کر کے نوجوان نسل کو ایک محفوظ، باوقار اور روشن مستقبل کی طرف گامزن کیا جائے۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل ندیم شاہ نے کہا کہ جاپان گورنمنٹ دیگر ممالک کی طرح پاکستانی طلبا کو بھی اسکالرشپس فراہم کرتی ہے، جاپانی زبان پر عبور حاصل کرنے والے طلبا کو جاپان میں بہتر انٹرن شپ، جز وقتی ملازمتیں اور بعد از تعلیم نوکریوں کے مواقع بھی با آسانی حاصل ہو سکتے ہیں ندیم شاہ نے کہا کہ تعلیم کیلئے جاپان جانے والے اکثر طلبا جاپانی زبان سیکھے بغیر صرف انگریزی میڈیم یونیورسٹیوں میں داخلہ لیتے ہیں، حالانکہ انہیں چاہیے کہ وہ جاپانی زبان سیکھ کر جائیں۔

ملک میں تعلیمی بہتری کیلئے پالیسی اصلاحات کی جائیں، شیخ محمد اکرم

پاکستان الائنس آف پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز کے مطالبات تسلیم کیے جائیں

بلوچستان سمیت ملک بھر میں پرائیویٹ اسکولز تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ملک بھر میں نجی تعلیمی اداروں کی نمائندہ تنظیم پاکستان الائنس آف پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز (پیپا) کے رہنماؤں شیخ محمد اکرم، عقیل رزاق، ملک خالد محمود، جاوید نور، مرزا سید طارق شاہ، جمیل نجم، انور علی بھٹی، محمد نواز چندرانی، لیاقت علی ہزارہ، ملک عمران، خواجہ عبد الحنان، اکرام الدین، چوہدری محمد اقبال، محمد آصف و دیگر نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں تعلیم کی بہتری اور اڑھائی کروڑ آؤٹ آف سکول بچوں کو تعلیمی دھارے میں واپس لانے کے لیے فوری طور پر پالیسی سطح پر اصلاحات کی جائیں اور پاکستان الائنس آف پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز (پیپا) کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو یہاں پرائیویٹ اسکولوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں پرائیویٹ اسکولز تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں ان پرائیویٹ اداروں کے جائز مسائل حل کرنے کیلئے حکومت فوری طور پر اقدامات کرے تاکہ وہ مزید بہتر طریقے سے بچوں کو تعلیم دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان، خصوصاً صوبہ بلوچستان میں نجی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن کا طریقہ کار سادہ اور آسان بنایا جائے، پاکستان کے دیگر صوبوں کی طرح آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی ڈویژنل سطح پر مزید دو نئے تعلیمی بورڈز قائم کیے جائیں تاکہ انتظامی امور میں آسانی ہو۔ پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں انتظامیہ کی روزمرہ کے امور میں حکومتی مداخلت کو مکمل طور پر بند کیا جائے۔

بدعنوانی کا خاتمہ مشترکہ جدوجہد سے ہی ممکن ہے، قاری عبدالرشید

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرس البنات بلوچستان وممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی کے خاتمے میں کوئی مخصوص ادارہ مکمل کردار ادا نہیں کر سکتا بلکہ یہ کام تمام لوگوں کی مشترکہ جدوجہد سے ہی ممکن ہے۔ اور پھر اس میں اہم کردار علما کرام محراب و ممبر سے ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حدیث کی روشنی میں بدعنوانی کے خاتمے میں تین طبقات کی ذمہ داری بتائی گئی ہے۔ حکمرانوں کی ذمہ داری علما کرام کی ذمہ داری اور عوام کی ذمہ داری۔ علما کرام عوام کو بتائیں کہ بدعنوانی ایک ناسور ہے اور مال حرام کسی بھی شکل میں ہو۔ وہ دنیا اور آخرت میں تباہی کا ذریعہ ہے۔ اور بدعنوانی کی وجہ سے اولاد نافرمان ہو جاتی ہے اور انسان مصائب اور پریشانیوں سے دوچار ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی کرنے والے تھوڑے لوگ ہوتے ہیں لیکن پورا ملک اور معاشرہ جہنم بن جاتا ہے۔ علما کرام عوام کو بتائیں کہ معاشرہ میں عزت صاحب کردار لوگوں کی ہے اور عوام ان کے نقش قدم پر چلیں اور عزت ہے سچ بولنے والوں کی عزت ہے حلال کھانے والوں کی۔ نہ کہ عزت ہے پیسوں والوں کی۔ نہ کہ ڈنڈے والوں کی نہ کہ بڑی گاڑی والوں کی نہ ظلم اور ناانصافی کرنے والوں کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی بدعنوانی کا مرتکب ہوتا ہے تو اسلام نے ان کے لئے احتساب کا عمل رکھا ہے اور بدعنوانی کی سزا بھی مقرر کی ہے۔ تاکہ معاشرہ بدعنوانی کے ناسور سے بچ جائے۔

مولانا عبدالواسع کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جے یو آئی مولانا عبدالواسع کا پیر طریقت خانقاہ درویش آباد بلیلی کوئٹہ کے سید آغا جان آغا صاحب کے انتقال پر اظہار افسوس۔ آغا صاحب کی رحلت پر دلی رنج و غم ہوا، آغا صاحب کی وفات سے ایک دینی و روحانی خلا پیدا ہو گیا ہے، آغا صاحب کی دینی و روحانی خدمات ناقابل فراموش ہیں، آغا صاحب کی وفات سے صوبہ ایک عظیم روحانی شخصیت سے محروم ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ تمام متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

فرید خان انتقال پر علاقے کی فضا سوگوار رہی

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) ممتاز قبائلی شخصیت حاجی محمد عیسیٰ عبدالرحمن زئی کے نوجوان سالہ بیٹے نصر اللہ کاکڑ فیض اللہ حمید اللہ کاکڑ اور ڈاکٹر ظہور کا بھتیجے۔ جہانزیب اسسٹنٹ بی۔ ڈی۔ اے اور نگزیب اکاؤنٹنٹ بی۔ ڈی۔ اے کا بھائی فرید خان انتقال پر علاقے کی فضا سوگوار رہی۔ مرحوم کے وفات پر فاتحہ خوانی کا سلسلہ حاجی محمد عیسیٰ کاکڑ کے رہائش گاہ عبدالرحمن زئی گلستان پر جاری ہیں قبائلی رہنما، فضل محمد جاجک اچکزئی نے عبدالرحمان زئی جا کر حاجی حاجی محمد عیسیٰ عبدالرحمان زئی سے انکے جوان بیٹے کے علمناک موت پر فاتحہ خوانی کی۔ اس افسوسناک خبر کے بعد مختلف قبائلی، سیاسی اور سماجی شخصیات سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی بڑی تعداد نے سوگوار خاندان کے گھر پہنچ کر فاتحہ خوانی کی۔ شرکائے تعزیت نے غمزدہ خاندان سے دلی ہمدردی اور گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب، بلندی درجات اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں بلند مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو اس صدمے کو برداشت کرنے کی ہمت دے۔ آمین۔

غیر ذمہ دارانہ رویہ ملک کو مزید بحرانوں کی طرف دھکیل رہا ہے، سید امان شاہ

موجودہ حالات میں پاکستان سیاسی انتشار، الزام تراشی اور عدم استحکام کا متحمل نہیں ہو سکتا

محاذ آرائی کا براہ راست اثر ملکی معیشت اور عوام کی زندگیوں پر پڑ رہا ہے، صوبائی کنونئیر اے پی پی

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی کنونئیر سید امان شاہ نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی محاذ آرائی، ایک دوسرے پر الزام تراشی اور غیر ذمہ دارانہ رویہ ملک کو مزید بحرانوں کی طرف دھکیل رہا ہے۔ مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پاکستان سیاسی انتشار اور عدم استحکام کا متحمل نہیں ہو سکتا، کیونکہ اس کا براہ راست اثر معیشت اور عوام کی زندگیوں پر پڑ رہا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ معاشی بحران شدید ہوتا جا رہا ہے، مہنگائی اور بے روزگاری نے غریب طبقے کو بے حد متاثر کیا ہے جبکہ عوام اپنے بنیادی حقوق کیلئے پریشان اور مایوس ہیں۔ انہوں نے سیاسی قیادت پر زور دیا کہ وہ ہوش کے ناخن لے، ذاتی اختلافات پس پشت ڈال کر قومی مفاد کو ترجیح دے اور ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل تیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی ہمیشہ عوامی مسائل کے حل، مہنگائی کے خاتمے، معاشی استحکام اور سیاسی ہم آہنگی کیلئے عملی جدوجہد کرتی آئی ہے اور مستقبل میں بھی اپنا کردار بھرپور انداز میں جاری رکھے گی۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ عوامی رابطہ مہم مزید تیز کریں، عوام کے مسائل کو اجاگر کریں اور انہیں یقین دلائیں کہ عوام پاکستان پارٹی ہر مشکل وقت میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔

سوڈان میں پاکستانی سفیر اور آل پاکستان مائنز اینڈ منرلز ایسوسی ایشن کے صدر میر بہروز ریکی بلوچ، بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے چیئرمین سید سلیم رضا ایڈووکیٹ کو شیلڈ دے رہے ہیں

امام بارگاہ ناصر العزاء کا سالانہ مجلس عاملہ کا اجلاس، نئی کابینہ منتخب

نئی کابینہ کی جانب سے انتظامات مزید بہتر چلانے کا عزم، پاکستان کی سلامتی و ترقی کیلئے دعا کی گئی

کوئٹہ (پ ر) امام بارگاہ ناصر العزاء کی انتظامیہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ امام بارگاہ ناصر العزاء کا جلسہ مجلس عاملہ 7 دسمبر 2025 کو ہوا جہاں سال نومبر 2024 تا اکتوبر 2025 کی سالانہ کارکردگی اور آڈٹ رپورٹ پیش کی گئی جسے متفقہ طور پر جلسہ مجلس عاملہ کے ارکان نے منظور کیا بعد ازیں امام بارگاہ ہذا کی نئی کابینہ کے انتخابات برائے سال اکتوبر 2025 تا نومبر 2027 کا انعقاد کیا گیا جہاں خوش اسلوبی سے انتخابات کا عمل مکمل کرتے ہوئے صدر، سینئر نائب صدر، نائب صدر، سیکرٹری جنرل، سیکرٹری فنانس، سیکرٹری اطلاعات و نشریات سمیت 8 ممبران مجلس منتظمہ کا انتخاب کیا گیا اس موقع پر نئی کابینہ نے اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد ووٹرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ امام بارگاہ ناصر العزاء کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے امام بارگاہ ہذا کی فلاح بہبود مجالس میلاد اور عزاداری کے انعقاد اور فروغ کیلئے اپنی خدمات جاری رکھنے کے ساتھ مذہبی ہم آہنگی کیلئے اپنا کردار جاری رکھیں گے۔

علمدار روڈ پر نادرا آفس قائم کیا جائے، ڈاکٹر محمد رمضان ہزارہ

علاقے کے عوام کو شناختی کارڈز کے حصول کیلئے دور جانا پڑتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ممبر سینٹرل کمیٹی ڈاکٹر محمد رمضان ہزارہ کی سربراہی میں ایک اہم ملاقات ہوئی وفد نے ڈی جی کو ہزارہ قوم کیساتھ نادرا آفس کے اسٹاف کے متعصبانہ رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ میگا سینٹر نادرا قانون کو فالو کرنے کی بجائے معمولی سی غلطی کرنے پر یو وی یعنی ویریفکیشن پر بھیج دیتی ہے اور اسکے بعد کلی گل محمد ایئرپورٹ روڈ کمیٹی کے نام پر مختلف مذکورہ شخص کو مختلف طریقوں کے ذریعے تنگ کرتا رہتا ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے وفد نے ڈی جی سے مطالبہ کیا کہ اتنی بڑی آبادی والے علاقے کے لئے اور بالخصوص علمدار روڈ میں نادرا آفس کا نہ ہونا بھی سمجھ سے بالاتر ہے علاقے کے غریب عوام شناختی کارڈز کے حصول کے لئے دور دراز علاقوں تک جاتے ہیں لیکن پھر بھی انکے ساتھ سوتیلی ماں جیسا رویہ اختیار کیا جاتا ہے۔ کم از کم علمدار روڈ اور اسکے گرد و نواح میں عوام کی سہولت کے لئے نادرا آفس کھولا جائے اسکے علاوہ کئی سالوں سے جو قانونی شناختی کارڈز بلاک یا UV میں ڈالے گئے ہے انکی کمیٹی جلد از جلد کروا کر کے عوام کو مصیبت سے نجات دلائی جائے تاکہ غریب عوام سکھ کا سانس لے سکیں ہزارہ ٹاؤن اور علمدار روڈ میں عوام کی سہولت کے لئے موبائل نادرا وین کو چلایا جائے تاکہ غریب عوام اس سہولت سے بھی مستفید ہو سکیں، ان تمام صورتحال پر ڈی جی نادرا نے وفد کو یقین دلایا کہ علمدار روڈ میں نادرا آفس کی جلد از جلد چیئرمین نادرا سے منظوری لے کر دفتر کھولا جائیگا۔

عوام پیپلز پارٹی کی قیادت اور کارکردگی پر اعتماد کرتے ہیں، میر عبید گورگیج

بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کے متعدد امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی اس بات کا ثبوت ہے

پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی مسائل کے حل، ملک اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے سنجیدہ رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی اور حلقہ پی بی 44 کے رہنما میر عبید گورگیج نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کے متعدد امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام نے پارٹی کی پالیسیوں، قیادت اور کارکردگی پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی بی-44 میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز اور ان کی بروقت تکمیل نے عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط کیا ہے، جس کا ثمر آنے والے انتخابات میں نمایاں طور پر ملے گا۔ مکہ مکرمہ سے پارٹی رہنما میر ابرار جعفر کے ساتھ ٹیلی فونک گفتگو میں میر عبید گورگیج نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی بہتری کیلئے سنجیدہ رہی ہے۔ حلقے میں سڑکوں کی تعمیر، پانی کی فراہمی، تعلیم و صحت کے منصوبے اور دیگر اہم ترقیاتی اقدامات اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ پارٹی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کارکنوں کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ گھر گھر رابطے تیز کریں، عوام تک پارٹی کا پیغام مؤثر انداز میں پہنچائیں اور امیدواروں کی کامیابی کے لیے متحد ہو کر بھرپور انتخابی مہم چلائیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور اس کی جڑیں عوام کے دلوں میں ہیں، جسے آنے والے انتخابات مزید ثابت کریں گے۔

ایس ایس جی سی کمشنگی زون کے انچارج حاجی نصیر لہڑی سیکرٹری لائیو سٹاک محمد طیب خان لہڑی سے ملاقات کر رہے ہیں

ہموفیلیا ایک موروثی بیماری ہے جو قابل علاج ہے، ثاقب کاکڑ

حکومت بلوچستان ہر ماہ پچاس مریضوں کا انتہائی مہنگا علاج کروا رہی ہے

ہموفیلیا سوسائٹی اس مرض میں مبتلا افراد کو معاونت فراہم کر رہی ہے، غزالہ منظور

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل سیکرٹری صحت ثاقب کاکڑ نے کہا ہے کہ ہموفیلیا ایک موروثی بیماری ہے جو قابل علاج مرض ہے لیکن انتہائی مہنگا ہے لیکن حکومت بلوچستان ہر ماہ پچاس مریضوں کا علاج کروا رہی ہے اس مرض کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے 260 مریض رجسٹرڈ جبکہ 15 سے زائد مریض ان رجسٹرڈ ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہموفیلیا ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کوئٹہ کے زیر اہتمام آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں سی ای او چلڈرن اسپتال ڈاکٹر حبیب اللہ بابر اسسٹنٹ پروفیسر بولان میڈیکل کالج ڈاکٹر قیوم خان ڈاکٹر شمائل مندوخیل، سیکرٹری ہموفیلیا ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کوئٹہ غزالہ منظور متاثرہ مریضوں کے لواحقین نے بھی شرکت کی ڈاکٹر حبیب اللہ بابر، ڈاکٹر شمائل مندوخیل، ڈاکٹر عطاء اللہ ڈاکٹر قیوم خان اور غزالہ منظور کا کہنا تھا کہ ہموفیلیا سوسائٹی نے مارچ 2023 میں کام شروع کیا جو موروثی مرض میں مبتلا مریضوں کے علاج میں مدد فراہم کر رہی ہے اب تک 260 مریض رجسٹرڈ اور 15 سو سے زائد مریض ان رجسٹرڈ ہیں یہ مرض ماں یا باپ سے بچے میں پھیلتا ہے بچہ کروٹنگ کرنے لگتا ہے تو اس دوران خون آنا شروع ہو جاتا ہے جب بچہ دانت نکالتا ہے تو خون شروع ہو جاتا ہے بچے کو وہ کیلشیم کیا جائے تو خون نہیں رکتا بچی کو پریڈ شروع ہو تو خون بند ہونے کا نام نہیں لیتا مرض میں مبتلا بچے سکول نہیں جا سکتے اور نارمل زندگی گذار نہیں سکتے تمام متاثرہ بچوں کا علاج چلڈرن اسپتال میں ہو رہا ہے حکومت بلوچستان متاثرہ مریضوں کے علاج کے لیے 50 فی صد اخراجات ادا کرتی ہے جبکہ 50 مریضوں کا علاج مفت کیا جاتا ہے اس مرض کا علاج انتہائی مہنگا ہے حکومت کے تحت پراجیکٹ کے تحت ہیملبر انجکشن متاثرہ مریضوں کو لگایا جاتا ہے موروثی مرض کا علاج میں ایک ہفتہ کے دوران ڈیڑھ لاکھ روپے کا خرچ آتا ہے 17 اپریل کو ورلڈ ہموفیلیا ڈے منایا جاتا ہے اس مرض کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔

ٹریفک آرڈیننس 2025 کے خاتمے تک ہڑتال جاری رہے گی، ٹرانسپورٹرز

آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کا مطالبات کے حق میں ہڑتال دوسرے روز بھی جاری رہی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی ترجمان کے مطابق آٹھ دسمبر سے جاری ہڑتال آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کا آج دوسرے روز بھی پر امن ہڑتال جاری ہے ٹرانسپورٹرز اپنی اپنی گاڑیاں مختلف پارکنگ اور گھروں میں کھڑے کر دیے گئے ہیں ہمارا یہ احتجاج تب تک جاری رہے گی جب تک ہمارے جائز مطالبات تسلیم نہیں کیے جاتے اور یہ جو نیا قانون لاگو کیا گیا ہے جس کو ٹریفک آرڈیننس 2025 نام دیا گیا ہے اس کو ختم نہیں کیا جاتا تب تک ہمارا ہڑتال جاری رہے گا۔

مقامی سکول نواں کلی کوئٹہ کے سالانہ رزلٹ ڈے کی تقریب میں چیئرمین گلزار مہمان خصوصی اکبر بچوں کے والدین اور اساتذہ کامیاب طلباء میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ملکی معاشی ترقی کا خواب جلد شرمندہ تعبیر ہوگا، صوبائی وزراء ارکان اسمبلی

معیشت کو ڈیفالٹ سے نکال کر مستحکم کرنا مشکل مگر تاریخ ساز مرحلہ تھا، ملک میں ترقی کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے

سیاسی جماعتوں نے اختلافات پس پشت ڈالے، قوم نے ذمہ داری کا ثبوت دیا، میر سلیم کھوسہ، شعیب نوشیروانی ودیگر

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی وزراء و ارکان اسمبلی نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کو ڈیفالٹ سے نکال کر استحکام اور ترقی کی سمت گامزن کرنا ایک مشکل مگر تاریخ ساز مرحلہ تھا، جو قوم، سیاسی قیادت اور ریاستی اداروں کی مشترکہ جدوجہد سے ممکن ہوا معاشی اصلاحات، ڈیجیٹائزیشن اور مالی نظم و ضبط نے ملک کو نئی سمت دی ہے، اور اب ترقی کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ یہ بات صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ اور اراکین اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل، حاجی محمد خان طور اتمان خیل ودیگر نے یہاں بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی کا خواب ان شاء اللہ جلد شرمندہ تعبیر ہوگا وفاقی و صوبائی حکومتوں نے نامساعد حالات میں بھی وہ فیصلے کیے جن کے اثرات آج سامنے آرہے ہیں، سیاسی جماعتوں نے ملکی مفاد میں اختلافات پس پشت ڈالے، جبکہ قوم نے معاشی مشکلات برداشت کرکے ذمہ داری کا ثبوت دیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی معاشی اصلاحات اور حکومتی ڈیجیٹائزیشن پروگرام دنیا بھر میں اب "کامیاب کیس اسٹڈی" کے طور پر مثال بن چکا ہے دنیا تسلیم کر رہی ہے کہ پاکستان نے مختصر مدت میں معاشی بہتری کے جو سنگ میل عبور کیے وہ غیر معمولی ہیں انہوں نے کہا کہ ملک معاشی استحکام کی منازل طے کرچکا ہے مگر حقیقی ترقی کے لیے ابھی مزید محنت اور تسلسل درکار ہے ہم نے استحکام حاصل کرلیا ہے لیکن ترقی کے اگلے مراحل میں سرمایہ کاری، صنعتی پھیلاؤ، روزگار کے مواقع اور برآمدات میں اضافہ بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، بلوچستان کو صنعتی حب بنانے کی کوششیں جاری ہیں اور آنے والے بجٹ میں اس حوالے سے اہم اعلانات متوقع ہیں انہوں نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب پاکستان قرضوں سے مکمل نجات حاصل کرکے خود مختار معاشی قوت بنے گا مشکل فیصلے کیے اور اب ثمرات سامنے آرہے ہیں بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، خصوصاً انفراسٹرکچر، سڑکوں، صنعتی زونز اور ٹیکنالوجی پارکس پر تیز رفتار کام ہو رہا ہے وفاقی حکومت کے معاشی فیصلوں سے بلوچستان زیادہ مستفید ہوگا اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھلیں گے وزراء نے زور دیا کہ موجودہ حکومت کی اولین ترجیح عوامی ریلیف، مہنگائی میں کمی اور روزگار کے مواقع بڑھانا ہے۔ بطور خادم پاکستان، ہم قوم کو اس وقت تک تنہا نہیں چھوڑیں گے جب تک ہر گھر میں خوشحالی نہ پہنچے ترقیاتی سفر شروع ہو چکا ہے اور اسے مزید آگے بڑھائیں گے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے میر طارق کھیتران ملاقات کررہے ہیں

حکومت عوام کو بنیادی سہولیات پہنچا کر دم لے گی، صوبائی وزیر صحت

کچھ لوگ اس حوالے سے غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں عوام کو روزگار، صحت کی سہولیات اور اچھی تعلیم دینے کیلئے موجودہ حکومت نے پکا تہیہ کر رکھا ہے اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن یہی ہے کہ بلوچستان کی ترقی اور ہماری آنے والی نسل تعلیم کی سہولیات سے استفادہ حاصل کرسکے محکمہ صحت میں بہتری کے کیلئے اقدامات شروع کردیے ہیں جس کے اثرات بھی آنا شروع ہوگیا ہے کچھ لوگ اگر اس حوالے سے غلط فہمیاں پیدا کررہی ہے تو اس کو اجازت نہیں دیں گے یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک خوشحال اور پرامن صوبہ ہے یہاں پر ترقیاتی عمل لانے اور عوام کو سہولیات دینے کے لئے انتہائی ضروری ہے کیونکہ ماضی کے حکومتوں نے ایسے اقدامات نہیں کئے جس سے عوام استفادہ حاصل کرسکے لیکن موجودہ حکومت نے آتے ہی ہنگامی بنیادوں پر صحت تعلیم اور دیگر حوالے سے بے شمار پروجیکٹ شروع کئے جس کے اچھے اثرات مرتب آنا بھی شروع ہوگیا ہے اور عوام اس وقت صحت کے حوالے سے تبدیلی محسوس کررہی ہے بلکہ اکثر لوگوں نے دیگر صوبوں میں علاج و معالجے کرانے کی بجائے یہاں پر توجہ دینے اور یہاں پر علاج کرانے پر مکمل توجہ دے رہے ہیں انہوں نے

پی ٹی آئی کا بیانیہ ملک دشمنی پر مبنی ہے، سردار یعقوب خان ناصر

جنرل سید عاصم منیر کیخلاف پروپیگنڈہ بھارتی ایماء پر کیا جارہا ہے، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا بیانیہ ملک دشمنی پر مبنی ہے چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ بھارتی ایماء پر کیا جارہا ہے جو شکست بھارت کو ہماری افواج نے معرکہ حق میں دی اب بھارت اسکا بدلہ ہمارے ہی ملک کے لوگوں سے لے رہا ہے جسے ہم ہر صورت ناکام بنا دیں گے انہوں نے کہا کہ پاک انڈونیشیا تعلقات کو صدر کے دورے سے مزید تقویت ملے گی پاکستان اس وقت بیرونی سرمایہ کاروں کیلئے ایک پرکشش ملک بن چکا ہے دنیا پاکستان کے طرف دیکھ رہی ہے جو کہ ایک خوش آئند بات ہے وزیراعظم کا حالیہ دورہ بحرین بھی ہر حوالے سے انتہائی کامیاب ثابت ہوا پاکستان ایران ترکیہ چین سمیت دیگر ممالک کے ساتھ انتہائی اچھے تعلقات استوار ہو رہے ہیں ہمیں ایسے ممالک کی دوستی پر فخر ہے اور کسی کو اسے نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دیں گے بھارت و افغانستان کے ناپاک عزائم ماضی کی طرح ہمیشہ کی طرح ناکام ثابت ہونگے تمام معاہدوں پر عمل سے ملک میں ترقی کا نیا باب شروع ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت چین سمیت تمام سرمایہ کاری کرنے والے ممالک کے تکنیکی اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے ممالک کے شہریوں اور سی پیک میں کام کرنے والوں کی سیکیورٹی کو انتہائی سخت بنا رہی ہے۔

حراست میں جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا، گالیاں دی گئیں، ڈکی بھائی

تفتیشی افسر نے 9 کروڑ اکاؤنٹ سے اپنے والٹ میں ٹرانسفر کروائے، یوٹیوبر

لاہور (نیوز رپورٹ) یوٹیوبر سعد الرحمٰن عرف ڈکی بھائی نے این سی سی آئی اے افسران پر دوران حراست جسمانی وزبانی تشدد کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ تفتیشی افسر نے 9 کروڑ ... افسر نے مجھے گالیاں دیتے ہوئے پوچھا تمہارا پیسہ کہاں سے آتا ہے؟ میں نے جواب دیا کہ یوٹیوب سے آتا ہے، میرے 8 ملین سبسکرائبرز ہیں، اس نے مجھ پر بچوں کے ذہن خراب ...

امریکی معالجین کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ، قائمقام چیئرمین سینٹ نے استقبال کیا

بیماریاں کسی سرحد کی پابند نہیں اس لئے بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے، سیدال خان ناصر

روان برس 9 ارب کے مالی تنازعات کے فیصلے کیے، وفاقی محتسب

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالوں کی حوصلہ افزائی ضروری ہے، اعجاز قریشی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ اداروں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی اور ایوارڈز سے کام کرنے میں مسابقت کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ وہ گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے علاقائی دفتر لاہور میں وفاقی محتسب کے صوبہ پنجاب کے علاقائی دفاتر میں سال 2025ء کے دوران اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور عملے کو ایوارڈ دینے کے موقع پر ایک سادہ مگر پروقار تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ تقریب میں علاقائی دفتر لاہور، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، بہاولپور، گوجرانوالہ، ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان کے افسران اور ایوارڈ یافتگان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے ادارے کے افسران اور عملہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ اسی جذبے سے خدمات سرانجام دیتے رہیں تاکہ عام آدمی کی شکایات کا جلد ازالہ ہوسکے اور ادارے پر لوگوں کا اعتماد قائم رہے۔ تقریب کے بعد وفاقی محتسب نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اس سال وفاقی محتسب پاکستان کی طرف سے 9.46 ارب روپے مالیت کے تنازعات کے فیصلے کیے گئے۔ تقریب میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ صوبہ پنجاب کے علاقائی دفاتر میں اس سال اب تک 102,189 شکایات کے فیصلے کیے گئے جو پچھلے برس کے مقابلے میں 21.42 فیصد زیادہ ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب کی تاریخ میں پہلی بار اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو شیلڈوں اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا ہے۔

انسانی حقوق کا تحفظ جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے، پیپلز پارٹی

ہر دور میں کمزور طبقات کے حقوق کیلئے تاریخ ساز قانون سازی کی، ڈاکٹر محمد ضرار

لاہور (نیوز رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے سندھی سرکل کے کنوینر ڈاکٹر محمد ضرار یوسف نے انٹرنیشنل ہیومن رائٹس ڈے کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ انسانی حقوق کا تحفظ پیپلز پارٹی کے نظریے، منشور اور جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہر دور میں کمزور طبقات، خواتین، مزدوروں، اقلیتوں اور عام شہریوں کے بنیادی حقوق کے لیے تاریخ ساز قانون سازی کی ہے۔ ڈاکٹر ضرار یوسف نے کہا کہ پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جس نے نہ صرف آئینی سطح پر حقوق کی ضمانت فراہم کی بلکہ عملی طور پر ایسے اقدامات کیے جنہوں نے پاکستان میں انسانی حقوق کے تصور کو مضبوط بنیادیں دیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان 1973 پیپلز پارٹی کا وہ عظیم کارنامہ ہے جس نے شہری آزادیوں اور بنیادی حقوق کو ریاستی ذمہ داری قرار دیا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کے ادوار میں خواتین، بچوں اور اقلیتوں کے لیے تاریخی اصلاحات متعارف کرائی گئیں، خواتین پولیس اسٹیشنز اور شیلٹر ہومز کا قیام عمل میں آیا۔ 2008 تا 2013 پیپلز پارٹی کی حکومت نے انسانی حقوق کے میدان میں سب سے زیادہ قانون سازی کی، جن میں اٹھارہویں ترمیم، خواتین کے خلاف ہراسانی کے خلاف قانون، گھریلو تشدد بل، ایسڈ کرائم ایکٹ 2011، اور اینٹی ویمن پریکٹسز ایکٹ شامل ہیں۔ آرٹیکل 10-A کے ذریعے ہر شہری کو منصفانہ ٹرائل کا آئینی حق فراہم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب انسانی حقوق کی جدوجہد میں صف اول میں کھڑی ہے۔ سندھی سرکل کمیٹی اس سال انسانی حقوق سے متعلق آگاہی، تربیت، لیگل ایڈ، اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے خصوصی سیشنز اور تحقیقی پروگرام شروع کررہی ہے۔ ڈاکٹر محمد ضرار یوسف نے مزید کہا کہ پاکستان میں انسانی حقوق کا تحفظ صرف پیپلز پارٹی کے نظریاتی کردار سے ممکن ہے، کیونکہ یہی جماعت وہ واحد سیاسی قوت ہے جو عوامی طاقت پر یقین رکھتی ہے اور ہر کمزور طبقے کو بااختیار بنانے کا عملی ایجنڈا رکھتی ہے۔ انہوں نے کارکنوں، طلبہ، دانشوروں اور سول سوسائٹی سے اپیل کی کہ انسانی حقوق کے فروغ کے لیے پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم کو مزید مضبوط کریں۔

اوستا محمد اور گنداخہ کے عوام نے ہمیشہ محبت کا رشتہ نبھایا، فیصل جمالی

ہماری سیاست کا محور صرف عوامی خدمت ہے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

اوستا محمد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ اوستا محمد اور گنداخہ کے عوام نے ہمیشہ محبت اور اعتماد کا رشتہ نبھایا ہے ... ساتھ عوامی خدمت میں مصروف ہیں۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی اپنے حلقہ انتخاب کے مختلف گوٹھوں کے دورے کے دوران عوامی اجتماعات سے خطاب ...

چینی خاتون نے 15 سال بعد ریسکیو کرنے والے ہیرو سے شادی کرلی

بیجنگ (م ڈ) چین میں ایک منفرد اور جذباتی محبت کی کہانی نے لوگوں کے دل جیت لیے، جہاں ایک چینی خاتون نے اسی شخص سے شادی کرلی جس نے اسے 11 سال کی عمر میں تباہ کن ... 2008 ...

کوئٹہ: ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی ... مسئلے کے حوالے سے ملاقات کررہے ہیں

پی ایم اینڈ ڈی سی نے قومی انسپکٹر پائلٹ ٹریننگ کا آغاز کر دیا

تین روزہ ٹریننگ کالجز کے معیار کو مضبوط بنانے اور ڈیجیٹل تبدیلی کو آگے بڑھانے میں اہم پیش رفت ثابت ہوگی

پروگرام میں ملک بھر سے ماسٹر ٹرینرز اور انسپکٹرز کی شرکت، عملی تربیت فراہم کی گئی، پروفیسر ڈاکٹر رضوان کا خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے قومی انسپکٹر پائلٹ ٹریننگ کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے، جو ایک اہم اور جدید اقدام ... آگے بڑھانے کی ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے وفاقی وزیر صحت، این ایچ ایس آر اینڈ سی، سید مصطفیٰ کمال کی کاوشوں اور قیادت کی رہنمائی کو بھی سراہا۔ ... عملی تربیت فراہم کی گئی۔ تربیت میں پاکستان کے پہلے ڈیجیٹل انسپکشن پلیٹ فارم "Inspect-Digi" کا عملی مظاہرہ اور ...

فلسطین میں اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی کے دفتر پر اسرائیلی فوج کا چھاپہ

فاشسٹ مودی کی غاصب بھارتی فوج ہندوتوا کے زہریلے نظریہ پر کاربند

بھارتی فوج میں ہندو مذہب کی نمایاں موجودگی کو اب نظر انداز کرنا مشکل ہوگیا، رپورٹ

نئی دہلی (م ڈ) انتہا پسند مودی کی سیاسی آلہ کار بھارتی فوج اقلیتوں کے استحصال اور ہندوتوا کے پھیلاؤ میں مصروف ہے۔ بھارتی جریدے نے بھارتی فوج کے مذہبی تعصب، فرقہ واریت اور پیشہ ورانہ ساکھ کی پستی کو آشکار کردیا۔ بھارتی فوج میں ہندو مذہب کی نمایاں موجودگی کو اب نظر انداز کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ ... بھارتی آرمی چیف جنرل دویدی کی مندروں ...

طوفان برام، برطانیہ میں تیز ہواؤں کیساتھ شدید بارشیں ہونے کا امکان

اسکاٹ لینڈ میں بھی ریلوے کا نظام متاثر، ڈبلن ایئرپورٹ پر 40 سے زائد پروازیں منسوخ

لندن (م ڈ) برطانیہ کے بیشتر حصے میں طوفان برام کے سبب تیز ہوائیں چلیں گی اور شدید بارشیں ہوں گی۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ...

کوئٹہ: کلکٹر کسٹم بلوچستان داؤد پیرزادہ سے تاج محمد خان بزنجو ودیگر ملاقات کررہے ہیں

سروس بک کی درست اور بروقت تکمیل ناگزیر ہے، سیکرٹری بلدیات

لوکل کونسل سروس ونگ کے تحت سروس بک کی دیکھ بھال، ترتیب اور درستگی کے لیے اقدامات کر رہے ہیں

تمام متعلقہ دفاتر اپنے عملے کی سروس بکس کی جانچ پڑتال مقررہ مدت کے اندر مکمل کریں، عبدالرؤف بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ کی زیر صدارت محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے لوکل کونسل سروس ونگ کے تحت سروس بک کی باقاعدہ دیکھ بھال، ترتیب اور ریکارڈ کی درستگی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کے حوالے سے اجلاس ہوا ...

بلیک آؤٹ کے بعد بجلی بحالی میں ناکامی، نیشنل گرڈ کمپنی کو کروڑوں روپے جرمانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیپرا نے 4 سال قبل ہونے والے بلیک آؤٹ کے بعد بروقت بجلی بحالی میں ناکامی کا ذمہ دار نیشنل گرڈ کمپنی اور سی پی پی اے کو قرار دیتے ہوئے، ڈھائی، ڈھائی کروڑ روپے جرمانہ عائد کردیا۔ نیپرا کے فیصلے کے مطابق 9 جنوری 2021 کو ملک 20 گھنٹے تک اندھیرے میں ڈوبا رہا، نیشنل گرڈ کمپنی اور سی پی پی اے بلیک آؤٹ کے بعد فوری طور پر بجلی بحال کرنے میں ناکام رہی۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سال 2021، 2022 اور 2023 میں بجلی معطل ہونے کے واقعات رونما ہوئے، دونوں کمپنیاں بروقت بجلی بحالی میں ناکام رہیں

حکومت جدید ہسپتالوں کے قیام پر توجہ دے رہی ہے، سیدال خان

امریکی ڈاکٹرز کے تجربات اور مہارت سے پاکستان کے نظام صحت کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مدد ملے گی، خطاب

پاکستانی ڈاکٹرز کی امریکہ میں اہم طبی خدمات قابل فخر ہیں، نٹیلی اے بیکر، امریکی معالجین کے وفد کے اعزاز میں استقبالیہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ امریکی معالجین کے تجربات اور مہارت سے پاکستان کے نظام صحت کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مدد ملے گی جبکہ مشترکہ تحقیق اور تربیتی پروگرامز وقت کی اہم ضرورت ہیں، جن کے فروغ سے دونوں ممالک کے طبی شعبے کو فائدہ پہنچے گا۔ یہ بات انہوں نے امریکی معالجین کے وفد کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سیدال خان نے کہا کہ امریکی معالجین کے تجربات اور مہارت سے پاکستان کے نظام صحت کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مدد ملے گی جبکہ مشترکہ تحقیق اور تربیتی پروگرامز وقت کی اہم ضرورت ہیں، جن کے فروغ سے دونوں ممالک کے طبی شعبے کو فائدہ پہنچے گا۔ اس موقع پر امریکہ کی چارج ڈی افیئرز نٹیلی اے بیکر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات مزید مضبوط ہو رہے ہیں اور امریکہ ... ملک مقیم پاکستانی ڈاکٹرز اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور انسانی خدمت کے جذبے سے نہ صرف مریضوں کی خدمت کررہے ہیں بلکہ دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے میں بھی اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ امریکہ میں مقیم پاکستانی ڈاکٹرز پاکستان کا بہترین اثاثہ ہیں جو وطن کا نام روشن کررہے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک مثال بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اوورسیز پاکستانی ڈاکٹرز مستقبل میں بھی ...

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے حاجی محمد رمضان اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

برطانیہ: 15 سالہ لڑکی کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے والے افغان نوجوانوں کو سزا

لندن (م ڈ) برطانیہ میں افغانستان سے پناہ کے متلاشی 2 نوعمر افراد کو 15 سالہ لڑکی کے اغواء اور ریپ کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا۔ غیرملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق 17 سالہ جان جہانزیب اور اسرار نیازال متاثرہ لڑکی کو کنگسٹن ٹاؤن سینٹر کے قریب ایک ویران علاقے میں لے گئے جہاں انہوں نے اسے زمین پر لٹا کر اس پر حملہ کیا، واقعہ رواں برس مئی میں پیش آیا۔ جان جہانزیب نامی افغان ملزم کو 10 سال 8 ماہ جبکہ اسرار نیازال کو 9 سال 10 ماہ قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ استغاثہ نے عدالت میں بتایا کہ 17 سالہ جان جہانزیب اور اسرار نیازال کنگسٹن کے ایک پارک سے 15 سالہ لڑکی کو اس وقت زبردستی اپنے ساتھ لے گئے جب وہ نشے کی حالت میں تھی۔ سماعت کے دوران عدالت میں ملزمان کی جانب سے متاثرہ لڑکی کو زبردستی پارک سے لے جانے کی ویڈیو بھی چلائی گئی۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا گیا کہ لڑکی کی مرضی کے خلاف لے جانے کے بعد افغان باشندے خوفزدہ لڑکی کو جھاڑیوں میں لے گئے اور ریپ کیے جانے سے قبل اسے گھٹنوں کے بل بٹھایا گیا۔

نئے چیف جسٹس انصاف کی فراہمی کیلئے مضبوط ستون ثابت ہوں گے، ولی نورزئی

جسٹس کامران خان ملاخیل کی تعیناتی سے انصاف کے نظام بہتری آئے گی، رکن اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی نے بلوچستان ہائیکورٹ کے نئے چیف جسٹس جسٹس کامران خان ملاخیل کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس کامران خان ملاخیل کی سربراہی میں بلوچستان ہائیکورٹ آئین و قانون کی بالادستی، شفاف عدالتی عمل اور بروقت انصاف کی فراہمی کیلئے ایک مضبوط ستون ثابت ہوں گے انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئے چیف جسٹس کے دور میں صوبے میں عدالتی اصلاحات، مقدمات کے جلد فیصلے اور انصاف کی بہتر رسائی کے حوالے سے نمایاں بہتری دیکھنے میں آئے گی حاجی ولی محمد نورزئی نے مزید کہا کہ بلوچستان کو ایک ایسے عدالتی نظام کی ضرورت ہے جو کمزور طبقوں کو سہارا دے اور ہر شہری کو برابری کی بنیاد پر انصاف فراہم کرے، اور جسٹس کامران خان ملاخیل کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اس سمت میں اہم کردار ادا کریں گی۔ انہوں نے عدلیہ کی ادارہ جاتی مضبوطی کے لئے اپنی مکمل حمایت کا یقین بھی دلایا۔

بھارت، مالی بحران، شوہر کی جانب سے دھوکے پر خاتون کبڈی کھلاڑی کی خودکشی

ناگپور (نیوز رپورٹ) بھارتی ریاست مہاراشٹر کے شہر ناگپور میں 29 سالہ کبڈی کھلاڑی کرن سراج داوھے نے مبینہ طور پر خودکشی کرلی۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق کبڈی کی کھلاڑی کرن کو مالی مشکلات، شوہر کی جانب سے جھوٹے روزگار کے وعدے اور ازدواجی تنازعات نے خودکشی پر مجبور کیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کرن سراج نے 2020 میں سوامنل جیدو سے شادی کی تھی۔ شادی سے قبل سوامنل نے کرن اور اس کے بھائی سے ملازمت دلوانے اور ان کے مالی مسائل حل کرنے میں مدد کرنے کا وعدہ کیا تھا مگر شادی کے بعد کرن کو معلوم ہوا کہ یہ سب وعدے جھوٹے تھے اور انہیں مسلسل ٹالا جا رہا ہے۔ حالات بگڑنے پر کرن سراج کچھ ماہ قبل اپنے شوہر کا گھر چھوڑ کر والدین کے پاس واپس چلی گئی تھی۔ کرن نے اپنی زندگی میں شوہر پر الزام عائد کیا تھا کہ وہ نا صرف ذہنی طور پر اسے ہراساں کرتا ہے بلکہ نامناسب مطالبات بھی کرتا ہے۔ رواں ماہ 4 دسمبر کو کرن نے زہر پی کر خودکشی کی کوشش کی جس پر اسے فوراً اسپتال منتقل کیا گیا لیکن تین دن تک زندگی و موت کی کشمکش کے بعد اس نے اسپتال میں دم توڑ دیا۔ پولیس نے سوامنل لمب گھڑے کے خلاف مقدمہ درج کرکے ملزم کی تلاش شروع کردی ہے۔

مولانا سید سمیع الدین کی کامیابی کو متنازع بنایا جارہا ہے، مولانا حیدری

این اے 251 ژوب قلعہ سیف اللہ کے 22 پولنگ اسٹیشنز پر پولنگ کے فیصلے پر تحفظات ہیں، رکن اسمبلی

اوستا محمد (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے این اے-251 ژوب قلعہ سیف اللہ کے 22 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کے فیصلے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے ان کا کہنا ہے کہ جماعت کے امیدوار مولانا سید سمیع الدین کی کامیابی کو "غیر ضروری طور پر متنازع" بنایا جا رہا ہے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مذکورہ حلقہ تاریخی طور پر جمعیت علمائے اسلام کا مضبوط گڑھ رہا ہے اور ہمیشہ جماعت کے نامزد امیدوار ہی کامیاب ہوتے آئے ہیں ان کے مطابق، "غیر منصفانہ اقدامات" کے باوجود جماعت کے امیدوار اپنی برتری برقرار رکھیں گے مولانا عبدالغفور حیدری نے حلقے کے عوام اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ 18 دسمبر کو پوری ذمہ داری کے ساتھ پولنگ اسٹیشنز پر پہنچیں، بروقت ووٹ کاسٹ کریں اور نتائج کے اعلان تک اسٹیشنز پر موجود رہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ دوبارہ پولنگ کے باوجود جمعیت علماء اسلام پہلے سے زیادہ ووٹ حاصل کرتے ہوئے کامیابی یقینی بنائے گی۔

امریکی معالجین کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ، قائمقام چیئرمین سینٹ نے استقبال کیا

بیماریاں کسی سرحد کی پابند نہیں اس لئے بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے، سیدال خان ناصر

اسلام آباد (این این آئی) امریکی معالجین کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا دورہ کیا اور قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر سینیٹر رانا محمود الحسن، سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان، سینیٹر جان محمد بلیدی اور سیکرٹری سینیٹ سید حسنین حیدر نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے وفد کے دورے کو ... پاکستانی ہر شعبے میں پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں، جبکہ پاک امریکہ طبی تعاون اب تک ہزاروں انسانی جانیں بچانے میں مددگار ثابت ہو چکا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستانی ڈاکٹر امریکی تجربات سے بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں، جبکہ پاکستان بھی اپنی طبی خدمات اور تجربات کو عالمی برادری کے ساتھ شیئر کرنے کا خواہاں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ عوام کی صحت و ...

امریکا میں سائنس فکشن کے مشہور ہیرو روبوکاپ کا دیوہیکل مجسمہ نصب

واشنگٹن (م ڈ) امریکا میں سائنس فکشن کے مشہور ہیرو روبوکاپ کا 11 فٹ بلند کانسی کا ... کے باوجود بالآخر یہ مجسمے نے شہر ڈیٹرائٹ میں اپنی جگہ بنائی اور اب یہ شہری کی ایک نئی علامت بن چکا ہے۔

سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بعض عناصر نیوٹیک سے متعلق غلط فہمی پیدا کر رہے ہیں، سماجی رہنما

ادارے کی بدولت ہزاروں نوجوانوں فنی تربیت حاصل کرکے باعزت شہری کی زندگی گزار رہے ہیں

ادارے میں میرٹ اور شفافیت کو اولین ترجیح ہے، نجیب درانی، محمد یوسف، ہماء بلوچ ودیگر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (پ ر) سماجی شخصیات، سماجی تنظیموں کے نمائندوں اور نوجوانوں کے حقوق کے لیے سرگرم سوشل ورکرز نے نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کمیشن (نیوٹیک) پر لگائے جانے والے الزامات کو افسوسناک، گمراہ کن اور حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کچھ عناصر دانستہ یا نادانستہ طور پر قومی ادارے کے بارے میں غلط ... آرگنائزیشن (رجسٹرڈ) کے وائس چیئرمین نجیب خان درانی، سوشل ایکٹوسٹ محمد یوسف مری، ہماء بلوچ ودیگر نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس ...

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 10 دسمبر 2025ء

آئی ایم ایف قسط کی منظوری اور معاشی اصلاحات...... مشترکہ کاوشوں کا ثمر!!

عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے لئے تقریباً ایک ارب 20 کروڑ ڈالر کی نئی قسط کی منظوری دے دی ہے جس پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان معاشی استحکام اور ترقی کے لئے ضروری اقدامات پر عملدرآمد کر رہا ہے جبکہ وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے تسلیم کیا ہے کہ پاکستان نے حالیہ تباہ کن سیلابوں کے باوجود پروگرام پر مضبوطی سے عمل درآمد کو برقرار رکھا جس سے معاشی استحکام میں مدد ملی اور مالی و بیرونی صورتحال بہتر ہوئی یقیناً آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان کے لئے تقریباً ایک ارب 20 کروڑ ڈالر کی نئی قسط کی منظوری ملکی معیشت کے لئے ایک انتہائی اہم اور مثبت پیش رفت ہے۔ یہ قسط سینتیس ماہ کے توسیعی فنڈ سہولت اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبل فیسلٹی کے تحت جاری کی گئی ہے، جو نہ صرف فوری مالی ضرورت کو پورا کرنے میں مدد دے گی بلکہ مستقبل میں دیرپا معاشی مضبوطی کی بنیاد رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ واشنگٹن میں ہونے والے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس کے بعد جاری بیان میں واضح کہا گیا کہ پاکستان نے مشکل عالمی معاشی حالات، تباہ کن سیلابوں اور اندرونی چیلنجز کے باوجود پروگرام پر مؤثر عمل درآمد جاری رکھا، جس کے نتیجے میں معاشی استحکام میں بہتری اور عالمی اعتماد میں اضافہ ہوا۔ یہ منظوری نہ صرف حکومتی پالیسیوں کی توثیق ہے بلکہ ملک کی مسلسل اصلاحاتی کوششوں کا اعتراف بھی ہے۔ پاکستان کی مضبوط پروگرام عمل درآمد نے حالیہ تباہ کن سیلاب کے باوجود، استحکام کو برقرار رکھا ہے اور مالیاتی و بیرونی شعبے کی صورت حال میں بہتری آئی بیان میں زور دیا گیا کہ پاکستان کی پالیسی ترجیحات بدستور میکرو اکنامک استحکام کے تحفظ اور ان اصلاحات کے فروغ پر مرکوز ہیں، جو سرکاری مالیات کو مضبوط بنائیں، مسابقت کو بڑھائیں، پیداواری صلاحیت اور مقابلے کی اہلیت میں اضافہ کریں، سماجی تحفظ اور انسانی وسائل میں بہتری لائیں، سرکاری اداروں (ایس او ایز) میں اصلاحات کریں، اور عوامی خدمات کی فراہمی اور توانائی کے شعبے کی پائیداری کو بہتر بنائیں۔ یہ منظوری اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ مشکل عالمی حالات کے باوجود پاکستان نے معیشت کو مستحکم کرنے اور اعتماد کی بحالی میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ بورڈ نے نوٹ کیا کہ پاکستان کی مالی کارکردگی مضبوط رہی ہے، اور مالی سال کی جی ڈی پی کا پرائمری سرپلس حاصل کیا جو پروگرام اہداف کے مطابق ہے۔ مجموعی زرمبادلہ کے ذخائر مالی سال کے اختتام پر ساڑھے چودہ ارب ڈالر رہے، جو ایک سال قبل نو ارب چالیس کروڑ ڈالر تھے وزیراعظم نے کہا ہے کہ وہ وقت دور نہیں جب پاکستان قرضوں سے مکمل نجات حاصل کر کے معاشی طور پر خود کفیل ہوگا پاکستان میں معاشی اصلاحات و اقدامات کے موثر نفاذ پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے وزیراعظم نے معاشی ٹیم بالخصوص وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور ان کی ٹیم کی محنت و جانفشانی کو سراہا اور کہا کہ آئی ایم ایف منظوری اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان معاشی استحکام اور ترقی کے لئے ضروری اقدامات پر عملدرآمد کر رہا ہے ڈیفالٹ کے دہانے سے ملک کو استحکام اور ترقی کی سمت میں گامزن کرنا ایک کٹھن مرحلہ تھا جس کے لئے سب نے مل کر قربانی دی، سیاسی جماعتوں نے سیاست کی قربانی دے کر اور قوم نے معاشی مشکلات برداشت کر کے ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔ اسی طرح وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے بھی بین الاقوامی مالیاتی فنڈ سے قسط کی منظوری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ عزم اور منظم عمل درآمد پاکستان کی معاشی نظم و نسق اور استحکام کو مضبوط بنانے میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف نے خاص طور پر سیلاب کی ہنگامی دور کے دوران پاکستان کی لچک کو تسلیم کیا ہے اور اس بات کی نشاندہی کی کہ ملک کو فوری طور پر ریسکیو اور ریلیف سپورٹ کے لئے اپیل کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ آئی ایم ایف کے جائزے نے ایک بار پھر اس بات کی توثیق کی ہے کہ پاکستان سیلاب جیسے بحران کا سامنا کسی فوری بین الاقوامی امداد کی ضرورت کے بغیر کرسکتا ہے جو ملک کی مستحکم مالی اور بیرونی پوزیشن کا مظہر ہے یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ گزشتہ برسوں میں پاکستان کو سیاسی عدم استحکام، معاشی بے ترتیبی، بدترین سیلاب، اور عالمی کساد بازاری جیسے چیلنجز کا سامنا رہا۔ تاہم موجودہ حکومت نے سخت لیکن ضروری معاشی فیصلے کئے ٹیکس اصلاحات کا عمل تیز کیا خرچوں میں کفایت شعاری اختیار کی ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے شفافیت بڑھائی سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے اصلاحاتی عمل شروع کیا نجکاری اور سرمایہ کاری کو ترجیح دی اور ان اقدامات کے نتیجے میں بیرونی دنیا کا اعتماد بحال ہوا کرنسی مستحکم ہوئی مالی خسارے میں کمی آئی بجٹ نظم و ضبط برقرار رہا اور زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ ہوا یہ وہ عوامل ہیں جن کی بدولت آئی ایم ایف نے پاکستان کی معاشی کارکردگی کو مثبت قرار دیتے ہوئے نئی قسط کی توثیق کی۔ معاشی ماہرین کی رائے یہ ہے کہ قسط کی منظوری ایک سنگ میل ہے آئی ایم ایف کے فنڈز کے نتیجے میں قرضوں کی ادائیگی کے دباؤ میں کمی ہوگی درآمدی گنجائش میں اضافہ ہوگا بنیادی ڈھانچے (انفراسٹرکچر) کی بحالی اور اپ گریڈیشن میں مدد ملے گی تاہم اصل امتحان ان اصلاحات کو حقیقی معاشی بحالی میں تبدیل کرنا ہے مجموعی طور پر آئی ایم ایف کی جانب سے قسط کی منظوری قومی معیشت کے لئے نہایت اہم سنگ میل ہے۔ یہ نہ صرف عالمی برادری کا اعتماد بحال ہونے کی علامت ہے بلکہ یہ ثابت کرتا ہے کہ پاکستان کی درست سمت میں اٹھائے گئے اقدامات اب نتائج دینا شروع ہو چکے ہیں۔ حکومت کی بروقت پالیسیوں، مالی نظم و ضبط، سیاسی اتفاق رائے، اور ادارہ جاتی معاونت نے ملک کو ڈیفالٹ کے دہانے سے نکال کر استحکام کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ وزیراعظم اور وزیرخزانہ کے بیانات اس حقیقت کی ترجمانی کرتے ہیں کہ ملک نے اصلاحات کے سفر میں ایک مضبوط قدم اٹھایا ہے، اور آئندہ برسوں میں پائیدار ترقی، بہتر گورننس، اور مالی خود انحصاری کی منزل زیادہ دور نہیں۔ اس پیش رفت نے ثابت کر دیا کہ اگر سیاسی قیادت اور اقتصادی ٹیم ہم آہنگ ہو کر محنت کرے تو معاشی چیلنجز چاہے کتنے ہی سنگین کیوں نہ ہوں، ان پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ موجودہ حکومت نے نہ صرف معیشت کو استحکام کی جانب موڑا بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کے اعتماد کو بھی بحال کیا۔ اگر یہی رفتار جاری رہی تو یقیناً پاکستان مستقبل قریب میں ترقی یافتہ، خود کفیل اور بہتر معاشی نظم و نسق والے ممالک کی صف میں شامل ہوگا اور آنے والے ماہ و سال ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کی نوید لے کر طلوع ہوں گے۔

اور "ذہنی مریض" کسے کہتے ہیں؟

امتحان

صوفیہ بیدار

"آپ بندہ نواز کیا جانیں"

برملا

نصرت جاوید

اسٹیبلشمنٹ اور پی ٹی آئی میں نیا تصادم

تلخ نوائی

عارفہ نور

خان صاحب کی سیاست کیسے زندہ ہے؟

وفاق نامہ

رشید صافی

سیاست میں جادو ٹونا اور توہم پرستی کا استعمال

بے بات

ندیم ایف پراچہ

ملک میں بڑھتی کشیدگی، اور آئینی سوالات

تجزیہ

سلمان عابد

قاتلوں کا گروہ اور مقتولین

تلخ نوائی

اظہار الحق

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔ادارہ ٹائپنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی کاغذات
دکان نمبر ES-16 رقبہ 300 مربع فٹ واقع بس اڈہ ہزار گنجی کے کاغذات بنام کریم ولد محمد کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03048410785 یا 03108190418 پر مطلع کریں
R.No..............62493

گمشدگی کارڈ
میرا ملازمت کا کارڈ بنام انعام اللہ ولد محمد ہاشم خان جاری کردہ انٹیلی جنس بیورو ہیڈ کوارٹر ریجن کوئٹہ کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03191479221 پر مطلع کریں
R.No..............62494

اطلاع عام
دکان نمبر A-443 رقبہ 338 فٹ واقع ٹرک اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ جو کہ اس وقت شاہین گل ولد یار محمد کے نام پر ہے کی ٹرانسفر سید امداد اللہ ولد سید محمد نسیم کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No..............62495

اطلاع عام
پلاٹ نمبر KR-66 رقبہ 300 فٹ واقع کراچی روڈ ہزار گنجی کوئٹہ جو کہ اس وقت حمید اللہ ولد عبداللہ جان کے نام پر ہے کی ٹرانسفر نجیب اللہ ولد فضل محمد کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No..............62495

اطلاع عام
پلاٹ نمبر KR-67 رقبہ 300 فٹ واقع کراچی روڈ ہزار گنجی کوئٹہ جو کہ اس وقت عبداللہ جان ولد محراب خان کے نام پر ہے کی ٹرانسفر نجیب اللہ ولد فضل محمد کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No..............62495

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420311338585 بنام محمود خان ولد عبدالقیوم کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03013733259 پر مطلع کریں
نمائندہ میزئی اڈہ.........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5630230397299 بنام عبید اللہ ولد مدک لورالائی میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03313931050 پر مطلع کریں
نمائندہ لورالائی.........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرے والد کا پرانا شناختی کارڈ 60935000250 بنام عبدل محمد ولد محمد علی لورالائی میں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03342406795 پر مطلع کریں
نمائندہ لورالائی.........

اظہار لاتعلقی/عاق نامہ
میں اپنے بیٹے فصیح اللہ ولد حبیب اللہ قوم شبوزئی ساکن شبوزئی حال پہاڑی محلہ لورالائی کو بوجہ نافرمانی، غلط سوسائٹی، بے راہ روی کی بنیاد پر اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اس سے مکمل لاتعلقی کا اعلان کرتا ہوں اور بذریعہ اشتہار عوام الناس سے اپیل کرتا ہوں کہ ہمارے حوالے سے اسکے ساتھ کسی قسم کا کاروبار لین دین وغیرہ نہ کریں جو بھی اسکے ساتھ لین دین وغیرہ کریگا وہ اس کا خود ذمہ دار ہوگا ہم اسکے کسی بھی لین دین قول وفعل کے ذمہ دار نہیں ہونگے المشتہر حبیب اللہ ولد دیدان بمعہ جملہ خاندان اقوام شبوزئی ساکن پہاڑی محلہ لورالائی
نمائندہ لورالائی.........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420319817175 بنام ضیاء الدین ولد حاجی اللہ نور کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03048441962 مطلع کریں
نمائندہ میزئی اڈہ.........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420376125939 بنام مطیع اللہ ولد امیر محمد کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03182767026 پر مطلع کریں
نمائندہ میزئی اڈہ.........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5430260584789 بنام گل زمان ولد حبیب اللہ کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03178177834 پر مطلع کریں
نمائندہ خانوزئی.........

ضلع کونسل صحبت پور کا بجٹ اجلاس، 7 کروڑ 42 لاکھ روپے کا بجٹ پیش

حیردین (اے این این) ضلع کونسل صحبت پور کا بجٹ اجلاس، 7 کروڑ 42 لاکھ روپے کا بجٹ پیش ضلع کونسل صحبت پور کا سالانہ بجٹ اجلاس کنوینئر وائس چیئرمین میر فہد خان جتوئی کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں سالانہ 7 کروڑ 42 لاکھ روپے کا بجٹ پیش کیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین ضلع کونسل بابے محمد علی خان کھوسہ، چیف آفیسر محمد بخش بھنگر، ایس ڈی او سعید احمد مینگل کے علاوہ ممبران میر آصف خان کھوسہ، میر فتح علی خان کھوسہ، میر فاروق احمد کنرانی، اور ضلع کونسل کے ایڈوائزر ایڈووکیٹ علی حسن کھوسہ سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی۔

آہ سحر……کم عمری کی شادی کے خلاف قانون سازی اطمینان بخش امر

تحریر عنایت الرحمان

نئے گھر میں منتقل ہوئے ہمیں ابھی کچھ ہی دن گزرے تھے کہ ایک شام باہر گلی میں اچانک شور اور ہلچل سنائی دی۔ بیاختیار منہ سے "اللہ خیر" نکلا اور میں پریشانی کے عالم میں دروازے کی طرف لپکا۔ باہر کا منظر حیرت انگیز تھا- ایک بزرگ شخص ہاتھ میں لاٹھی تھامے ایک نوجوان لڑکی کے پیچھے بھاگ رہے تھے اور وہ لڑکی جان بچاتی ہوئی تیزی سے گلی کے اندر ایک گھر میں گھس گئی۔ چند افراد نے بزرگ کو قابو کرنے کی کوشش کی۔ پہلی نظر میں خیال آیا کہ شاید یہ ان کی ہی بیٹی ہے، جس پر کسی بات پر بگڑ گئے ہوں گے۔ کچھ دیر یہ سب تماشا دیکھ کر میں واپس اندر آ گیا اور بیگم کے پوچھنے پر ساری روداد سنا دی۔ وہ بھی افسوس کرتے ہوئے بولی کہ جوان بچی کو یوں گھر سے دھکے دے کر نکالنا چہ معنی دارد، یہ کیسے لوگ ہیں؟ چند دن بعد بیگم نے بتایا کہ "تم جسے اس کی بیٹی سمجھ رہے تھے، وہ تو اس کی بیوی ہے!" یہ سن کر میں کچھ لمحے ششدر رہ گیا۔ پھر اس نے بتایا کہ آج ہمسائی ملنے آئی تھی، اس نے کہا کہ بزرگوار اپنی عمر کے ڈھلتے ساٹھ سے بھی آگے ہیں، جبکہ لڑکی محض بائیس برس کی ہے۔ چھ برس پہلے شادی ہوئی، تین بچے اس سے ہیں اور تین پہلی بیوی سے۔ محلے والے بتاتے ہیں کہ آئے روز اسی طرح کے جھگڑے دیکھنے کو ملتے ہیں۔

یہ سن کر دل میں عجیب سی خلش پیدا ہوئی۔ سوچا کہ آخر اس عمر میں شادی کی ضرورت ہی کیا تھی؟ اور اگر تھی بھی تو اپنی مماثل عمر کی کسی خاتون سے کر لیتے۔ لیکن یہ تو وہی معاشرتی رویہ ہے جس نے ہمارے سماج کے مسائل کو اور گہرا کر دیا ہے۔ معاشی تنگی، جہالت، اور سماجی عدم تحفظ کے باعث بہت سی کم عمر بچیاں ایسے ہی حالات کا شکار بنتی ہیں۔ جن کے کھیلنے کے دن ہوتے ہیں وہ جھولے کی جگہ بچوں کو گود میں جھلاتی ہیں۔ ذہنی اور جذباتی مطابقت نہ ہو تو زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ اور فریق دوم یعنی مرد تو اکثر اس عدم توازن کو خاطر میں بھی نہیں لاتا۔ یوں گھریلو جھگڑے، تشدد، عدم برداشت اور پھر ٹوٹتے ہوئے گھر سب مل کر ایک ایسا چرکا لگاتے ہیں جس کا درد برسوں کم نہیں ہوتا۔ بچے الگ اذیت سے گزرتے ہیں، باپ عمر کے اس حصے میں انہیں سنبھالنے کے قابل نہیں رہتا، اور یوں یتیمی جیسی کیفیت ان کے نصیب میں لکھی جاتی ہے۔

ابھی دنوں خبر ملی کہ بلوچستان اسمبلی نے کم عمری کی شادی کے خلاف قانون سازی کا بل منظور کر لیا ہے۔ دل کو کچھ اطمینان ہوا کہ آخر کار اس اہم مسئلے کو اقتدار کے ایوانوں نے بھی سنجیدگی سے دیکھا۔ جائزہ ناجائزہ کی بحث اپنی جگہ لیکن بچوں اور بچیوں کے حقوق اپنی جگہ ایک مضبوط حقیقت ہیں۔ ہمارے ہاں قوانین تو پہلے بھی موجود ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان پر عملدرآمد بھی اسی سنجیدگی سے ہو۔ سماج میں شعور بیدار کرنا بھی ناگزیر ہے تاکہ لوگ روایتی مجبوریوں، جھوٹی شرم اور خاندانی دباؤ؟ کے باعث اپنی زندگی برباد نہ کریں۔

کم عمری کی شادی کے ساتھ گھریلو تشدد تو جیسے ایک بدبختی ہوئی نحوست بن چکا ہے۔ ڈاکٹر شرمیلا فاروقی اپنے ایک مضمون میں لکھتی ہیں کہ پاکستان میں ہر تین میں سے ایک شادی شدہ عورت گھریلو تشدد کا شکار بنتی ہے۔ یہ مسئلہ صرف پاکستان تک محدود نہیں۔ یونیسیف کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں 61 کروڑ بچے اپنی آنکھوں کے سامنے اپنی ماؤں پر تشدد ہوتے دیکھنے کے عذاب میں مبتلا ہیں، جن میں جنوبی ایشیا کے ممالک بدقسمتی سے سرفہرست ہیں۔ اقوام متحدہ نے خواتین پر گھریلو تشدد کو انسانیت کا بڑا المیہ قرار دیا ہے۔

گزشتہ دنوں قومی اسمبلی نے "پروٹیکشن اینڈ پریونشن بل 2025" منظور کیا ہے، جس کا مقصد خواتین کو گھریلو تشدد، جنسی ہراسانی اور ذہنی اذیت سے تحفظ دینا ہے۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ یہ بل صرف خواتین تک محدود نہیں بلکہ اس میں بچوں، بزرگوں اور ٹرانس جینڈر افراد کا تحفظ بھی شامل ہے۔ تاہم اس کا اطلاق فقط اسلام آباد تک محدود ہے کیونکہ صوبوں نے اپنی اپنی قانون سازی پہلے ہی کر رکھی ہے۔ بلوچستان میں صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسگی کا دفتر اور کم عمری کی شادی پر قدغن کا بل قابل ستائش اقدامات ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بھی ہراسگی کے خلاف سخت قوانین کی ضرورت پر زور دیا ہے جبکہ صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی کہتی ہیں کہ حکومت بلوچستان خواتین پر کسی بھی قسم کے تشدد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ ان کے بقول ایک معاشرہ جو اپنے نصف حصے کو خوف، جبر اور معاشی بے بسی میں جکڑ دے، وہ کبھی ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتا۔ یہ بات سو فیصد درست ہے جب معاشرے کا آدھا حصہ مفلوج ہوگا تو باقی آدھا کیسے آگے بڑھے گا؟ ہمارا بنیادی سماجی مسئلہ ہی یہ ہے کہ ہم نہ اپنے حقوق کا صحیح ادراک رکھتے ہیں نہ دوسروں کے حقوق کا احترام۔ مرد کو محض اس لیے برتر سمجھا جاتا ہے کہ معاشی نظام اس کی کمائی سے چلتا ہے، اور عورت کو کمتر کہ وہ اپنے نان و نفقہ کی محتاج ہے۔ حالانکہ حقیقت کچھ اور ہے، مرد کو اس کی جسمانی قوت کے باعث ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ وہ ایسا ماحول فراہم کرے جہاں محبت، عزت، تہذیب اور انسانی وقار پرمبنی خاندان پروان چڑھے۔ عورت اور مرد مل کر اس اکائی کو مکمل کرتے ہیں، اور جب اس توازن میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے تو معاشرہ بے سمتی کا شکار ہو جاتا ہے۔ اچھی بات یہ ہے کہ ریاستی اداروں اور قانون سازوں کی سطح پر جس سنجیدگی کا اظہار اب دیکھنے میں آ رہا ہے، وہ امید دلاتا ہے کہ شاید "آہ" کا اثر ہونے میں جو عمر درکار تھی، وہ پوری ہو چکی ہے۔ دعا ہے کہ یہ قوانین محض کتابوں میں نہ رہیں بلکہ ایک نئے دور کے آغاز کا پیش خیمہ ثابت ہوں، ایسا دور جس میں بچے محفوظ ہوں، عورت باوقار ہو، گھروں میں سکون ہو اور معاشرہ انصاف اور انسانی عزت کی بنیاد پر کھڑا ہو۔ اگر یہ سال ہمارے سماج کے لیے ایسی صبح کا آغاز بن جائے تو یہی سب سے بڑی کامیابی ہوگی۔

مسمات رانی نے سوشل میڈیا پر جھوٹے دعوے مسترد کر دیے
والد مرحوم اللہ بخش عمرانی سے ایک انچ زمین بھی وراثت میں نہیں ملی
تمام جائیداد مرحوم شوہر سخی سرفراز عمرانی کی ہے، دستاویزات موجود ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) زوجہ مرحوم سخی سرفراز عمرانی، مسمات رانی دختر مرحوم اللہ بخش عمرانی نے ایک اہم وضاحتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند روز سے سوشل میڈیا پر ان کی اپنی بہنوں کی جانب سے ان کے خلاف جھوٹا، بے بنیاد اور حقائق کے منافی پروپیگنڈا پھیلایا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق سوشل میڈیا پر یہ دعویٰ کیا گیا کہ انہیں والد کی طرف سے 70 سے 80 ایکڑ زمین وراثت میں ملی تھی، جسے انہوں نے سختی سے رد کر دیا۔ مسمات رانی نے کہا کہ اگر انہیں والد مرحوم اللہ بخش عمرانی سے وراثت میں کوئی زمین ملی ہوتی تو وہ عدالتوں کے چکر کاٹنے پر مجبور نہ ہوتیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ انہیں اپنے والد کی جانب سے ایک انچ زمین بھی وراثت میں نہیں ملی۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے پاس موجود تمام جائیداد ان کے شوہر مرحوم سخی سرفراز عمرانی کو ان کے والد، مرحوم سردار موسیٰ خان اور خاندان کی وراثت سے ملی تھی، جس کے مکمل قانونی اور مستند دستاویزی ثبوت موجود ہیں۔ مسمات رانی کے مطابق ان کا نام باقاعدہ FRC میں درج ہے اور عدالت کی جانب سے انہیں Certificate Succession بھی جاری ہو چکا ہے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وہ اپنے والد کی قانونی وارث ہیں۔

انسداد بدعنوانی کے عالمی دن پر سیمینار، حکومتی وسماجی نمائندوں کی شرکت
بدعنوانی معاشرتی اور معاشی ترقی کی سب سے بڑی رکاوٹ ہے، اعجاز احمد جعفر

لورالائی (خ ن) انسداد بدعنوانی کے عالمی دن پر سیمینار، حکومتی وسماجی نمائندوں کی بھرپور شرکت انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ کونسل ہال لورالائی میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں سرکاری افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلبہ اور میڈیا کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار کے مہمان خصوصی ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر تھے۔ اس موقع پر ایس ایس پی لورالائی ملک اصغر عثمان، اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم، ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن خالد گولہ اور سرکل آفیسر خلیل احمد بزدار سمیت مختلف محکموں کے سربراہان اور خواتین بھی موجود تھے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر نے کہا کہ بدعنوانی معاشرتی اور معاشی ترقی کی سب سے بڑی رکاوٹ ہے، جس کے خاتمے کے لیے اداروں اور عوام دونوں کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شفافیت، احتساب اور قانون کی بالادستی سے ہی بہتر معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ تقریب سے دیگر مقررین نے بھی اپنے خطابات میں کرپشن کے نقصانات، اس کے تدارک کے لیے حکومتی اقدامات اور عوامی شعور کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ 9 دسمبر کا دن اس عزم کی تجدید ہے کہ بدعنوانی کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کی جائے گی۔ سیمینار کے اختتام پر شیلڈز بھی دی گئیں طلبہ اور نمائندگان میں آگاہی مواد بھی تقسیم کیا گیا جبکہ شرکاء نے کرپشن کے خاتمے کے لیے بھرپور تعاون اور جدوجہد جاری رکھنے کا عزم کیا۔

بد عنوانی کے خلاف نوجوانوں کے ساتھ : روشن مستقبل کی تعبیر

اشتہار برائے اطلاع بابت واک ان انٹرویو

بحوالہ اشتہار نمبر 2263 بتاریخ 03-11-2025 کے تحت جن امیدواروں نے ٹیچنگ ہسپتال ضلع پنجگور میں درخواستیں جمع کی تھیں ان کے واک ان انٹرویوز ٹیچنگ ہسپتال ضلع پنجگور میں حسب ذیل شیڈول کے مطابق منعقد ہونگے۔

نمبر شمار	نام آسامی	تاریخ انٹرویو	وقت
1۔	انستھیزیا ٹیکنیشن (گریڈ بی-09)	15 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
2۔	ڈینٹل ٹیکنیشن (گریڈ بی-09)	15 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
3۔	ڈائیلاسز ٹیکنیشن (گریڈ بی-09)	15 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
4۔	ای سی جی ٹیکنیشن (گریڈ بی-09)	15 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
5۔	آئی ٹیکنیشن (گریڈ بی-06)	16 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
6۔	آکسیجن پلانٹ آپریٹر (گریڈ بی-09)	16 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
7۔	ہیلتھ انسپکٹر (گریڈ بی-09)	16 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
8۔	میڈیکل ٹیکنیشن (گریڈ بی-09)	16 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
9۔	ICU ٹیکنیشن (گریڈ بی-09)	17 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
10۔	او ٹی ٹیکنیشن (گریڈ بی-09)	17 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
11۔	الٹراساؤنڈ ٹیکنیشن (گریڈ بی-09)	17 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
12۔	کمپاؤنڈر/ڈسپنسر (گریڈ بی-06)	17 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
13۔	لیبارٹری اسسٹنٹ (گریڈ بی-05)	17 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
14۔	دائی (گریڈ بی-03)	18 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
15۔	چوکیدار (گریڈ بی-02)	18 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
16۔	نائب قاصد (گریڈ بی-02)	18 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
17۔	سینٹری پٹرول (گریڈ بی-02)	18 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے
18۔	سویپر (گریڈ بی-02)	18 دسمبر 2025	صبح 09:30 بجے

تمام متعلقہ امیدواروں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پر اپنی اصل تعلیمی اسناد اور اصل قومی شناختی کارڈ کے ہمراہ سلیکشن کمیٹی کے روبرو حاضر ہوں۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ضلع پنجگور
PRQ NO.2745/09-12-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ازدفتر اسسٹنٹ کمشنر واشک
ہرگاہ کہ خاص وعام کو بذریعہ اشتہار ہذا آگاہ کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد زاہد وغیرہ نے واشک نے برائے الاٹمنٹ معدنی ایریا نوک چاہ ضلع واشک تعدادی 3484.30 ایکڑ کیلئے درخواست گزاری ہے اس ایریا میں اگر کسی شخص یا کسی اشخاص کو عذر واعتراض ہے تو اپنے اعتراضات تحریری طور یا خود یا اپنے نمائندہ کے ذریعے زیر دستخطی کو اجراء تاریخ اشتہار چندرہ ایام کے اندر پیش کر سکتے ہیں گزرنے میعاد کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا نیز مندرجہ بالا ایریا کو درخواست گزار کے حق میں الاٹمنٹ کی سفارش کی جائیگی اشتہار ہذا میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا
624983

صحبت پور اے سی سیف اللہ کھوسہ مختلف سرکاری سکولز کا دورہ کر رہے ہیں

مستقبل کے معماروں کو سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی ترجیح ہے، سیف الدین
شرح خواندگی میں بہتری، صحت مند تعلیمی ماحول کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری ہیں

صحبت پور (نمائندہ مشرق) صحبت پور میں ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ کے مختلف اسکولوں کے معائنے، سہولیات کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات کا حکم تعلیم کے فروغ اور سرکاری اسکولوں میں معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے ڈپٹی کمشنر صحبت پور میڈم فریدہ ترین کی جانب سے خصوصی ہدایات جاری کی گئیں، جس پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ نے نائب تحصیلدار حبیب اللہ محمد حسنی کے ہمراہ مختلف تعلیمی اداروں کا تفصیلی دورہ کیا انہوں نے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول محمد امین کنرانی، گرلز پرائمری اسکول محمد امین، ڈاکٹر غلام نبی گاجانی اسکول، ابراہیم گاجانی اسکول اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول رسول بخش گاجانی میں تدریسی سرگرمیوں، صفائی، کلاس روم اسٹریکچر، اساتذہ کی حاضری اور طلبہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے اسکول انتظامیہ اور اساتذہ سے تفصیلی گفتگو کی اور انہیں درپیش مسائل سے آگاہی حاصل کی۔ متعدد اسکولوں میں غیر فعال واش رومز، عمارتوں کی مرمت کی ضرورت، پینے کے پانی کی عدم فراہمی، چاردیواری کی کمی اور فرنیچر کی قلت جیسے اہم مسائل سامنے آئے اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو ان مسائل کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے اور سختی سے ہدایت کی کہ تمام امور میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ نے مختلف کلاسوں میں جا کر طلباء سے سلیبس کے مطابق سوالات بھی کیے، ان کی تعلیمی سطح کا جائزہ لیا، اور بہتر جواب دینے والے طلبہ کی بھرپور حوصلہ افزائی کی انہوں نے کہا کہ مستقبل کے معماروں کو بہترین سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اور اسی مقصد کے لیے تمام محکمے ایک دوسرے کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ شرح خواندگی میں بہتری اور بچوں کے لیے محفوظ، معیاری اور صحت مند تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات جاری رہیں گے

میزئی اڈہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی و دیگر مختلف لوگوں کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

صحافی معاشرے میں آنکھ کان اور ناک کی حیثیت رکھتے ہیں، برکت کھوسو
منشیات فروشی سمیت دیگر جرائم میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) صحافی معاشرے میں آنکھ کان اور ناک کی حیثیت رکھتے ہیں صحافی کو ریاست کا چوتھا ستون کہنا کوئی غلط بات نہیں صحافی اپنے کیمرے کی آنکھ اور قلم کی طاقت سے ہمیں ہمارے کی کوتاہیوں کے بارے میں آگاہ رکھیں برکت حسین کھوسو تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سبی ریجن برکت حسین کھوسو سے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر میر اللہ داد رند کی سربراہی میں اللہ یار دو وکی خرم شہزاد اور اشتیاق احمد چانڈیو کی ملاقات دوران ملاقات ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سبی ریجن برکت حسین کھوسو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافی کو اگر ریاست کا چوتھا ستون کہا جائے تو یہ غلط نہیں ہوگا صحافی اپنے کیمرے کی آنکھ اور قلم کی طاقت سے عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہیں صحافی ہی مسائل کے حل کے لیے صبح سے لیکر رات گئے تک اپنے فرائض سرانجام دینے میں اپنا کردار ادا کرتا ہے انہوں نے کہا ہے کہ صحافی اپنے کیمرے کی آنکھ اور قلم کی طاقت سے ہمیں ہمارے کی کوتاہیوں کے بارے میں آگاہ رکھیں تاکہ مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جاسکیں ڈی آئی جی سی برکت حسین کھوسو نے کہا ہے کہ عوام کے جان مال اور کاروبار کو تحفظ دینا ہمارے فرائض میں شامل ہے شہریوں کے تحفظ کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جا رہے ہیں منشیات فروشی سمیت دیگر جرائم میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں امن وامان کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں ہوگی قانون سب کے لیے برابر ہے تمام ماتحت آفیسران کو ہدایات کی ہیں کہ وہ اپنے فرائض کو بخوبی سرانجام دیں غفلت کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی شہر میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں تاکہ عوام کو آمدورفت اور روز مرہ کی خریداری میں تکالیف نہ ہوں ہمارے دروازے ہر عام وخاص کے لیے کھلے ہیں کسی بھی قسم کی شکایت کے لیے شہری ہم سے رابطہ کرے

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی
ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پراپرٹی نمبر A-16 دوکان نمبر 2 ماڈل ٹاؤن کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق مسمی عبدالباری ولد غلام قادر کی ملکیت ہے اور عبدالباری ولد غلام قادر کا مورخہ 10/4/2021 کو انتقال ہوگیا ہے اور اب ان کے مندرجہ ذیل وارثان نے پراپرٹی کو اپنے نام ٹرانسفر کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے 1۔ اسفند یار ولد عبدالباری مرحوم 2۔ اسد یار ولد عبدالباری مرحوم 3۔ عبدالمجید ولد عبدالباری مرحوم 4۔ شہریار ولد عبدالباری مرحوم 5۔ عبدالمعید ولد عبدالباری مرحوم 6۔ بی بی صالحہ دختر عبدالباری مرحوم 7۔ بی بی عائشہ دختر عبدالباری مرحوم 8۔ بی بی عاصمہ دختر عبدالباری مرحوم 9۔ بی بی ثمینہ دختر عبدالباری مرحوم 10۔ بی بی کاملہ دختر عبدالباری مرحوم لہذا اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا
المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی
62497

ازدفتر اسسٹنٹ کمشنر واشک
ہرگاہ کہ خاص وعام کو بذریعہ اشتہار ہذا آگاہ کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد زاہد وغیرہ نے واشک نے برائے الاٹمنٹ معدنی ایریا زوپلانک ضلع واشک تعدادی 4487.28 ایکڑ کیلئے درخواست گزاری ہے اس ایریا میں اگر کسی شخص یا کسی اشخاص کو عذر واعتراض ہے تو اپنے اعتراضات تحریری طور یا خود یا اپنے نمائندہ کے ذریعے زیر دستخطی کو اجراء تاریخ اشتہار چندرہ ایام کے اندر پیش کر سکتے ہیں گزرنے میعاد کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا نیز مندرجہ بالا ایریا کو درخواست گزار کے حق میں الاٹمنٹ کی سفارش کی جائیگی اشتہار ہذا میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا
624983

ہمارا ایمان، کرپشن سے پاک پاکستان

CANCELLATION

with reference to advertisement published vide AB No.339/07.10.2025 It is for information of all concerns that in exercise of power conferred uder rule 38(I) & (III) BPPRA Rules 2014, amended till date, the tender bearing TSE-252610888943 Replacement Work of 16" Dia Water Line to 12 Dia Water Line (From Main Rcd Highway Opposite to Irrigation Canal to Suzuki Autos Hub Bypass is hereby cancelled due to some unavoidable circumstances.

MANAGING DIRECTOR
LASBELA INDUSTRIAL ESTATES
DEVELOPMENT AUTHORITY

AB No.562/09-12-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب کریم بخش اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم نائب تحصیلدار مجسٹریٹ لورالائی
اشتہار برائے عوام الناس
ہرگاہ خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد سلیم نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد میر خان ولد اگلی قوم حمزہ زئی ساکن گلی چھپری بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان محمد سلیم، سلام خان، عبدالرحمن، دنیا خان، ظریف خان، حمیدہ بی بی، سعیدہ بی بی پسران و دختران میر خان ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع چمادہ منگٹر میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر واعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق وارثان درج وتصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 9/12/2025 کو ہمارے دستخط ومہر سے جاری ہوا
نمائندہ لورالائی

بجلی کی بندش نے شہریوں کو اذیت سے دوچار کردیا ہے، جمال خان

چمن (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کے سیکرٹری جمال خان اچکزئی سینئر معاونین اور ضلع کمیٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ چمن کے عوام کو تاریکی میں رکھنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، گزشتہ کئی ہفتوں سے بجلی کی بندش نے شہریوں، صارفین کو نہ صرف اذیت سے دوچار کردیا ہے بلکہ معاملات زندگی ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں۔

خانوزئی، طورغر پہاڑ میں جاری کان کنی مکمل طور پر غیر قانونی ہے
مائننگ رولز ختم کردیا گیا ہے، جس سے کسی بھی وقت حادثہ پیش آ سکتا ہے

خانوزئی (نامہ نگار) طورغر پہاڑ میں جاری کان کنی مکمل طور پر غیر قانونی ہے مائننگ رولز کو سرے سے ختم کردیا گیا ہے کسی بھی وقت خطرناک حادثہ پیش ہوسکتا ہے خانوزئی کے طور غر پہاڑ میں جاری کان کنی کی کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں ہے حالیہ جاری کان کنی کے درمیان مائننگ پالیسی نہیں پیمائش کا کوئی حد نہیں مائننگ رولز کو سرے سے ختم کردیا گیا ہے ذمہ دار صوبائی محکمہ بلوچستان کے موقع پر کوئی اہلکار نہیں حالیہ جاری کان کنی مکمل طور پر غیر قانونی ہے اور کسی بھی وقت خطرناک حادثہ پیش ہوسکتا ہے ٹھیکداروں کے ساتھ گورنمنٹ آف بلوچستان اور محکمہ ڈی ایم ڈی کا آلاٹ کمپنی کا کوئی کانٹریکٹ یا ایگریمنٹ نہیں ہے

ہمارا ایمان کرپشن سے پاک پاکستان ہے، کرپشن ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہی ہے، ناسور کے خاتمے کے لئے قوم کو متحد ہو کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے، کمشنر

خوداحتسابی سب سے بہترین احتساب ہے، صلاح الدین نورزئی

دنیا کے 180 ممالک میں پاکستان کرپشن کے لحاظ اس وقت 135 ویں نمبر پر ہے، جو کہ ایک تشویش ناک صورتحال ہے، ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن عبدالوحید گلٹی

سرکاری و نجی شعبوں سے وابستہ افراد کو چاہیے کہ وہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس کا مظاہرہ کریں اور اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے نبھائیں، تقریب سے خطاب

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیر آباد۔ انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے موقع پر اینٹی کرپشن نصیر آباد کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی تھے۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز عبد الواسع کاکڑ، ڈویژنل ڈپٹی ڈائریکٹر شہری دفاع عنایت اللہ خان بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویژنل انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ نصیر آباد نیک محمد پلال، سرکل آفیسر اینٹی کرپشن مختیار احمد بہرانی سمیت تمام ڈسٹرکٹ ہیڈز اور ان کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار میں مختلف اسکولوں کے طلباء وطالبات نے کرپشن کے خاتمے کے موضوع پر ولولہ انگیز تقاریر پیش کیں اور حاضرین سے خوب داد سمیٹی۔ مقررین نے کرپشن کے نقصانات، اس کے معاشرے پر پڑنے والے منفی اثرات اور اس کے تدارک میں نوجوان نسل کے کردار کو اجاگر کیا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ خود احتسابی سب سے بہترین احتساب ہے کیونکہ کرپشن ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہی ہے۔ اس ناسور کے خاتمے کے لیے پوری قوم کو متحد ہو کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ایمان کرپشن سے پاک پاکستان ہے اور اسی یقین کے ساتھ شفافیت کے نظام کو مضبوط بنانا ہوگا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نصیر آباد عبدالوحید گلٹی نے اپنے محکمے کی کوششوں سے آگاہ کیا اور بتایا کہ دنیا کے 180 ممالک میں پاکستان اس وقت کرپشن کے لحاظ سے 135 ویں نمبر پر ہے، جو ایک تشویش ناک صورتحال ہے۔ اینٹی کرپشن ادارہ اپنا کردار بھرپور انداز میں ادا کر رہا ہے مگر جب تک کرپشن دینے والا باز نہیں آتا، کرپشن کرنے والا بھی اپنی سرگرمیوں سے باز نہیں آئے گا۔ تمام سرکاری و نجی شعبوں سے وابستہ افراد کو چاہیے کہ وہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس کا مظاہرہ کریں اور اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے نبھائیں۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نصیر آباد عبدالوحید گلٹی نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء و طالبات اور ضلعی افسران میں انعامات اور شیلڈز تقسیم کیں۔ بعدازاں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی سربراہی میں انسداد کرپشن آگاہی ریلی نکالی گئی جس میں شرکاء نے شفاف پاکستان کے قیام کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

ڈیرہ مراد جمالی، صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی سے میر خالد لانگو ملاقات کر رہے ہیں

ایکسی ای این پبلک ہیلتھ نیاز بلوچ کا تبادلہ عوام سے ساتھ زیادتی قرار

کوہلو (آن لائن) کوہلو کے مقامی رہنماؤں اور عوام نے XEN پبلک ہیلتھ کوہلو نیاز بلوچ کے اچانک تبادلے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے عوامی مفاد کے منافی اور "کوہلو کی عوام کے ساتھ زیادتی" قرار دیا ہے۔ قبائلی رہنما میر شہیک مری کا کہنا ہے کہ نیاز بلوچ ایک عوام دوست اور فرض شناس افسر ہیں جن کی خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں۔

پولیس غافل نہیں امن کے بغیر خوشحالی نہیں آئیگی ایس پی کچھی

محدود وسائل میں رہتے ہوئے علاقائی امن کیلئے سنجیدہ کوششیں ناگزیر ہیں، عوام بھی قیام امن کیلئے پولیس کا ساتھ دیں

پولیس محدود وسائل کے باوجود بھرپور کوششیں کر رہی ہے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جا رہی ہیں

بولان (نامہ نگار) ایس پی کچھی حافظ معاذ الرحمان نے کہا ہے کہ ضلع کچھی میں امن وامان کا مسئلہ نہایت سنجیدہ نوعیت کا ہے امن کی بحالی کیلئے اقدامات ناگزیر ہیں امن کے بغیر ترقی وخوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر ممکن نہیں پولیس اپنے دستیاب وسائل اور دائرہ کار کے مطابق امن کی بحالی کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے جبکہ اس ضمن میں عوامی تعاون، سیاسی مذہبی جماعتوں اور صحافی برادری کے باہمی تعلق سے پولیس کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور پولیس کے جوان مزید بہتر اپنے فرائض سرانجام دیں گے کیونکہ جب تک مقامی تعاون شامل حال نہیں ہوگا تنہا پولیس کچھ نہیں کر سکتی انہوں نے یہ باتیں اپنے آفس میں ڈھاڈر پریس کلب کے سینئر نائب صدر محمد عارف ہنگورگی، جنرل سیکرٹری رئیس حاجی رئیس نوروز خان ابڑی اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے رہنما، حافظ احمد خان تنگ سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی ملاقات میں ضلع کچھی بالخصوص ڈھاڈر کی مجموعی صورتحال، بڑھتی ہوئی وارداتوں، شاہراہوں کی سکیورٹی، اور شہریوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ایس پی کچھی حافظ معاذ الرحمان نے کہا کہ پولیس محدود وسائل کے باوجود بھرپور کوششیں کر رہی ہے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جا رہی ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ شہریوں اور میڈیا کا تعاون قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

"Self-Accountability is the Best Accountability"

INVITATION FOR SUBMISSION OF EXPRESSION OF INTEREST

Loan 59319-001-PAK: Preparing Sustainable Bus Rapid Transit Network Quetta –Project Readiness Financing

Recruitment of CS-01: Feasibility Study, Detailed Engineering Design and Procurement Support for Sustainable Bus Rapid Transit (BRT) Network Quetta, Balochistan
Executing Agency: Transport Department, Government of Balochistan
Implementing Agency: Balochistan Traffic Engineering Bureau (BTEB)
Objective and Scope:

1. Preparing Sustainable Bus Rapid Transit Network Quetta –Project Readiness Financing will finance preparation of feasibility study and detailed engineering design to ensure timely readiness of ensuing Quetta sustainable BRT network project.

2. The Consultancy Services are required for feasibility study, detailed engineering design and procurement support for sustainable Bus Rapid Transit (BRT) Network Quetta, Balochistan, for delivering the outputs as well as the details mentioned in the TORs. The consulting firm will undertake three stages of work:

Stage 1: Detailed Feasibility Study Report for Quetta BRT
- data collection and detailed assessment, development of a travel demand forecasting model, preparation of a long-term mass transit network study (including analysis on alternatives such as bus-based public transport, railway-based system, etc), bus technology assessment, intelligent transport system (ITS) planning, and automated fare collection system (AFC) design, together with the formulation of design standards.
- preparation of a preliminary design and operational design, development of a preliminary project bill of quantity and cost estimate, preparation of a business model, and design of the fare structure and potential non-fare revenues.
- review of institutional arrangements

Stage 2: Preparation of the Engineering Design Package
- busway and mixed-traffic roadway design including non-motorized transport (NMT), preparation of detailed engineering and architectural designs of BRT stations, bus depots and related facilities, integration of solar photovoltaic systems in depots, improvements on direct service roads, and urban design improvements for non-motorized traffic.
- commercial area development and electro-mechanical works will also be incorporated, along with the preparation of a land acquisition and utility infrastructure report and the establishment of a project monitoring and management structure.

Stage 3: Project Management, Preparation of Bidding Documents and Procurement Support
- preparation of bidding documents, provision of procurement support during the bidding process, and project management tasks to ensure timely and effective delivery of all project outputs.

3. BTEB is now seeking Expressions of Interest (EOI) from reputed firms individually and/or in association with other firms to carry out the Consultancy Services for feasibility study, detailed engineering design and procurement support for sustainable Bus Rapid Transit (BRT) Network Quetta, Balochistan. Both local and international firms are encouraged to apply for this assignment in lead, JV partner or subconsultant role, as per their mutually agreed consortium agreement. Selection of consulting firm will be governed by ADB's Procurement Policy and ADB's Procurement Regulations 2017 (as amended from time to time).

Consultancy Services:

4. The consultant team will be headed by Team Leader and will comprise key and non-key experts. The person-months of experts input are tentatively mentioned in the following table.

Expert Input / Person-months for key staff			Expected date of Commencement	Duration of assignment	Method of Procurement	Type of Consultancy
International	National	Total				
122	135	257	Q1-2026	18 Months	Quality and Cost-Based Selection (QCBS) (80:20)	Consultancy firm

Note: The total duration of the assignment is 18 months: stage 1 in 8 months from date of commencement, stage 2 in 12 months from date of commencement, and stage 3 for next 6 months.

The Terms of Reference (TOR) can be downloaded from ADB (*http://www.cms.adb.org*) and GoB websites (http://www.balochistan.gov.pk).

5 The consultants will be recruited using the Full Technical Proposal (FTP) procedure based on the Quality and Cost-Based Selection (QCBS) (80:20) in accordance with ADB's Procurement Policy, and ADB's Procurement Regulations 2017, as amended for time to time. The engagement of the selected firm will be through a lump sum output-based contract.

6. The firms should have demonstrated experience in relevant sectors (urban and public transport planning/design, road and traffic engineering, ITS planning and management, etc) and scope of work involved. The firm(s) should include following information and documents indicated in ADB's standard expression of interest (EOI) template in ADB (CMS). The firm will be evaluated broadly on the below mentioned criteria:
- **Technical Competence:** 60%
- **Management Competence:** 20%
- **Geographic Experience (Country/ Regional):** 20%

Note: Countries/Regions considered relevant: Pakistan, India, Bangladesh, member countries of Central Asia Regional Economic Cooperation Program (CAREC), and other BRT reference countries in South Asia including Malaysia and Indonesia

7. The EOI must be submitted online via the ADB's Consultant Management System (CMS). The EOI must be submitted using the online template in CMS not later than 11:59 PM (Philippine time, UTC+8) on **8th January 2026**. Access to the online Request for Expression of Interest may be reached through the link to Consultant Services Recruitment Notices (CSRN) available at https://www.adb.org/business/operational-procurement/consulting. A firm wishing to submit an EOI must be registered with the CMS. CMS registration is accessible at http://cms.adb.org. Any proposed associate firms, sub consultants, or joint venture partners must also be registered with CMS. Any firm encountering technical problems in accessing CMS should request assistance by email to cmshelp@adb.org. Firms are recommended to update their CMS registration before commencing their EOI.

AB No.563/09-12-2025

Director Balochistan Traffic Engineering Bureau
Transport Department Government of Balochistan
Address: BTEB Office First Floor Honda Carwan Motors Airport Road, Quetta, Pakistan
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اسپورٹس

35 ویں نیشنل گیمز کراچی میں سوئمنگ کے مقابلے کا منظر

سنیل گواسکر نے آئی پی ایل پالیسیوں کی دھجیاں اڑا دیں

جو آئی پی ایل کو عام سمجھتا ہے اس کو آکشن میں شامل ہونے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے، سابق بیٹر

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے لیجنڈ بے باز سنیل گواسکر انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کی بین الاقوامی کھلاڑیوں سے متعلق پالیسی پر برس پڑے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایک کالم میں انہوں نے لکھا کہ آئی پی ایل دنیا کا سب سے بڑا 20 مقابلہ ہے اور جو بھی اس کو عام سمجھتا ہے اس کو آکشن میں شامل ہونے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی ایل گیمز چھوڑنے کی معقول وجہ صرف قومی فرائض کی ادائیگی ہونی چاہیے، اس کے علاوہ کوئی بھی چیز ٹورنامنٹ کے وقار میں کمی تصور کی جانی چاہیے۔ سنیل گواسکر نے کالم میں لکھا کہ کچھ کھلاڑی ہیں جنہوں نے خود کو لیگ کے لیے جزوی طور پر دستیاب کیا ہے، اگر کوئی کھلاڑی آئی پی ایل کو عزت نہیں دیتا اور مکمل ٹورنامنٹ کیلئے دستیابی ظاہر نہیں کرتا۔

35 ویں نیشنل گیمز، پنجاب 5 گولڈ میڈلز جیت کر سرفہرست

کراٹے مائنس 55 کلوگرام کیٹیگری میں پنجاب کی زارا، مائنس 60 کلوگرام کیٹیگری میں پنجاب کی حمنہ جاوید نے گولڈ میڈلز جیت لئے

ریسلنگ میں پنجاب کے محمد عبداللہ نے 70 کلوگرام کیٹیگری میں گولڈ میڈل، جمناسٹک میں پنجاب کے محمد وقاص نے گولڈ میڈل اپنے نام کیا

لاہور (آن لائن) 35 ویں نیشنل گیمز کراچی میں منگل کے روز دلچسپ مقابلے جاری رہے، پنجاب نے کراٹے، جمناسٹک، فنسنگ اور ریسلنگ میں گولڈ میڈلز جیت لئے، کراٹے مائنس 55 کلوگرام کیٹیگری میں پنجاب کی زارا، مائنس 60 کلوگرام کیٹیگری میں پنجاب کی حمنہ جاوید نے گولڈ میڈلز جیت لئے، جبکہ ریسلنگ میں پنجاب کے محمد عبداللہ نے 70 کلوگرام کیٹیگری میں گولڈ میڈل، جمناسٹک میں پنجاب کے محمد وقاص نے گولڈ میڈل اپنے نام کر لئے، سوئمنگ میں پنجاب نے ایک سلور اور 4 براونز میڈل جیت لئے، بوائز نے 100x4 فری سٹائل ریلے میں سلور میڈل 200 میٹر بریسٹ سٹروک میں براونز میڈل حاصل کئے اسی طرح گرلز 50 میٹر بٹر فلائی میں رانیہ عدنان خان براونز، 100 میٹر فری سٹائل شازمہ شاہد نے براونز جبکہ 100x4 میٹر فری سٹائل ریلے میں پنجاب کی گرلز نے براونز میڈل لیا، پنجاب نے تائیکوانڈو میں اب تک 8 سلور اور 8 براونز میڈل اپنے نام کر لئے ہیں، ریسلنگ میں فراز خان نے چاندی جبکہ رانا فیضان نے 92 کلوگرام کیٹیگری میں براونز میڈل جیت لئے وایمان فاطمہ نے ویٹ لفٹنگ 53 کلوگرام کیٹیگری میں براونز میڈل اپنے نام کیا۔

کرسٹل لائن لاگون دیکھ کر ایسا لگا دبئی میں آگیا ہوں، ارشد ندیم

ملک کا نام روشن کرنے والے قومی ہیرو ارشد ندیم کو گوجرانوالہ میں قیمتی پلاٹ سے نوازا گیا

گوجرانوالہ (این این آئی) اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم بھی کرسٹل لائن لاگون کی اسٹریکچرنگ دیکھ کر دنگ رہ گئے اور کہا ہے کہ ایسا لگ رہا ہے کہ جیسے میں دبئی میں آگیا ہوں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سلمان اقبال نے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم سے کیا گیا وعدہ پورا کر دیا ہے، ملک کا نام روشن کرنے والے قومی ہیرو ارشد ندیم کو گوجرانوالہ میں قیمتی پلاٹ سے نوازا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ارشد ندیم نے کہا کہ سلمان صاحب کا شکریہ ادا کروں گا جنہوں نے میری حوصلہ افزائی کی۔

نیشنل گیمز میں دفاعی چیمپئن پاکستان آرمی کی سبقت

20 کلومیٹر کی واک ریس میں پاکستان آرمی کے قاسم فیض فاتح قرار پائے

کراچی (این این آئی) کراچی میں جاری 35 ویں نیشنل گیمز میں دفاعی چیمپئن پاکستان آرمی کی سبقت جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان آرمی نے 20 کلومیٹر کی واک ریس کے بعد ویمن اسکواش ٹیم ایونٹ بھی جیت لیا۔ پاکستان آرمی نے فائنل میں خیبر پختونخوا کو 1-2 سے شکست دے کر گولڈ میڈل جیتا۔ آرمی کی فائزہ ظفر نے سحرش علی کو 0-3 سے ہرایا۔ خیبر پختونخوا کی ماہ نور علی نے ثنا بہادر کو 0-3 سے مات دی جبکہ آرمی کی زینب خان نے علیشا کو 0-3 سے زیر کیا۔

35 ویں نیشنل گیمز کراچی میں باسکٹ بال میچ میں پنجاب اور سندھ کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

ایشز سیریز کے پہلے 2 ٹیسٹ میچز ہارنے والی انگلینڈ کرکٹ ٹیم چھٹیاں منانے چلی گئی

سڈنی (این این آئی) ایشز سیریز کے پہلے دو ٹیسٹ میچ ہارنے والی انگلینڈ کرکٹ ٹیم چھٹیاں منانے چلی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انگلینڈ کرکٹ اسکواڈ کوئنز لینڈ میں سن شائن کوسٹ کے علاقے نوسا میں چھٹیاں گزارے گا، نوسا میں چھٹیاں گزارنے کا پلان پہلے سے ہی ترتیب دیا گیا۔

ویرات کوہلی نے 933 کروڑ روپے سے زائد کی آفر ٹھکرا دی

ممبئی (آئی این پی) بھارت کے سٹار بلے باز ویرات کوہلی نے 933 کروڑ روپے سے زائد کی آفر ٹھکرا دی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق آٹھ برس تک پوما کے برانڈ ایمبیسڈر رہنے کے بعد ویرات کوہلی نے اس بار اسپورٹس ویئر کمپنی ایجیلیٹاس اسپورٹس کے ساتھ شراکت داری کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کھیلوں کے کاروبار میں ایک نیا قدم اٹھاتے ہوئے اپنے لائف اسٹائل برانڈ ون ایٹ کے لیے بڑا اعلان کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 37 سالہ کرکٹر نے پوما کی 933 کروڑ روپے سے زائد کی پیشکش چھوڑ کر اس نئے اشتراک میں خود اپنی طرف سے 124 کروڑ روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کی ہے۔

35 ویں نیشنل گیمز، مردوں کے فٹ بال کے سیمی فائنل مقابلے آج کھیلے جائیں گے

پہلا سیمی فائنل آرمی اور واپڈا جبکہ دوسرا سیمی فائنل پاکستان ایئرفورس اور نیوی کے درمیان کھیلا جائیگا

کراچی (این این آئی) 35 ویں نیشنل گیمز کے مردوں کے فٹ بال کے سیمی فائنل مقابلے (آج) بدھ کو کے پی ٹی سٹیڈیم کراچی میں کھیلے جائیں گے۔ ریفری کوآرڈینیٹر فیفا ریفری احمد رؤف نے بتایا کہ گیمز کے دونوں سیمی فائنل مقابلے ایک ہی دن کھیلے جارہے ہیں، پہلا سیمی فائنل میچ پاکستان آرمی اور پاکستان واپڈا کی ٹیموں کے درمیان دن گیارہ بجے کھیلا جائے گا جبکہ دوسرے سیمی فائنل میچ میں پاکستان ایئر فورس اور پاکستان نیوی کی ٹیمیں دن ڈھائی بجے مدمقابل ہوں گی۔ پاکستان واپڈا ٹیم کے کوچ چوہدری تنویر احمد گوجر، پاکستان نیوی کے کوچ محمد رمضان چوہدری، پاکستان ایئر فورس کے کوچ محمد ارشد خان نے اپنی اپنی ٹیموں کی جیت کے لئے خواہشیں ظاہر کرتے ہوئے ٹیموں کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔

نیشنل گیمز بلوچستان آرچری کی جانب سے اقرباء پروری اور ناانصافی کا انکشاف

ایسوسی ایشن کی جانب سے آرچری کی مین اور ویمن ٹیموں میں منتخب کھلاڑیوں کی جگہ نان کوالیفائر اور منظور پسند کھلاڑیوں کو شامل کرنے کی مذموم کوشش

کھیل کو اقرباء پروری اور سیاست سے دور رکھنے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں، متاثرہ منتخب بلوچستان آرچری ٹیم کی اعلیٰ حکام سے درخواست

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) 35 ویں نیشنل گیمز میں بلوچستان دستے میں شامل منتخب آرچری گرلز ٹیم نے بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن کے رویے اور منتخب کھلاڑی کی جگہ غیر منتخب کھلاڑی کو شامل کرنے کے خلاف احتجاج پر ایسوسی ایشن نے منتخب ٹیم کو کھیلنے نہیں دیا۔ تفصیلات کے مطابق آج 9 دسمبر سے آرچری کے نیشنل گیمز میں آرچری کے مقابلے ہوئے۔ بلوچستان کی جانب سے منتخب آرچری ٹیم لڑکوں کی ٹیم میں سمیع اللہ بخاری، جلیل احمد، الیاس موسوی اور حیدر علی منتخب ہوئے تھے جبکہ لڑکیوں کی ٹیم میں چار کھلاڑی روا فاطمہ، روحامہ قدیر، حناء علی اور سکینہ شاہ منتخب ہوئی تھیں اور کیمپ میں سخت ٹریننگ کے بعد نیشنل گیمز میں شرکت کے لئے کراچی میں موجود ہیں۔ آج مقابلے ہونے تھے لیکن عین وقت پر لڑکیوں کی ٹیم میں شامل روا فاطمہ کی جگہ ایک غیر منتخب لڑکی شکریہ بی بی کو شامل کرنے کی کوشش کی گئی جو کہ ٹرائلز میں ساتویں پوزیشن پر تھی جبکہ لڑکوں کی ٹیم میں سمیع اللہ بخاری کی جگہ ایک غیر متعلقہ شخص واحد کو ٹیم میں ڈالا گیا۔

آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کیلئے ایک ساتھ اچھی اور بری خبر

فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ ایشز سیریز سے باہر ہو گئے، پیٹ کمنز کی واپسی

ایڈیلیڈ (آن لائن) آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کے لیے ایک ساتھ اچھی اور بری خبر سامنے آگئی۔ ہیڈ کوچ اینڈریو میکڈونلڈ نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ ایشز سیریز سے باہر ہو گئے ہیں جبکہ کپتان پیٹ کمنز کی ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں ٹیم میں واپسی ہوگی۔

پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) کے زیر اہتمام منعقدہ انٹر کلب ٹورنامنٹ

چمن میں باغیچہ سٹار کی ریکارڈ ساز 216 رنز سے فتح

چمن لائنز کی ٹیم 350 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 133 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی

چمن (محمد اصغر اچکزئی) انٹر کلب 2025: ضلع چمن میں باغیچہ سٹار کی ریکارڈ ساز فتح: 216 رنز سے چمن لائنز کو شکست دیدی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) کے زیر اہتمام منعقدہ انٹر کلب ٹورنامنٹ 2025 میں، ضلع چمن کے باغیچہ سٹار کرکٹ کلب نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف ٹیم چمن لائنز کو 216 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کے سیکنڈ راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ میچ کا آغاز چمن لائنز کے کپتان کی جانب سے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کرنے سے ہوا۔ باغیچہ سٹار کے بلے بازوں نے اس فیصلے کو غلط ثابت کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 350 رنز کا ایک مضبوط اور ناقابل عبور مجموعہ کھڑا کیا۔ اس مجموعے میں قابل ذکر اننگز یہ ہیں، محمد طاہر 95 رنز، ؟ عمر خان 60 رنز ؟ یاسر خان 53 رنز جواب میں، ہدف کے تعاقب میں چمن لائنز کی بیٹنگ لائن توقعات پر پورا نہ اتر سکی اور پوری ٹیم باغیچہ سٹار کے باؤلرز کے سامنے ہتھیار ڈالتے ہوئے صرف 133 رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ ؟ باغیچہ سٹار کی جانب سے باؤلنگ میں بھی بہترین ڈسپلن کا مظاہرہ کیا گیا۔ نصیب اللہ اور حق نواز خان دونوں نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ آل راؤنڈر یاسر خان نے بھی ایک اہم وکٹ حاصل کی۔ ؟ شاندار کارکردگی اور سیکنڈ راؤنڈ میں کوالیفائی کرنے پر، باغیچہ سٹار کرکٹ کلب کی صدر کی جانب سے ٹیم کی حوصلہ افزائی کے لیے ایک ٹی پارٹی کا اہتمام بھی کیا گیا۔ باغیچہ سٹار کی اس بڑی فتح نے ضلعی سطح پر کرکٹ کے معیار کو مزید بلند کر دیا ہے اور ٹیم کو اگلے مرحلے کے لیے فیورٹ قرار دیا جا رہا ہے۔

جنوبی افریقہ اور انڈیا کے درمیان پہلے ٹی 20 میچ میں جنوبی افریقی بولر وکٹ لینے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

نیوزی لینڈ کبڈی ورلڈ کپ، پاکستان بھارت کو ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا

پاکستان نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد بھارت کو 39-38 سے شکست دے کر فائنل میں شاندار انداز میں رسائی حاصل کی

میچ میں دونوں ٹیموں نے زبردست کھیل پیش کیا مگر آخری لمحات میں پاکستان نے ہمت، جذبے اور اسکل کے ساتھ فیصلہ اپنے نام کیا

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کبڈی ورلڈ کپ 2025 کا پہلا سیمی فائنل گزشتہ روز کھیلا گیا جس میں پاکستانی کھلاڑیوں نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے بھارت کو دھول چٹا دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد بھارت کو 39-38 سے شکست دے کر فائنل میں شاندار انداز میں رسائی حاصل کی۔ میچ میں دونوں ٹیموں نے زبردست کھیل پیش کیا مگر آخری لمحات میں پاکستان نے ہمت، جذبے اور اسکل کے ساتھ فیصلہ اپنے نام کیا۔ جیت کا تناسب پاکستان 39- انڈیا 38 رہا۔

بگ بیش لیگ، بابر اعظم اور شاہین آفریدی آسٹریلیا پہنچ گئے

شاداب خان، محمد رضوان اور حسن علی بھی آسٹریلیا پہنچ چکے ہیں، آغاز 14 دسمبر سے ہوگا

سڈنی (آن لائن) قومی کرکٹرز کے بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کے لیے آسٹریلیا پہنچنے کا سلسلہ جاری ہے، اسٹار کرکٹر بابر اعظم اور شاہین آفریدی بھی بی بی ایل میں شرکت کے لیے آسٹریلیا پہنچ گئے۔ بابر اعظم سڈنی سکسرز اور شاہین آفریدی برسبین ہیٹ کی جانب سے کھیلیں گے۔ اس سے پہلے شاداب خان، محمد رضوان اور حسن علی بھی آسٹریلیا پہنچ چکے ہیں۔ آسٹریلوی لیگ بی بی ایل کا آغاز 14 دسمبر سے ہوگا۔ واضح رہے کہ بی بی ایل کھیلنے والے قومی کرکٹرز کو سری لنکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں منتخب ہونے کی صورت میں لیگ چھوڑنا پڑے گی۔ ذرائع کے مطابق بی بی ایل کھیلنے والے کھلاڑیوں کو مشروط این او سی جاری کیے گئے ہیں۔

سیلٹا ویگو نے سپینش لا لیگا میں ریال میڈرڈ کو 0-2 سے ہرا دیا

سیلٹا ویگو نے ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے اپنے 15 ویں میچ میں ریال میڈرڈ کو ہرا کر چوتھی فتح کے ساتھ ٹیبل پر ٹاپ ٹین پوزیشن حاصل کرلی

ریال میڈرڈ کی ٹیم میچ میں کوئی گول سکور نہ کر سکی، سیلٹا ویگو کی جانب سے سولیٹ سویڈبرگ نے دو گول کر کے اپنی ٹیم کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کیا

میڈرڈ (این این آئی) سیلٹا ویگو نے ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے اپنے 15 ویں میچ میں ریال میڈرڈ کو ہرا کر چوتھی فتح کے ساتھ ٹیبل پر ٹاپ ٹین پوزیشن حاصل کرلی۔ ای ایس پی این کے مطابق سیلٹا ویگو کی ٹیم نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے ریال میڈرڈ کو 0-2 گول سے شکست دی۔ دونوں گول سیلٹا ویگو کی جانب سولیٹ سویڈبرگ نے سکور کر کے اپنی ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ سیلٹا ویگو کی لیگ میں چوتھی فتح ہے اور اس کامیابی کے بعد فاتح ٹیم نے قیمتی تین پوائنٹس حاصل کرنے کے ساتھ ٹیبل پر ٹاپ ٹین پوزیشن بھی حاصل کر لی ہے۔ سپینش لیگ لالیگا کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ سپین میں جاری ہے جس میں سائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ سپین کے دارالحکومت میڈرڈ کے سینٹیاگو برنابیو میں کھیلے گئے میچ میں سیلٹا ویگو اور میزبان ریال میڈرڈ کی ٹیم آمنے سامنے تھیں جس میں سیلٹا ویگو نے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے میزبان ریال میڈرڈ کی ٹیم کو 0-2 گول سے ہرا دیا۔

انگلینڈ کرکٹ ٹیم کو ایشز سیریز کے دوران جھٹکا

فاسٹ بولر مارک ووڈ انجری کی وجہ سے سیریز سے باہر ہوگئے، میتھیو فشر کو اسکواڈ میں شامل

سڈنی (آن لائن) انگلینڈ کی کرکٹ ٹیم کو ایشز سیریز کے دوران جھٹکا لگ گیا، فاسٹ بولر مارک ووڈ انجری کی وجہ سے سیریز سے باہر ہوگئے۔ مارک ووڈ کو برتھ میں پہلے ٹیسٹ میچ کے دوران انجری ہوئی تھی۔ ویب سائٹ کے مطابق مارک ووڈ کو گھٹنے کی انجری ہوئی تھی جس سے وہ صحتیاب نہیں ہوسکے اور اب وہ سیریز سے باہر ہوگئے ہیں۔ انگلینڈ کی جانب سے مارک ووڈ کی جگہ میتھیو فشر کو اسکواڈ میں شامل کرلیا گیا ہے۔

نیوزی لینڈ اور ویسٹ انڈیز کے درمیان دوسرا ٹیسٹ میچ (آج) سے ویلنگٹن میں شروع ہوگا

ویلنگٹن (این این آئی) نیوزی لینڈ اور ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا میچ (آج) بدھ سے بیسن ریزرو، ویلنگٹن میں شروع ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان کرائسٹ چرچ میں کھیلا گیا سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا تھا۔ اس سے قبل دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلی گئی پانچ ٹی ٹونٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز میزبان کیوی ٹیم نے 1-3 سے جیت لی تھی جبکہ تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز بھی میزبان نیوزی لینڈ کی ٹیم نے مہمان ویسٹ انڈیز ٹیم سے 0-3 سے جیت لی تھی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔ تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ 10 سے 14 دسمبر تک ویلنگٹن میں کھیلا جائے گا۔

ہارڈک پانڈیا مہیکا شرما کی ویڈیو بنانے پر پاپارازی پر برس پڑے

مہیکا کی جس زاویے سے ویڈیو بنائی گئی، وہ انتہائی غیر اخلاقی اور حد پار کرنے کے مترادف ہے، کرکٹر

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی آل راؤنڈر ہارڈک پانڈیا نے اپنی گرل فرینڈ مہیکا شرما کی ویڈیو بنانے پر پاپارازی کو آڑے ہاتھوں لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کرکٹر نے کہا کہ مہیکا کی جس زاویے سے ویڈیو بنائی گئی، وہ انتہائی غیر اخلاقی اور حد پار کرنے کے مترادف ہے۔ ہارڈک پانڈیا نے انسٹاگرام اسٹوری میں لکھا کہ میں سمجھتا ہوں کہ عوامی زندگی میں رہنے کے باعث توجہ اور تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے، یہ میرے منتخب کردہ راستے کا حصہ ہے، لیکن آج جو ہوا وہ حد پار کر گیا۔

نیشنل گیمز، جمناسٹکس چیمپئن شپ واپڈا نے جیت لی

بہترین جمناسٹ کا اعزاز بھی واپڈا کے شاہ جہان نے 67.15 پوائنٹس کے ساتھ اپنے نام کیا

اسلام آباد (این این آئی) 35 ویں نیشنل گیمز 2025 کی جمناسٹکس چیمپئن شپ واپڈا نے جیت لی۔ تفصیلات کے مطابق واپڈا نے مجموعی طور پر 264.95 پوائنٹس کے ساتھ پہلی، پاکستان آرمی نے 260.05 پوائنٹس کے ساتھ دوسری اور ایچ ای سی نے 214.10 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ فلور ایونٹ میں شاہ جہان (واپڈا) اور ایم وقاص (پنجاب) 11.35 پوائنٹس کے ساتھ مشترکہ طور پر پہلے نمبر پر رہے جبکہ عبدالوہاب (آرمی) تیسرے نمبر پر رہے۔ پومیل ہارس میں فیضان (ایچ ای سی) 11.06 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست، معاذ خان (آرمی) دوسرے اور محمد افضل (واپڈا) تیسرے نمبر پر رہے۔

پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، سردار غلام رسول عمرانی

پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیاد عوامی حقوق کے تحفظ اور محروم طبقات کی شمولیت پر مضبوطی سے قائم ہے

موثر عوامی رابطہ مہم کے ذریعے پارٹی بلدیاتی نمائندوں کو مضبوط کرے گی، علی مدد جتک، روزی خان کاکڑ اور سنجے کمار سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی خدمت اور جمہوری روایات کے فروغ کی سیاست کرتی آئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما روزی خان کاکڑ اور پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور سنجے کمار پنجوانی سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں صوبے میں متوقع بلدیاتی انتخابات، سیاسی حکمت عملی اور عوامی فلاحی پروگراموں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سردار بابا غلام رسول عمرانی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیاد ہی عوامی حقوق کے تحفظ اور محروم طبقات کی شمولیت پر رکھی گئی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ سیاسی عمل کا مقصد طاقت حاصل کرنا نہیں بلکہ عوام کو بااختیار بنانا ہے، اور یہی وژن پاکستان پیپلز پارٹی کو دیگر جماعتوں سے منفرد بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام باشعور ہیں۔ انہیں معلوم ہے کہ کون سی جماعت حقیقی معنوں میں فلاح و بہبود کیلئے کام کر رہی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ آئندہ بلدیاتی انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی شاندار کامیابی حاصل کرے گی، کیونکہ ہمارا ایجنڈا واضح، کردار شفاف اور مقصد صرف عوام کی خدمت ہے۔ سردار غلام رسول عمرانی نے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں، روزگار کے مواقع اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کیلئے پیپلز پارٹی اپنی پالیسیوں کو مزید موثر بنائے گی۔ ملاقات کے دوران تمام رہنماؤں کی جانب سے اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ آئندہ بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی بھرپور قوت کے ساتھ حصہ لے گی اور عوامی رابطہ مہم پہلے سے زیادہ موثر انداز میں چلائی جائے گی کیونکہ بلدیاتی نمائندوں کے مضبوط ہونے سے ہی گورننس بہتر ہوتی ہے اور ترقی کی رفتار میں اضافہ آتا ہے

نصیرآباد انتظامیہ کی تجاوزات و غلط پارکنگ کے خلاف کارروائی جاری

قومی شاہراہ کے دونوں اطراف تجاوزات خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) تفصیلات و رپورٹ کے مطابق ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ذوالفقار علی کرار و اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی خصوصی ہدایات پر ڈیرہ مراد جمالی شہر سے گزرنے والی قومی شاہراہ کے دونوں اطراف تجاوزات و غلط پارکنگ کے خلاف کارروائیوں کا عمل جاری ہے منگل کے روز تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی میر معظم علی جتوئی اور نائب تحصیلدار مہتاب احمد مری کی نگرانی میں سید سجاد شاہ و دیگر عملہ ریونیو ڈیرہ مراد جمالی نے بازار سے گزرنے والی قومی شاہراہ کے دونوں اطراف دکانداران کے آگے تجاوزات و غلط پارکنگ جن میں خاص کر رکشہ، چلتی پھرتی کے ریڑھی بان اور ڈاسن والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی کھڑے ڈاسن رکشہ اور دیگر کی گئی غلط پارکنگ کرنے پر کئی کے ٹائروں سے ہوا تک بھی نکالی گئی اور کئی کو آخری وارننگ بھی دی گئی جبکہ دکانداران کو بھی سختی سے ہدایت دی کہ وہ اپنے دکانات کے سامنے کسی کو بھی کھڑا کرنے نہیں دیا جائے اگر عملدرآمد نہیں کیا گیا تو متعلقہ دکاندار کو بھی بھاری جرمانہ عائد کیا جائے گا، دریں اثناء شہریوں نے بھی ایسی کارروائیوں پر اپنے مثبت تاثرات دیتے ہوئے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ روزانہ نہیں تو ہر ایک دن بعد دوسرے روز بھی ایسی کارروائیوں کو جاری رکھا جائے۔



قلعہ عبداللہ، حاجی محمد عیسیٰ خان کاکڑ کے بیٹی کی وفات پر فاضل محمد جانک اچکزئی زکریا عبدالرحمن زئی محمد حنیف فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

نوجوانوں کو تعلیم اور شعور فراہم کرنا ضروری ہے، کفایت اللہ آغا

حکومت اور سماجی ادارے نوجوانوں کو منفی عادات سے بچانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) نوجوانوں کو منشیات کے دلدل سے نکال کر انہیں بہتر مستقبل کی طرف گامزن کرنے کے لیے حکومت اور سماجی ادارے مل کر دن رات کام کر رہے ہیں۔ نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی نے گزشتہ کئی سالوں سے نوجوانوں کے تحفظ اور نشے کی لعنت سے نجات دلانے کے لیے اقدامات کیے ہیں، جن میں خاص طور پر تعلیم، آگاہی اور علاج پر زور دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز مختلف وفود سے ملاقات کے دوران کیا۔ حاجی کفایت اللہ آغا نے بتایا کہ نوجوانوں میں منشیات کے استعمال کی روک تھام کے لیے مقامی کمیونٹی، والدین اور تعلیمی اداروں کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی سرپرستی میں شروع کیے گئے پروگراموں سے نوجوان نسل میں شعور بیدار ہوا ہے اور کافی حد تک کامیابی بھی حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی نے نہ صرف متاثرہ نوجوانوں کے لیے علاج اور بحالی کے مراکز قائم کیے ہیں بلکہ کمیونٹی میں آگاہی مہمات بھی جاری ہیں تاکہ والدین اور نوجوان اس لعنت کے خطرات سے واقف ہوں۔ حاجی کفایت اللہ آغا نے زور دیا کہ منشیات کے خاتمے کے لیے صرف علاج ہی کافی نہیں، بلکہ تعلیم، کھیل، ثقافتی سرگرمیوں اور صحت مند تفریحی مواقع فراہم کرنا بھی ضروری ہے تاکہ نوجوان مثبت سرگرمیوں میں مشغول ہوں اور منفی عناصر سے دور رہیں۔ چیئرمین نے یہ بھی بتایا کہ حکومت اور سوسائٹی کی مشترکہ کاوشوں سے کئی نوجوانوں کو منشیات کی لت سے نجات دلوائی گئی ہے اور انہیں معاشرے کے مفید شہری بنانے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بھی اس مہم میں حصہ لیں، نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور منشیات کے خلاف آگاہی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

ضلع کونسل مستونگ کا 8 کروڑ 68 لاکھ روپے کا بجٹ اکثریت سے منظور

عوامی ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، میر محمد قاسم سرپرہ

مستونگ (آئی این پی) ضلع کونسل مستونگ کا سالانہ بجٹ اجلاس۔ 8 کروڑ 68 لاکھ روپے کا بجٹ بھاری اکثریت سے منظور کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کونسل مستونگ کا سالانہ بجٹ اجلاس برائے مالی سال 20252026 قائد ایوان چیئرمین سردار زادہ میر محمد قاسم سرپرہ اور ڈپٹی چیئرمین / کنوینر میر صادق کرد کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف آفیسر محمد اسلم سمیت یونین کونسلوں کے چیئرمینز نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جس کے بعد یونین کونسلز کے چیئرمینز نے اپنے خطابات میں علاقے کے عوامی مسائل، ترقیاتی ضروریات اور بجٹ تجاویز پیش کیں۔ تمام تجاویز اور سفارشات پر تفصیلی غور کے بعد انہیں اتفاق رائے سے منظور کرلیا گیا۔ کنوینر میر صادق کرد نے مالی سال 2025-2026 کا بجٹ ایوان میں پیش کیا۔ بجٹ پیش کیے جانے کے بعد رائے شماری ہوئی جس میں 20 ممبران نے ہاتھ کھڑے کر کے بجٹ کی منظوری دی۔ یوں 8 کروڑ 68 لاکھ روپے کا بجٹ اکثریت رائے سے منظور ہوگیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین سردار زادہ میر محمد قاسم سرپرہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت ان کی سیاست کا بنیادی محور اور عوام کی بلاتفریق خدمت ہمارا نصب العین ہے۔ عوامی ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ میرے دروازے ہر وقت عوام کے لیے کھلے ہیں۔ عوام کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور انہیں حل کرنا ہمارا اولین فریضہ ہے۔ گزشتہ مالی سال میں بھی فنڈز عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر خرچ کیے گئے، جس کے ثمرات سے عوام مستفید ہو رہے ہیں۔

قلعہ سیف اللہ، پارٹی جدوجہد کا محور قومی حقوق کا تحفظ ہے، دارا خان جوگیزئی

شمولیت کے اجتماعات پارٹی کی درست سیاست پر مہر تصدیق ہے، وزانگہ لونی

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ قلعہ سیف اللہ میں ایک شاندار اور پروقار شمولیتی پروگرام منعقد ہوا، جس کی صدارت پارٹی کے ضلعی صدر حاجی دارا خان جوگیزئی نے کی۔ پروگرام میں پارٹی رہنماؤں، کارکنوں اور معزز قائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی صدر حاجی دارا خان جوگیزئی نے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے چیئرمین محمود خان اچکزئی کی سربراہی میں ہر غیر جمہوری قوت کا نہ صرف راستہ روکا بلکہ ہمیشہ آئین، قانون اور جمہوری نظام کی بالادستی کیلئے بھرپور کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی جدوجہد کا محور عوام کی آزادی، قومی حقوق کا تحفظ اور جمہوری نظام کا استحکام ہے۔ اس موقع پر صوبائی نائب صدر وزانگہ لونی نے کہا کہ ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی اور عوامی اقتدار کی واپسی کے لیے محمود خان اچکزئی کی جدوجہد کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔

حاجی ملک درمحمد خان ترین کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

چاغی، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اینٹی کرپشن ڈے کے موقع پر تقریب کا انعقاد

تعلیمی اداروں میں اینٹی کرپشن ڈے کی مناسبت سے تقریبات کا انعقاد کیا جارہا ہے تاکہ طلباء اس میں اپنا کردار ادا کریں

اس دن کو منانے کا مقصد ہر قسم کی کرپشن کے خاتمے فرائض خوش اسلوبی سے انجام دہی کے عزم کا اعادہ کرنا ہے، اسسٹنٹ کمشنر

دالبندین (نمائندہ خصوصی) چاغی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اینٹی کرپشن ڈے کے موقع پر گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شہید فرحان جان دالبندین کے آڈیٹوریم ہال میں ایک تقریب کا انعقاد ہوا جس کے مہمان خاص اسسٹنٹ کمشنر دالبندین مجیب الرحمن ساسولی تھے صدارت اسکول کے ہیڈ ماسٹر عمران خان سنجرانی نے کی دالبندین انتظامیہ کے اسسٹنٹ منظور حسن زئی اسکول کے ایس ایس ٹی جنرل عبدالظاہر انقلابی سینئر ٹیچر امداد اللہ مینگل سمیت دیگر اساتذہ اور طلباء بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اس موقع پر اسکول کے طلباء سید عارف شاہ، ممتاز مینگل، بالاچ خان نوتیزئی، سردار جاوید نوتیزئی اور دیگر نے اینٹی کرپشن ڈے کی مناسبت سے تقاریر کیں۔ تقریب سے مہمان خاص و اسسٹنٹ کمشنر دالبندین مجیب الرحمن ساسولی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اینٹی کرپشن ڈے منانے کا مقصد لوگوں میں بڑھتی ہوئی بدعنوانی کے خلاف شعور اجاگر کرنا ہے کرپشن سے پاک معاشرہ ہم سب کی ضرورت ہے کسی بھی ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں طلباء نمایاں کردار ادا کرتے ہیں اس لئے تعلیمی اداروں میں اینٹی کرپشن ڈے کی مناسبت سے تقریبات کا انعقاد کیا جارہا ہے تاکہ طلباء کرپشن جیسی ناسور کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ آج اس دن کو منانے کا مقصد ہر قسم کی کرپشن کے خاتمے اور اپنے فرائض کی خوش اسلوبی سے انجام دہی کے متعلق عزم کا اعادہ کرنا ہے اس موقع پر سینئر ٹیچر عطاء اللہ حسنی نے بھی خطاب کیا

بلوچستان پولیس اور نیب کے مشترکہ انسداد کرپشن آگاہی مہم کا انعقاد

پولیس افسران جوانوں اور مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت

اوستہ محمد (نامہ نگار) بلوچستان پولیس اور نیب کے مشترکہ انسداد کرپشن آگاہی مہم کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کی جانب سے ایک خصوصی آگاہی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا، جس میں پولیس افسران جوانوں اور مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر آگاہی مہم واک کیا گیا اور یلی سٹی پولیس تھانہ سے برآمد ہو کر شہر کے مختلف علاقوں سے ہوتا ہوا سٹی پولیس تھانہ پہنچ گئے ریلی کے شرکا کے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن میں جس بدعنوانی کے خلاف نعرے درج تھے سٹی پولیس تھانہ اوستہ محمد میں ایک سادہ و پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب سے ڈی ایس پی محمد داؤد کھوسہ نے پولیس اہلکاروں اور عوامی نمائندگان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی اداروں کو کمزور کرتی ہے، ایمانداری اور دیانت داری موثر پولیسنگ کی بنیاد ہیں

گنداواہ میں بدامنی کی بڑھتی ہوئی لہر نے شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار کردیا

نامعلوم ملزمان راہ چلتی ایک لڑکی سے پرس اور موبائل چھین کر با آسانی فرار ہوگئے، علاقے میں غم و غصے کی فضا

جرائم پیشہ عناصر دن دہاڑے کارروائیاں کر کے رفوچکر ہوجاتے ہیں جو انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، شہری

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) ضلع جھل مگسی کے ضلعی صدر مقام گنداواہ میں بدامنی اور چوری کی بڑھتی ہوئی لہر نے شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار بنا دیا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے کہا ہے کہ شہر میں آئے روز ہونے والی وارداتوں کے سبب شہریوں میں شدید بے چینی پھیل چکی ہے۔ گزشتہ شب پیش آنے والے افسوسناک واقعے میں نامعلوم ملزمان نے راہ چلتی ایک لڑکی سے پرس اور موبائل چھین کر با آسانی فرار ہوگئے، جس کے بعد علاقے میں شدید غم و غصے کی فضا پیدا ہوگئی۔ شہریوں نے انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر دن دہاڑے کارروائیاں کر کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی آنکھوں میں دھول جھونک کر رفوچکر ہوجاتے ہیں جبکہ انتظامیہ کیلئے ایک سوالیہ نشان ہے عوامی و سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر جھل مگسی، ایس پی جھل مگسی اور دیگر اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور شہر میں موثر گشت سمیت سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں۔ بصورت دیگر شہریوں نے کہا ہے کہ ہم احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں

بدعنوانی کا ناسور ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے، اسد اللہ

آئی اے سی ڈی عالمی فورم انسداد بدعنوان ڈے ہر سال نو دسمبر کو منایا جاتا ہے، کمشنر سبی

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے کہا ہے کہ بدعنوانی کا ناسور ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ کر تباہی و بربادی کی جانب تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہے کا خاتمہ موجودہ وقت کی اشد ضرورت ہے ضلعی آفیسران سول سوسائٹی و میڈیا کے نمائندگان کی ذمہ داری ہے کہ وہ معاشرے سے بدعنوانی کے خاتمے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں بدعنوانی کے ناسور کا خاتمے کے لئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کرپشن کے عالمی دن کے موقع پر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام سرکٹ ہاؤس سبی میں پروقار تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈی آئی جی سبی ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن سبی سرکل شاہ زمان مندوخیل ڈاکٹر ذیشان بشیر، پی اے کمشنر سبی ڈویژن ذیشان طاہر، سبی پریس کلب کے سینئر جوائنٹ سیکرٹری سید طاہر علی سبی یونین آف جرنلسٹس کے آرگنائزر میر ظہور احمد مگسی، سید جاوید شاہ کے علاوہ ضلعی آفیسران سول سوسائٹی کے نمائندگان کا بڑی تعداد طلبہ وطالبات شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھے قبل ازیں تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہو کمشنر سبی ڈویژن ڈی آئی جی سبی وڈیگر کو خصوصی شیلڈز سے نوازا گیا ڈی آئی جی سبی طلباء وطالبات سمیت دیگر مہمانوں نے اپنے اپنے انداز سے کرپشن کے حوالے سے آگہی فراہم کی

اے ڈی سی ڈیرہ بگٹی حسنین احمد ابڑو کا اے ڈی سی جنرل کے زیر تعمیر گھر کا دورہ

ڈیرہ بگٹی (اے این این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حسنین احمد ابڑو نے آج اے ڈی سی جنرل کے زیر تعمیر گھر کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے تعمیراتی کام اور استعمال ہونے والے میٹیریل کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ عملے کو واضح ہدایات جاری کیں کہ تعمیر میں صرف اعلیٰ معیار کا میٹیریل استعمال کیا جائے اور کام کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے

سرانان، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی محب اللہ اچکزئی اصغر باچاخان سید حاجی چمن آغا کے بیٹے کی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

صحبت پور، نامعلوم مسلح افراد شہریوں سے موٹر سائیکل چھین کر فرار

پولیس نے ڈاکوؤں کو پنجابی ڈپ کے قریب گھیر لیا، دو موٹر سائیکلیں برآمد، ایک ڈاکو ظہور جکھرانی گرفتار

دوسرا ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو، برآمد شدہ موٹر سائیکلیں اور گرفتار ملزم ایس ایچ او حامد علی کی تحویل میں

صحبت پور (نمائندہ مشرق) پولیس تھانہ میر حسن خان کھوسہ کی حدود میں حاجی امداد حسین کھوسہ کے قریب نامعلوم مسلح افراد شہریوں سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ واردات کے بعد موٹر سائیکل مالکان نے بروقت ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈاکوؤں کا پیچھا کیا اور فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او حامد علی بمبل اپنی ٹیم کے ہمراہ تعاقب کے لیے روانہ ہوئے۔ واقعے کی اطلاع ضلع صحبت پور میں موجود ایس ایچ او شہید ملک محمد علی، ایس ایچ او علی رضا کھوسہ اور پنجابی ڈپ چوکی کی نفری کو بھی دی گئی، جنہوں نے فوری طور پر کارروائی میں حصہ لیا مشترکہ کوششوں اور موٹر سائیکل مالکان کی بہادری کے نتیجے میں ڈاکوؤں کو پنجابی ڈپ کے قریب گھیر لیا گیا، جہاں سے دو موٹر سائیکلیں برآمد کرلی گئیں جبکہ ایک ڈاکو ظہور احمد جکھرانی کو گرفتار کرلیا گیا۔ دوسرا ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ برآمد شدہ موٹر سائیکلیں اور گرفتار ملزم اس وقت ایس ایچ او حامد علی بمبل کی تحویل میں ہیں۔ موٹر سائیکل مالکان، پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی، چاچن پٹی پولیس، پنجابی ڈپ چوکی کی نفری اور پولیس تھانہ میر حسن خان کھوسہ کی بروقت اور موثر کارکردگی کو عوامی حلقوں نے قابل تحسین قرار دیا ہے۔

محکمہ مواصلات سڑکوں کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، ذوالفقار علی

بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر سے اوستا محمد ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، ایس ڈی او

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد محکمہ مواصلات و تعمیرات معیاری و دیرپا بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے تجربہ کار انجینئرز کی نگرانی میں کام کی معیار کو یقینی بنایا گیا ہے صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی ایم پی اے فنڈ سے اوستہ محمد و تحصیل گنداخہ میں بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر کو یقینی بنایا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار ایس ڈی او ذوالفقار علی عمرانی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر سے اوستہ محمد ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور علاقے میں خوشحالی آئے گی اور لوگوں کو بہتر سفری سہولیات موثر ہوگا ایس ڈی او ذوالفقار علی عمرانی نے کہا کہ کام کے معیار میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا غیر معیاری میٹیریل استعمال کرنے والے ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کر کے ان کی لائسنس کینسل کر دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ضلع اوستہ محمد میں جاری ترقیاتی کاموں کی نگرانی ایکسین ستار جنگلزئی خود کر رہے ہیں ان کا کہنا تھا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات معیاری کام کرانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

بقیہ 1 — وزیراعلیٰ

جاری ہے، جس کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے وفد نے ہنامنگ اور وکی میں ورکرز کے لیے ریسکیو سینٹر قائم کرنے، شعبے میں اصلاحات، اور ورکروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے صوبائی حکومت کے اقدامات کو قابل ستائش قرار دیا اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔ دریں اثناء آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز کے مرکزی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ فیڈریشن کے چیئرمین نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو بتایا کہ فیڈریشن کی گزشتہ دو ملاقاتوں کے دوران مزدوروں کے بعض مسائل کو حل کرنے پر بات چیت ہوئی تھی جن کے حل کیلئے صوبائی حکومت کی توجہ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے لیبر پالیسی بنانے، مزدوروں کے حل طلب مسائل پر عملدرآمد شروع کرانے، صوبہ بلوچستان کے مزدوروں کو وفاقی طرز پر ڈی آر اے الاؤنس کی منظوری دینے اور بی ڈی اے کے مزدوروں کی 3 ماہ سے رکی ہوئی تنخواہوں کی ادائیگی کرنے کا کہا۔ جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے لیبر پالیسی بنانے کیلئے کمیٹی قائم کی جبکہ مزدوروں کے دیگر مسائل کے حل کیلئے صوبائی مشیر، سیکرٹری لیبر، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ اور آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز بلوچستان اور لیبر فیڈریشن بلوچستان کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی بنانے، مزدوروں کو ڈی آر اے الاؤنس کی ادائیگی کیلئے صوبائی فنانس منسٹر میر شعیب نوشیروانی اور فیڈریشنز کے نمائندوں کی میٹنگ کرنے اور بی ڈی اے کے مزدوروں کی تنخواہوں کی فوری ادائیگی کرنے کے احکامات بھی جاری کیے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ مخلوط صوبائی حکومت مزدوروں کو ملک اور صوبے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت دیتی ہے اور صوبائی حکومت مزدوروں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ جس پر محمد رمضان اچکزئی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 2 — وزیراعظم

مزید منظم انداز میں جاری رکھے گا، حکومتی منصوبوں میں مالی، انتظامی اور ادارہ جاتی شفافیت کو یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کی مناسبت سے وزیراعظم ہاؤس میں تقریب ہوئی جس میں وزیراعظم شہباز شریف نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ نیب کی کامیاب کارروائیوں پر چیئرمین نیب اور تمام ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ شفافیت سے کام جاری رکھنے کے لیے نیب کو مکمل ادارہ جاتی آزادی حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مالیاتی بدعنوانی کے خاتمے کے لیے اقدامات کو مزید منظم انداز میں جاری رکھے گا، پاکستانی نوجوان ہمارا قیمتی اثاثہ، پرامن، خوش حال اور ترقی یافتہ مستقبل کی ضمانت ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مالی بدعنوانی سے پاک معاشرہ ہی ملکی ترقی، خوش حالی اور عوامی اعتماد کو یقینی بناتا ہے، حکومتی منصوبوں میں مالی، انتظامی اور ادارہ جاتی شفافیت کو یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ تقریب سے چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے بھی خطاب کیا اور نیب کی حالیہ چند سالوں اور بالخصوص اس سال میں کارکردگی پر وزیراعظم اور حاضرین کو بریفنگ دی۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ تمام متعلقہ ریاستی اداروں کے ساتھ باہمی اور موثر تعاون سے نیب نے 2025 میں 5.1 ٹریلین روپے سے زائد مالیت کے اثاثوں کی غیر معمولی وصولیاں ممکن بنائیں۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا کہ 2022 کے بعد سے قومی احتساب بیورو میں اصلاحاتی اقدامات ہنگامی بنیادوں پر اٹھائے گئے ہیں، جس سے قومی احتساب بیورو کی کارکردگی میں خاطر خواہ بہتری دیکھی جاسکتی ہے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ انسداد بدعنوانی کا عالمی دن وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہونا اس بات کا عکاس ہے کہ احتساب اور جوابدہی حکومت کے لیے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔

بقیہ 3 — پاکستان، انڈونیشیا

مقررکردہ اہداف کے حصول کے لیے کام کرنے کی یقین دہانی کرائی اور کہا ہے کہ پاکستان اپنے ڈاکٹرز، ڈینٹسٹس، طبی ماہرین اور دیگر متعلقہ ماہرین کو انڈونیشیا بھیجے گا۔ یہ فیصلہ اسلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف اور انڈونیشین صدر پرابوو سبیانتو کے درمیان ملاقات کے دوران کیا گیا جس کے بعد مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کی تقریب بھی منعقد کی گئی۔ بعدازاں مشترکہ پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے انڈونیشین صدر کے ساتھ مل کر مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے مقررکردہ اہداف کے حصول کے لیے کام کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعظم نے دوطرفہ تجارت کے حوالے سے کہا کہ دونوں طرفین نے پاکستان کی زرعی مصنوعات اور آئی ٹی سروسز کے ذریعے تجارتی توازن قائم کرنے کے لیے مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ کہا گیا کہ پاکستان اور انڈونیشیا کی تجارت کے 4.5 ارب ڈالر کا حجم زیادہ تر انڈونیشیا کے حق میں ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اپنے ڈاکٹرز، ڈینٹسٹس، طبی ماہرین اور دیگر متعلقہ ماہرین کو انڈونیشیا بھیجے گا تاکہ وہاں کی طبی ضروریات پوری کی جا سکیں۔ وزیراعظم نے نوٹ کیا کہ ہمارے تعلقات 75 سال سے زیادہ پر محیط ہیں اور انڈونیشین صدر کے دورے کا وقت دوطرفہ سفارتی تعلقات کے قیام کی سالگرہ سے مطابقت رکھتا ہے۔ انہوں نے اس موقع کو شایان شان منانے کی پاکستان کی مضبوط خواہش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے یاد دلایا کہ 1965 کی جنگ میں انڈونیشیا نے پاکستان کے ساتھ مضبوط حمایت کا مظاہرہ کیا اور کہا کہ یہ پاکستان کے عوام کے لیے ہمیشہ یادگار رہے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ یقین ہے کہ انڈونیشین صدر کے دورے سے بھائی چارے کے تعلقات کو ایک بلند سطح تک پہنچایا جائے گا، انہوں نے زور دیا کہ وہ نہ صرف اپنے ممالک بلکہ پورے خطے کی ترقی اور امن کو فروغ دینے کے لیے مل کر کام کریں گے۔ اس موقع پر انڈونیشین صدر پرابوو سبیانتو نے کہا کہ پاکستان اور انڈونیشیا نے دوطرفہ تجارتی تعلقات کو عملی طور پر متوازن کرنے کی رفتار بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ 4 — تبادلہ خیال

خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم اور ایرانی وزیر خارجہ نے دوطرفہ مفادات سے متعلق معاملات پر مسلسل اعلیٰ سطح کے رابطوں کو بھی سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے اس ہفتے ترکمانستان میں ہونے والے بین الاقوامی فورم برائے امن و اعتماد میں ملاقات کی امید ظاہر کی۔

بقیہ 5 — دھرنا

قریب فیکٹری ناکے پر دھرنا دے دیا جس میں اراکین قومی اسمبلی جنید اکبر، شاہد خٹک، خیبرپختونخوا کابینہ کے اراکین مینا خان، شفیع جان و دیگر موجود ہیں۔ قبل ازیں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو پولیس نے فیکٹری ناکے پر روکا، علیمہ خان کی جانب سے کارکنان کو پرسکون رہنے کی ہدایت کی گئی اور وہ کارکنان کو ناکے سے پیچھے ہٹاتی رہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کے ساتھ ہماری کوئی لڑائی نہیں، پولیس والے ہمارے بھائی ہیں یہ ہمارے ساتھ بہت اچھے ہیں، کارکنوں کو اس لیے پیچھے کررہی ہوں کیونکہ خواتین ساتھ ہیں، پولیس والے خود پریشان ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ ملاقات کی اجازت عرصے سے نہیں دی جارہی، میری بہن نے گزشتہ ملاقات پر کوئی سیاسی گفتگو نہیں کی، بانی پی ٹی آئی کو کس کے احکامات پر قید تنہائی میں رکھا گیا، ہم ملاقات کیلئے آئے پچھلے ایک ماہ سے اسی مقصد کیلئے آرہے ہیں۔

بقیہ 6 — فیلڈ مارشل

"کے طور پر منایا جا رہا ہے، ہنگور ڈے" آبدوز ہنگور" کی بہادری اور پاکستان کے ناقابل تسخیر دفاع کی روشن علامت ہے۔ اس موقع پر اپنے بیان میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کہنا تھا پاکستان خودمختاری اور دفاع وطن کے لیے پرعزم ہیں۔ 9 دسمبر 71 کو آبدوز ہنگور کے عملے نے جانبازی کی درخشندہ تاریخ رقم کی جو آج تک دشمن کے ذہن پر نقش ہے، یہ دن یاد کرواتا ہے کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کہنا ہے کہ 1971 میں پاک بحریہ دشمن کیلئے سمندر میں سیسہ پلائی دیوار تھی اور آج بھی پاک بحریہ ملکی بحری سرحدوں پر آہنی فصیل ہے۔ اپنے پیغام میں نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ پاک بحریہ شاندار ماضی کی طرح آج بھی دشمن کے دانت کھٹے کرنے کو ہمہ وقت تیار ہیں۔ نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف کا کہنا تھا 8 جدید ہنگور کلاس آبدوزیں جلد فلیٹ میں آرہی ہیں۔ ہنگور ڈے پر پاک بحریہ کی جانب سے خصوصی دستاویزی فلم "ہدف" بھی جاری کی گئی ہے۔

بقیہ 7 — نوازا گیا

دونوں رہنماؤں نے امن، استحکام اور خوش حالی کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ایوان صدر سے جاری اعلامیے کے مطابق ایوان صدر میں خصوصی اعزازی تقریب منعقد ہوئی جہاں انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو کو نشان پاکستان عطا کیا گیا، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق اور اعلیٰ عسکری قیادت نے شرکت کی۔

بقیہ 8 — گورنر

ہماری روزمرہ کی زندگی کے ہر پہلو کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ ضروری ہے کہ کسی بھی قوم کی ترقی اور شہریوں کو ان کے جائز حقوق حاصل کرنے کیلئے ہر سطح پر بدعنوانی کا خاتمہ اولین شرط ہے۔ بدعنوانی کے خلاف اقوام متحدہ کے کنونشن کے دستخط کنندہ کے طور پر، قومی احتساب بیورو پاکستان میں بدعنوانی کے خلاف اپنی جنگ میں پرعزم ہے۔ اس مسئلے سے نمٹنے کیلئے ہمیں اس کی بنیادی وجوہات پر توجہ دینی چاہیے کیونکہ بدعنوانی ہرگز کوئی انفرادی مسئلہ نہیں ہے۔ بدعنوانی کے خاتمے کیلئے حکومتی اور انفرادی سطح پر مشترکہ شعوری کوششیں ضروری ہیں جس سے نہ صرف افراد بلکہ خاندان اور کمیونٹیز بھی متاثر ہوتی ہیں۔ حکومت، قومی احتساب بیورو اور شہریوں کو بدعنوانی کے خاتمے اور انصاف کی فراہمی کیلئے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کیلئے ہمیں ملکر مل کر کام کرنا ہوگا۔ انسداد بدعنوانی کا بین الاقوامی دن ہم سب کیلئے تجدید عہد کا دن ہے

بقیہ 9 — سہیل آفریدی

سہیل آفریدی کی زیر صدارت کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ کا اہم اجلاس ہوا، جس میں سی ٹی ڈی کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں سی ٹی ڈی کے 186 ڈیٹیلیز کو 638 مستقل فیلڈ آپریٹرز میں تبدیل کرنے کی اصولی منظوری دے دی۔ دوران اجلاس بریفنگ میں بتایا گیا کہ فیلڈ آپریٹرز سائبر پیٹرولنگ، انٹیلیجنس، سرویلنس اور فیلڈ آپریشنز انجام دیں گے، 4 ارب 30 کروڑ روپے لاگت سے ضلعی سطح پر سی ٹی ڈی کی توسیع کی جائے گی۔

بقیہ 10 — ترسیلات زر

سیلات 3.18 ارب ڈالر رہیں، نومبر میں ترسیلات اکتوبر سے 7 فیصد کم رہیں جب کہ نومبر 2024 سے رواں مالی سال نومبر کی ترسیلات 9 فیصد زائد ہیں۔ مرکزی بینک کے مطابق نومبر 2025 میں سعودی عرب سے 75.3 کروڑ بھیجے گئے، اسی ماہ متحدہ عرب امارات سے 67.5 کروڑ ڈالر بھیجے گئے جب کہ 5 ماہ میں سعودی عرب سے 3.9 ارب ڈالر بھیجے گئے۔

بقیہ 11 — فیصلے متوقع

ملکی معاملات کے اہم امور پر غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ملکی معاشی اور سیاسی صورتحال پر غور کیا جائے گا، اجلاس میں کابینہ کمیٹیوں کے فیصلے توثیق کے لیے پیش کیے جائیں گے، وفاقی کابینہ کے اجلاس میں قومی نوعیت اہم فیصلے متوقع ہیں، مختلف وزارتوں اور ڈویژنز کی سمریاں منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی۔

بقیہ 12 — بیرسٹر گوہر

میں نہیں، آپ ایک دوسرے کو خطرہ نہ سمجھیں، کچھ سیاسی لوگ آپس میں لڑ پڑیں ایسا نہیں ہونا چاہئے، لفظ کشیدگی سیاست سے ختم ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ جب بانی اور بشریٰ بی بی سے ملاقاتیں ہوں گی تو حالات بہتر ہوجائیں گے، فیملی کی ملاقاتوں پر سیاست نہ کریں، فیملی کو ملاقات کی اجازت ملنی چاہئے، وکلا کو بھی ملنے دیں، بانی سے جب ملاقاتیں ہورہی تھیں ہم کسی اور طرف نکل چکے تھے، ملاقاتیں جاری رہتیں تو ابھی تک کچھ نہ کچھ ہوچکا ہوتا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا بانی کی تحریر کے مطابق محمود اچکزئی، علامہ راجا ناصر کے پاس بات کرنے کا اختیار ہے، ادارے اور پارلیمنٹ موجود ہیں، عوام رہنماؤں کی طرف دیکھ رہی ہے، ہم نے بڑی کوشش کی کہ سسٹم میں رہ کر تبدیلی لائیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ کچھ لوگ چاہتے ہیں کہ ایک بڑا ادارہ اور سیاسی لوگ آپس میں لڑ پڑیں۔ وہ منگل کے روز عمران خان سے ملاقات کے لیے اڈیالہ جیل جانے کی کوشش کررہے تھے تاہم پولیس نے انہیں راستے میں ہی روک لیا۔

بقیہ 13 — فیلڈ مارشل، ملاقات

ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سکیورٹی پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر پاکستان اور انڈونیشیا نے دفاعی تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انڈونیشیا کے صدر نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کے کردار کا اعتراف کیا۔

بقیہ 14 — بلاول بھٹو

وفاقی حکومت کے پاس ہے، جس کو اکٹھا کرنے کی ذمہ داری صوبوں کو ملنی چاہیے، وفاقی حکومت پر معاشی مشکلات ہیں جس کو دور کرنا ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے، ایف بی آر کو ایسا ادارہ بنانا چاہیے جس پر بزنس کمیونٹی کا اعتماد بڑھے، ہم ہر چیز آئی ایم ایف پر نہیں ڈال سکتے، وسائل کو بروئے کار لا کر ملکی معیشت کو مضبوط سے مضبوط تر بنانا ہوگا، پرائیویٹ سیکٹر کیساتھ مل کر کام کرنے سے معیشت کو تقویت ملے گی، فخر کی بات ہے کہ چین جیسے ممالک ہمارے ساتھ کام کر رہے ہیں، چین پاکستانی اشیا کو اپنے ملک میں متعارف کرانا چاہتا ہے، ہمیں سوچنا ہے کہ چین کے ساتھ ہم کیسے اپنے نمبر کو اوپر لے کر جا سکتے ہیں، تاجر برداری کا معیشت کی بہتری میں بہت اہم کردار ہے، تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایف پی سی سی آئی میں صنعت کاروں اور تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان میں بزنس کے حوالے سے تاریخ کو غلط پیش کیا جاتا ہے لیکن ہم تاریخ کو چھوڑ کر مستقبل کی طرف آتے ہیں، ہم ایف پی سی سی آئی کے ایڈوائزری گروپ کیساتھ مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہم تین نسلوں سے پاک چین تعلقات کو لے کر چل رہے ہیں، چین نے پاکستان کے لیے بہت سی کاروباری رعایتیں دی ہیں۔

بقیہ 15 — سرفراز بگٹی

ادارہ جاتی مضبوطی اور بدعنوانی کے مکمل خاتمے کے لیے صوبائی حکومت واضح حکمت عملی اور مضبوط سیاسی عزم کے ساتھ کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کسی بھی معاشرے کی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، اس لیے اس کے خاتمے کے لیے سخت اقدامات اور جدید نظم و نسق کا نفاذ وقت کی اہم ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کو فعال اور خودمختار انداز میں کام کرنے کے لیے وسیع اصلاحات متعارف کرائی ہیں۔ اسی طرح چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کو بھی نئی توانائی، مزید اختیارات اور بہتر نگرانی کے میکانزم کے ساتھ فعال کردیا گیا ہے تاکہ سرکاری اداروں میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جاسکے انہوں نے کہا کہ بدعنوانی کے سدباب کے لیے محکمانہ اصلاحات، ڈیجیٹل گورننس، سرکاری ریکارڈ کی جدید خطوط پر منتقلی، ترقیاتی منصوبوں کی سخت مانیٹرنگ اور عوام کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔

بقیہ 16 — طلال بگر

گے، تعلیم، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں اضافے کے لیے کام جاری ہے۔ امریکی ناظم الامور نے وزیرمملکت برائے تعلیم وجیہہ قمر کے ہمراہ جدید تعلیمی وسائل سے آراستہ امریکی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی پروقار عمارت کا افتتاح کیا۔ نیٹلی بیکر نے کہا میں پاک امریکا تعلقات کے حوالے سے بہت مثبت توقع رکھتی ہوں، صدر ٹرمپ کی زیرنگرانی ہمارے تعلقات بھرپور طریقے سے آگے بڑھے ہیں۔ بیکر نے کہا کہ ہماری واشنگٹن ڈی سی اور پاکستان میں متعدد ملاقاتیں ہوئی ہیں۔

بقیہ 17 — الیکشن کمیشن

سکیورٹی انتظامات بھی حتمی مراحل میں داخل ہوچکے ہیں۔ ادھر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اسلام آباد میں بھی لوکل گورنمنٹ انتخابات کرانے کا اعلان کر دیا ہے اور اس کے لیے شیڈول بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق اسلام آباد میں بھی بلدیاتی الیکشن مقررہ تاریخ کے مطابق منعقد کیے جائیں گے۔

بقیہ 18 — جعلی قرار دے دی

جہانگیری کی ڈگری تنازع کیس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کی رپورٹ اسلام آباد ہائیکورٹ میں جمع کروادی گئی، کراچی یونیورسٹی کا جواب بھی رپورٹ کا حصہ ہے۔ ایچ ای سی کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کا یونیورسٹی کے انتظامی معاملات میں کوئی کردار نہیں، موجودہ رٹ پٹیشن مکمل طور پر یونیورسٹی کا داخلی معاملہ ہے اور یونیورسٹی کی اپنی اتھارٹیز ڈگری جاری کرنے کی ذمہ دار ہیں، اس حوالے سے ایچ ای سی کا کوئی کردار نہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ جسٹس طارق جہانگیری کی ڈگری ہائر ایجوکیشن کمیشن کے سامنے تصدیق کے لیے پیش ہی نہیں کی گئی اور ڈگری کی تصدیق سے متعلق نہ ہی کوئی درخواست زیرالتوا ہے۔

بقیہ 19 — محسن نقوی

برطانوی وزیرمملکت اور نائب وزیر خارجہ برائے پاکستان اور افغانستان ہیمش فالکنر سے بھی ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر محسن نقوی کی برطانوی اعلیٰ حکام سے ملاقات میں پاکستان اور برطانیہ میں انسداد منشیات اور مجرموں کی حوالگی کے معاملے پر گفتگو ہوئی۔

بقیہ 20 — منشیات برآمد

کین پاؤڈر برآمد کی ہے، جس کی مجموعی مالیت تقریبا 4.9 ارب روپے بتائی جاتی ہے۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران دو ملزمان کو بھی گرفتار کرلیا گیا ہے۔ اس آپریشن کا مقصد منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنا اور ملک دشمن عناصر کی منصوبہ بندی ناکام بنانا ہے۔

بقیہ 21 — عطاء اللہ تارڑ

کی طرف جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے تحت ریفارم اور فیٹف کی گرے لسٹ سے نکلنے سے معاشی استحکام آیا ہے، آئی ایم ایف نے ہمارے ریفارم اسٹرکچر کی تعریف کی ہے، ایف بی آر میں سفارش بالکل ختم کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2019 میں پی ٹی آئی دور میں رپورٹ آئی کہ چینی کم ہے، ایکسپورٹ نہ کی جائے، ہم نے جب چینی ایکسپورٹ کی تو وافر مقدار میں تھی، آئی ایف ایم رپورٹ میں چینی کے حوالے سے پی ٹی آئی دور کا ذکر ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ حکومت ڈی ریگولیشن کی طرف جارہی ہے، وزیراعظم نے چینی کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرایا، اب شوگر ملز سے نکلنے والی چینی کی ایک بوری پر بھی کیو آر کوڈ درج ہے، اسے ٹریس کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 22 — سلمان راجا

کررہے ہیں، ہم عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ملاقات چاہتے ہیں، رانا ثنا اللہ سے ہماری پارلیمانی پارٹی کی کیا بات ہوئی لاعلم ہوں، اگر انہوں نے بانی چیئرمین اور بشریٰ بی بی سے ملاقات بابت بات کی ہے تو درست ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کیسا ہوگا یہ فیصلہ محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کریں گے، ہم پرامن اور قانون و آئین کے مطابق یہاں آتے ہیں، ریاست طاقت استعمال کرتی ہے، آپ بتائیں جب کورٹ آرڈر کے باوجود ملاقات نہ ہو تو ہم کیا کریں؟۔

بقیہ 23 — بارودی سرنگیں برآمد

کے قبضے میں لے لیں سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق گزشتہ روز سی ٹی ڈی کے عملے نے خفیہ اطلاع ملنے پر بلوچستان کے سرحدی شہر چمن کے علاقے تاج کلی لقمان میں کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردی کی غرض سے چھپائی گئیں 6 اینٹی ٹینک بارودی سرنگیں برآمد کر کے قبضے میں لے لیں اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کے عملے نے بارودی سرنگوں کو قبضے میں لے لیا سی ٹی ڈی حکام کے مطابق برآمد ہونے والی بارودی سرنگیں چمن میں کسی بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے کی نیت سے چھپائی گئی تھیں اور برآمد ہونے والے بارودی سرنگوں کو چمن کے سرحدی علاقے روغانی ایریا میں دھماکے سے تباہ کر دیا گیا۔

بقیہ 24 — بیرسٹر علی ظفر

کیخلاف جنگ کے دوران سب ایک تھے اور رہنا بھی چاہئے۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر علی ظفر نے یاد دہانی کرائی کہ بھارت کے ساتھ جنگ کے دوران اندرونی سیاست کو پس پشت ڈال دیا گیا اور سب نے ایک ساتھ کھڑے ہو کر ملک کا دفاع کیا۔

بقیہ 25 — رجب بٹ

ہے اور وہ صبح کی پرواز سے پاکستان روانہ ہوئے۔ رجب بٹ کی ملک بدری کی وجہ ان کا برطانوی ویزے کی منسوخی بنا۔ رپورٹ کے مطابق رجب بٹ کے خلاف جاریہ قانونی مقدمات کو ویزا ایپلیکیشن میں ظاہر نہ کرنے پر ان کا ویزا منسوخ کیا گیا۔ دوسری جانب اسلام آباد ہائی کورٹ نے رجب بٹ اور ٹک ٹاکر ندیم نانی والا کی (آج) بدھ تک کی حفاظتی ضمانت منظور کرلی۔

بقیہ 26 — عہدے سے مستعفی

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سیکرٹری جنرل طاہر حسین کا استعفیٰ منظور کرلیا۔ سیکرٹری جنرل طاہر حسین کا استعفیٰ یکم جنوری 2026 سے موثر ہوگا۔

بقیہ 27 — منظوری دیدی

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیرصدارت ای سی سی کا اجلاس ہوا جس میں اقتصادی رابطہ کمیٹی نے شہریوں پر اضافی بوجھ ڈالنے کی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق ای سی سی نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ڈیلرز کے مارجن میں اضافے کی منظوری دے دی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں فی لیٹر 2 روپے 56 پیسے تک اضافی بوجھ پڑے گا جب کہ ایک روپے 28 پیسے فی لیٹر کا اضافی بوجھ فوری طور پر منتقل ہوگا۔

بقیہ 28 — پولیس کا انکشاف

انکشافات سامنے آئے ہیں۔ ڈاکٹر وردہ کو 4 دسمبر کو ہسپتال کے باہر سے اغوا کیا گیا تھا جس کے 4 دن بعد ان کی لاش لڑی ہوتا کے مقام سے ملی تھی۔ ڈی پی او ہارون رشید کے مطابق ڈاکٹر وردہ کو اغوا کے ایک گھنٹے بعد ہی قتل کر دیا گیا تھا، ان کو ملزمان پہلے جناح آباد کے زیرتعمیر مکان میں لے گئے جہاں خاتون کو گلا دبا کر قتل کیا گیا اور لاش ٹھنڈیانی کے قریب دفنا دی گئی تھی۔ ڈی پی او نے بتایا کہ واردات میں استعمال ہونے والی دونوں گاڑیاں تحویل میں ہیں، ڈاکٹر وردہ کی دوست اور اس کے شوہر سمیت 3 ملزمان گرفتار ہیں۔

بقیہ 29 — قرارداد منظور

پانچ قراردادیں منظور کرلیں، کارروائی کے دوران چھ مسودات قوانین کی منظوری جبکہ پانچ متعارف کرائے گئے، پنجاب اسمبلی کا اجلاس غیرمعینہ مدت کے لئے ملتوی کردیا گیا۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس مقررہ وقت کی بجائے ڈیڑھ گھنٹہ کی تاخیر سے پینل آف چیئرمین سمیع اللہ خان کی صدارت میں شروع ہوا۔ ایوان میں سید حسن مرتضیٰ کے والد کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے سکلز ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیوشپ ڈیپارٹمنٹ کی ایوان میں آمد تک وقفہ سوالات ملتوی کرو دیا گیا، پینل آف چیئرمین نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اجلاس ڈیڑھ گھنٹہ تاخیر سے شروع کرنے کے باوجود وزرا کی عدم موجودگی افسوسناک ہے، پرائیویٹ ممبرڈے پر وزرا کی کوئی دلچسپی نظر نہیں آرہی، اراکین نے متعلقہ سیکرٹری کی عدم موجودگی کی نشاندہی کی جس پر پینل آف چیئرمین نے اس معاملے پر بھی سخت برہمی کا اظہار کیا۔ حکومتی رکن امجد علی جاوید کا ایجوکیشن سے متعلقہ نوٹس برائے زیرو آور وزیر تعلیم کی عدم موجودگی کے باعث ملتوی کر دیا گیا جبکہ آفتاب احمد خان، طیاب راشد، فیلبوس کرسٹوفر، جاوید نیاز منج، شگفتہ فیصل اور محمد طاہر پرویز کے نوٹسز برائے زیرو آور متعلقہ اراکین کی عدم موجودگی کے باعث نمٹا دیئے گئے۔

بقیہ 30 — بجلی مہنگی

کے مطابق نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی 33 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی منظوری دے دی۔ جولائی تا ستمبر 2025 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی مہنگی کرنے کی منظوری دی گئی ہے

بقیہ 31 — وفاقی وزیر

کہنا تھا کہ ندیم افضل چن بھی پی ٹی آئی کے پاس گئے اور کہا کہ پیپلز پارٹی آپ کو بلا مشروط سپورٹ کرتی ہے آپ حکومت بنائیں۔ مصدق ملک نے کہا کہ پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کی ندیم افضل چن کے ذریعے دی گئی پیش کش کو ٹھکرا دیا تھا، پی ٹی آئی حکومت بھی نہیں بنانا چاہتی اور چلانا بھی نہیں چاہتی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت چلنے بھی نہیں دینا چاہتی تو آخر چاہتی کیا ہے؟ آپ حکومت سے بات کرنا بھی نہیں چاہتے لوگوں کو بے اختیار سمجھتے ہیں۔

بقیہ 32 — مسلم ممالک

کمیٹی میں شامل ہوں گے۔ رپورٹ کے مطابق ٹونی بلیئر اب اس کونسل کی رکنیت کے لیے زیرغور نہیں ہیں، جس کی تجویز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دی تھی، یہ معلومات ان لوگوں سے حاصل ہوئی ہیں جو بات چیت سے واقف ہیں۔ ٹونی بلیئر واحد عوامی طور پر منسلک شخصیت تھے، جب ٹرمپ نے غزہ کی جنگ کے بعد انتظام کے لیے اپنے 20 نکاتی منصوبے کا اعلان کیا تھا۔ اس وقت ٹرمپ نے بلیئر کو ایک مضبوط امیدوار قرار دیتے ہوئے ان کی تعریف کی تھی۔ بلیئر نے بھی اس کونسل میں خدمات انجام دینے پر آمادگی ظاہر کی تھی، جس کی صدارت ٹرمپ کرنا چاہتے ہیں۔ گزشتہ ہفتے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے بلیئر کے ساتھ ایک خفیہ ملاقات کی تھی، جس کا مقصد غزہ میں آنے والے دنوں کے انتظامات پر بات چیت کرنا تھا۔

بقیہ 33 — چوری کا الزام

ہوچکی ہے اور اس پر تحقیقات جاری ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون سے بالاتر کوئی اقدام قبول نہیں ہوگا دوسری جانب شہریوں اور سماجی حلقوں نے اس غیرانسانی سلوک پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے عوامی رائے ہے کہ جدید دور میں اس قسم کی رسومات نہ صرف انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے بلکہ پشتون روایات کی بھی غلط تشریح ہے علاقے میں خوف بے چینی اور سخت ردعمل پایا جارہا ہے جبکہ انتظامیہ نے واقعے کی مکمل رپورٹ جلد جاری کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ دریں اثناء این آئی کے مطابق آگ پر چلنے کے باوجود آٹھ افراد میں سے کوئی زخمی نہیں ہوا۔ ڈی سی موسیٰ خیل نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ نے غیرقانونی جرگے کا انعقاد کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے جرگے میں موجود سات افراد کو نامزد کیا ہے ان میں سے ایک شخص کو گرفتار کرلیا گیا باقی افراد کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں ان کو جلد تک گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ 34 — ریکارڈ توڑ دیا

بیان میں حنیف عباسی نے کہا کہ پچھلے 8 ماہ میں ریلوے میں اصلاحات کے باعث روزانہ آمدن میں غیرمعمولی اضافہ ہوا ہے۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ گزشتہ 15 دنوں سے روزانہ 300 ملین روپے کی آمدنی حاصل ہورہی ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ ریلوے کی جدیدکاری اور اصلاحات کے عمل کے تحت پورے پاکستان میں ریلوے ڈیجیٹائز کیا جاچکا ہے

بقیہ 35 — ایس ای سی پی

اور منافع دکھا کر عوام کو پھنساتی ہیں، ابتدا میں تھوڑی رقم واپس کرکے اعتماد حاصل کیا جاتا ہے بعد میں اکاؤنٹ بلاک کردیا جاتا ہے۔ غیرلائسنس یافتہ افراد یا کمپنیوں کو ہرگز پیسے نہ دیں۔

بقیہ 36 — ٹریفک کیلئے بند

باعث موٹروے ایم ون پشاور سے رشکئی تک بند ہے جبکہ رشکئی سے برہان تک کھول دی گئی ہے۔

بقیہ 37 — خواجہ آصف

کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی لیڈر شپ پاکستان کے ساتھ نہیں بلکہ دشمنوں کی صف کے ساتھ کھڑی ہے۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ کی تحقیقات تو بعد کی بات ہے، پی ٹی آئی نے لاتعلقی کا اظہار نہیں کیا، انہیں کیا کرنا ہے کیا بیانیہ بنانا ہے، اس اکاؤنٹ سے ساری لیڈرشپ منسلک ہیں۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ اس اکاؤنٹ سے بھی پاک فوج کے خلاف تو بھی عدالتوں کے خلاف بیانیہ جاتا ہے، بھارت کو شکست دیکر ہماری افواج نے تاریخ میں ایک نیا باب رقم کیا ہے، اس اکاؤنٹ سے اداروں کے خلاف ایک بیانیہ بنایا جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کیا یہ وہ وقت بھول گئے جس وقت ثاقب نثار اور باقیوں نے سپریم کورٹ کو مذاق بنایا۔

بقیہ 38 — کے ساتھ میدان

کی آزادانہ، غیرجانبدارانہ اور منصفانہ حیثیت کو مکمل طور پر مجروح کرنے کے مترادف ہے ان کا کہنا تھا کہ اس عمل نے شفاف انتخابات کے تصور کو بُری طرح سبوتاژ کیا ہے یہ بات انہوں نے یونین کونسل 44 کے انتخابی دفتر اور یونین کونسل 34 کے علاقے میں منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی اجتماعات سے پارٹی کے ضلعی معاون سیکرٹری حاجی عبدالسلام بڑیچ، محمد رسول ترین، غنی خان مہمند اور ملک عبدالمالک درانی نے بھی خطاب کیا اس موقع پر صوبائی ڈپٹی سیکرٹری علی محمد ترین اور یونین کونسل 34 کے وارڈ نمبر 1، 2 اور 3 کے امیدواران صادق خان زلان، غلام ربانی بڑیچ، سعداللہ خان جبکہ یونین کونسل 44 کے وارڈ نمبر 4 کے امیدوار حاجی شائستہ خان بڑیچ، وارڈ نمبر 1 کے محمد ابراہیم خان، وارڈ نمبر 2 کے عمران خان اچکزئی اور وارڈ نمبر 3 کے مسعود خان اچکزئی سمیت پارٹی کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی اس موقع پر انتخابی دفتر کا فیتہ کاٹ کر باقاعدہ افتتاح بھی کیا گیا مقررین نے عہد کیا کہ پشتونخوا نیپ کے نامزد امیدوار نئی توانائی اور سیاسی جذبے کے ساتھ میدان میں اترے ہیں

بقیہ 39 — دباؤ سے آزاد ماحول

شفافیت، میرٹ اور جوابدہی کے اصولوں پر یقین رکھتی ہے اور اسی حوالے سے وفاقی و صوبائی سطح پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانا ناگزیر ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وفاقی حکومت بدعنوانی کے خاتمے کے لئے جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، جس میں ڈیجیٹل گورننس کا فروغ، سرکاری دفاتر میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال، شفاف پبلک پروکیورمنٹ نظام، ادارہ جاتی اصلاحات اور احتسابی اداروں کو سیاسی دباؤ سے آزاد ماحول فراہم کرنا شامل ہے

بقیہ 40 — تعمیری و ترقی میں

سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی اور صوبائی قانون سیکرٹری ایڈووکیٹ جلیل لانگو نے نئے شامل ہونے والے نوجوانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی حقیقت پسند، جمہوری سوچ رکھنے والے کارکنوں کی جماعت ہے نیشنل پارٹی کی طاقت کارکنوں کی سیاسی جدوجہد اور نظریاتی کمٹمنٹ کی بدولت ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا بنیادی فلسفہ معیاری تعلیم بہترین صحت کی سہولیات بنیادی ضروریات اور بلوچستان کی قومی حقوق کا تحفظ ہے۔ نیشنل پارٹی نے قائد عوام ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں بلوچستان کی عوامی اداروں کے تعمیری و ترقی میں بنیادی کردار ادا کیا

بقیہ 41 — ہونے دیا گیا۔

روزیرو ظہور احمد رند کی قیادت میں ملنے والے وفد نے الخدمت پینل کے امیدواروں کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا۔ بعد ازاں وارڈ نمبر میں مقیم دین محمد گجرانی کی سرپرستی میں گجرانی برادری کی جانب سے بھی پینل کی حمایت کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر نامزد امیدواروں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی نظام کو طویل عرصے سے غیرفعال رکھا گیا۔ بلدیاتی نظام نچلی سطح پر عوامی مسائل کے حل کا بہترین نظام ہے۔ مگر با اختیار قوتوں نے جان بوجھ کر اسے فعال نہیں ہونے دیا گیا۔

بقیہ 42 — عبدالوہاب زہری

پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری چیئرمین ٹاؤن کمیٹی زہری میر فیصل رحیم زہری چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار روزیرہ محمد صالح جاموٹ عبداللہ آزاد زہری ایڈووکیٹ علاؤ الدین زہری عبدالوہاب زہری بھی موجود تھے۔

بقیہ 43 — جعفر مندوخیل

ان کو تمام ضروری سہولیات اور مواقع فراہم کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ صوبے سے شدید غربت اور بیروزگاری کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت تمام انٹرنیشنل اور نیشنل سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ ہم دستیاب معدنیات و وسائل کو بروئے کار لا کر ملک اور صوبے کو معاشی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سوڈان میں تعینات پاکستانی سفیر بہروز ریکی اور سید فتح شاہ سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں صوبے میں سرمایہ کاری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات، مائنز مالکان کے جان و مال کا تحفظ، حکومت کی جانب سے ضروری سہولیات کی فراہمی اور مائنز مالکان کو قرضوں کی فراہمی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 44 — کرنا برداشت نہیں

وشتید ہوئی سپریم کونسل نے واضح کیا کہ اگر حکومت نے ایک ہفتے کے اندر اندر ہمارے مطالبات پر عملی پیشرفت نہ کی تو ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان دوبارہ ریڈ زون کی جانب مارچ اور دھرنے کے اعلان کو بحال کرے گی۔ صوبے کے طبی اداروں میں جاری بے ضابطگیوں، وسائل کی کمی اور انتظامی نااہلی کے خاتمے کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں سپریم کونسل نے واضح پیغام دیا ہے کہ ڈاکٹرز کے جائز اور قانونی مطالبات کو مزید نظرانداز کرنا برداشت نہیں۔

بقیہ 45 — فرائض ایمانداری

کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری ایکسائز سید ظفر علی شاہ بخاری، سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان آفریدی، ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نصیب اللہ کاکڑ اور دیگر بھی موجود تھے پارلیمانی سیکرٹری نے سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اینٹی کرپشن کے تمام افسران کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو محدود وسائل میں رہتے ہوئے عوامی مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ محکمہ اینٹی کرپشن کے افسران اپنے فرائض ایمانداری سے ادا کررہے ہیں

بقیہ 46 — سمیت 4 اہلکار زخمی

کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، 4 پولیس اہلکار زخمی ہوئے ہیں۔ حکام کے مطابق ہلاک ڈاکوؤں کی اویس شیخ، یاسین شیخ، آصف شیخ، کراڑو شیخ، شہزادو شیخ، شہمور شیخ، امداد شیخ اور ساجد شیخ کے نام سے شناخت کرلی گئی۔

بقیہ 47 — کردار بخوبی ادا کرتی

توں او تحصیل گوادر، پسنی روڈ چیک پوسٹوں سے اور سمندر کے راستے دوران چیکنگ 17 لاکھ 64 ہزار 6 سو 15 لیٹر غیرقانونی ایرانی ڈیزل کی اسمگلنگ ناکام بنادی زمینی راستے سے 17,46,615 لیٹر اور سمندری راستے سے 18000 لیٹر غیرقانونی ایرانی ڈیزل برآمد ایرانی ڈیزل کی یہ مقدار بلوچستان سے کراچی غیرقانونی طریقے سے اسمگل کی جارہی تھی۔ برآمد شدہ ایرانی ڈیزل، ٹرک اور آئل ٹینکرز کو تحویل میں لے کر تفتیش شروع کردی۔ ضبط شدہ ایرانی ڈیزل اور گاڑیوں کی مالیت 487.03/-ملین روپے کے لگ بھگ ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کوسٹ گارڈز ہر قسم کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے اور ملکی معیشت کو مستحکم کرنے میں اپنا کردار بخوبی ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 48 — اور تندرستی عطاء

سنگین تشویش کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی رہنماؤں پر اس طرح کے حملے ناقابل قبول ہیں، حکومت اور متعلقہ اداروں کو چاہئے کہ واقعہ کے ذمہ داروں کو فوری گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دیں حاجی علی مدد جتک نے مزید کہا کہ میر ظفر شاہوانی ایک معزز قبائلی رہنما ہیں اور علاقے میں امن، بھائی چارے اور ہم آہنگی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں ایسے لوگوں کو نشانہ بنانا علاقے کو غیرمستحکم کرنے کی سازش ہے، جسے کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا آخر میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ سے ظلم، ناانصافی اور دہشت گردی کے خلاف کھڑی رہی ہے انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندان کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ میر ظفر شاہوانی کو مکمل صحت، سلامتی اور تندرستی عطا فرمائے۔

بقیہ 49 — مزید تفتیش کا عمل

آصف خان کی خصوصی ہدایات پر عمل میں لائی گئی، جس کی نگرانی ایس پی صدر سید طلال احمد شاہ نے کی، جبکہ ڈی ایس پی ایئرپورٹ نجیب خان کاکڑ کی سرپرستی میں کارروائی انجام دی گئی۔ ایس ایچ او تھانہ ایئرپورٹ محمد ناصر اعوان اور دیگر پولیس نفری نے اطلاع ملنے پر فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق واقعہ کا مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 50 — رعایتی نرخ

ڈیٹا سینٹرز اور کرپٹو مائننگ آپریٹرز سمیت گرین فیلڈ صنعتیں بھی مستفید ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ صنعت اور زراعت معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، عوام سے کیے گئے وعدے پورے کررہے ہیں، اس اقدام سے معیشت میں بہتری آئے گی۔ پاور ڈویژن نے نیپرا کے فیصلے کا خیرمقدم کیا اور کہا کہ پیکیج کے اطلاق سے متعلق نوٹیفکیشن سے متعلق اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ اعلامیے کے مطابق صنعتی شعبے کو 34، زرعی شعبے کو 38 روپے یونٹ ملنے والی بجلی کے اضافی یونٹس کی قیمت کم کی ہے

بقیہ 51 — سہولیات کی کمی کا سامنا

میں بھی فتح مسلم لیگ (ن) کے حصے میں آئے گی اور ان شاء اللہ کوئٹہ شہر کا میئر اور چیئرمین بھی نون لیگ ہی سے ہوگا نسیم الرحمان ملاخیل نے کہا کہ شہر میں عوامی رجحان واضح طور پر مسلم لیگ (ن) کی طرف جھکاؤ ظاہر کر رہا ہے۔ لوگ بخوبی سمجھتے ہیں کہ کوئٹہ کی ترقی، شہری سہولیات کی بحالی اور بنیادی مسائل کے حل کے لئے وہی جماعت کارآمد ثابت ہوسکتی ہے جس کا عملی کردار اور کارکردگی سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ نے ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دی ہے اور یہی طرز حکومت پارٹی کو دیگر جماعتوں سے ممتاز بناتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ کوئٹہ کے شہری روزمرہ مشکلات، ٹریفک کے مسائل، صفائی، پانی کی قلت اور بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا کررہے ہیں

بقیہ 52 — بیان میں کہا گئی

چند چیزوں کا اعتراف کرتا ہوا ملتا ہے، پہلی چیز کہ صوبائی حکومت الیکشن کے نتائج سے باخبر اور عوام کے غیض وغضب سے مکمل آگاہ ہے دوسری صوبائی حکومت امن وامان کی خراب صورتحال کا اعتراف کرکے اپنی ناکامی تسلیم کررہی ہے تیسری صوبائی حکومت سمجھ چکی ہے کہ اس انتخابات کے نتائج کے بعد کوئٹہ شہر اور صوبے میں جاری کمیشن وکرپشن کا سلسلہ جاری نہیں رہ سکتا یہ بیان میں کہا گیا

بقیہ 53 — بغیر ترقی وخوشحالی

بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ کو کیفرکردار تک پہنچانا خوش آئند ہے جرائم پیشہ کی جڑیں اکھاڑنے اور مجرموں کو کیفرکردار تک پہنچانا اور سہولت کاروں کو بے نقاب کرنے میں پولیس کے ساتھ تعاون کرنا عوام کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر جرائم و بدامنی سے قوم کو پرامن زندگی سے محروم کرنا چاہتے ہیں قیام امن کے بغیر ترقی و خوشحالی ادھوری ہے۔

بقیہ 54 — کردار ادا کرنا

اکان اور مختلف ٹرانسپورٹ تنظیمیں اپنے حقوق کیلئے اپنا روزگار بند کرکے احتجاج میں بھرپور حصہ لے رہے ہیں اور اسی طرح بلوچستان میں بھی مختلف ٹرانسپورٹ تنظیمیں احتجاج میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں پنجاب میں اس وقت بلوچستان کے ہزاروں ٹرک دوسرے روز بھی احتجاجاً کھڑے ہیں پنجاب ٹریفک ایکٹ 2025، کسی ایک صوبے کا مسئلہ نہیں لہٰذا اس میں ہر صوبے کے ٹرانسپورٹر اور ہر ٹرانسپورٹ تنظیم کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے

بقیہ 55 — مشاورت بھی کی

چیئرپرسن روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی پاکستان کے سب سے بڑے سماجی تحفظ کے پروگرام کے طور پر مستحق خاندانوں تک شفاف، بروقت اور منصفانہ امداد پہنچانے کے مشن پر کاربند ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں بھی امدادی سرگرمیوں تک رسائی مزید آسان بنائی جائے گی۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق نے بلوچستان میں بی آئی ایس پی کے جاری اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پروگرام نے ہزاروں خاندانوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی پیدا کی ہے انہوں نے کہا کہ سماجی تحفظ کی مضبوط بنیادیں صوبائی سطح پر معاشی اور سماجی استحکام کو فروغ دیتی ہیں۔ ملاقات میں بی آئی ایس پی پروگرامز کو مزید موثر اور نتائج پر مبنی بنانے کیلئے مختلف تجاویز پر مشاورت بھی کی گئی۔

بقیہ 56 — شہریوں نے شکایت

ٹاؤن، ہزارہ ٹاؤن، جناح ٹاؤن اور پشتون آباد سمیت متعدد علاقوں میں صبح اور شام کے اوقات میں گیس کا پریشر تقریباً ناپید ہوتا ہے، جس کے باعث گھروں میں کھانا پکانا، پانی گرم کرنا اور ہیٹر چلانا انتہائی مشکل ہوگیا ہے۔ صبح بچے اسکول جانے کیلئے تیار ہوتے ہیں مگر گیزر میں پانی بالکل گرم نہیں ہوتا، چولہا بھی نہیں جلتا۔ ہمیں بھی سلنڈر، کبھی لکڑی اور کبھی کوئلہ استعمال کرنا پڑتا ہے گیس کی قلت کے باعث ایل پی جی سلنڈرز، لکڑی اور کوئلے کی مانگ میں اضافہ ہوگیا ہے شہریوں نے شکایت کی ہے

بقیہ 57 — جبکہ کارروائیاں تیزی

ن باشندوں اور دیگر غیرقانونی افراد کے خلاف آپریشن کو مزید تیز کرتے ہوئے ہفتے میں دو بڑے آپریشن کئے جائیں گے، جبکہ ہوٹلوں، سرائے اور بس اڈوں پر بھی خصوصی چیکنگ کا سلسلہ مزید سخت کیا جائے گا اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر اداروں کی مشترکہ کارروائیوں کے دوران کوئٹہ سے 30 ہزار سے زائد غیرقانونی مقیم افراد کو وطن واپس بھجوایا جاچکا ہے تاہم الیکشن کی تیاریوں اور افسران کی مصروفیات کے باعث گزشتہ ہفتوں میں کارروائیاں متاثر رہیں اگلے ہفتے سے چاروں تحصیلوں میں چیکنگ کا سلسلہ چار دن تک بڑھا دیا جائے گا ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ نے بتایا کہ اب تک 23 ہزار سے زائد غیرملکیوں کو ڈی پورٹ کیا جاچکا ہے، جبکہ کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں

بقیہ 58 — ذریعے ریکارڈ

لیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان فاروق ہوت، صوبائی کوآرڈینیٹر BHMIS ڈاکٹر ابابگر بلوچ، HISP پاکستان کے سی ای او عدنان بشیر اور یونیسف کے نمائندہ ڈاکٹر عامر اکرم نے شرکت کی اجلاس کے دوران صوبائی سطح پر صحت کے ڈیٹا مینجمنٹ، ادارہ جاتی کارکردگی، اور خدمات کی شفافیت و احتساب کے نظام کو مزید موثر اور مضبوط بنانے پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا صوبائی کوآرڈینیٹر BHMIS ڈاکٹر ابابگر بلوچ نے سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ DHIS-2 کا عمل درآمد بلوچستان کے تمام اضلاع میں مکمل ہوچکا ہے، جس کے تحت پرائمری سطح کے ہسپتالوں سے 66 بیماریوں جبکہ سیکنڈری اور ٹرشری سطح کی سہولیات سے 110 بیماریوں کا ڈیٹا روزانہ کی بنیاد پر موصول ہو رہا ہے انہوں نے بتایا کہ اب تک 1592 ہسپتالوں اور 4449 ہیلتھ ورکرز کو تربیت فراہم کی جاچکی ہے، اور صوبے بھر سے 87 فیصد روزانہ رپورٹنگ محکمہ صحت کو باقاعدگی سے موصول ہورہی ہے، جو کہ ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کی طرف ایک اہم پیش رفت ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ تمام ہیلتھ ورکرز کی حاضری FRAMSAI کے ذریعے ریکارڈ کی جارہی ہے

بقیہ 59 — پریس ریلیز میں

اور تعمیر میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ نئے دور کا تقاضا ہے کہ مذکورہ تمام گروہوں کی زبان، ثقافت اور رواجوں کا احترام کرتے ہوئے ان کی ترقی اور پشتون وطن کے ہر لحاظ سے برابر شہریوں کی حیثیت سے نئے زمانے کی تمام مراعات اور حقوق دیکر پشتونخوا وطن کو ایک خوبصورت گلدستہ کی حیثیت سے پروان چڑھایا جائے نہ کہ اسے تقسیم در تقسیم سے برباد کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ خیبر پشتونخوا اسمبلی میں پیش کی جانے والی قرارداد جس میں وفاقی حکومت سے ہزارہ صوبے کے قیام کیلئے اقدامات اور صوبائی حکومت سے اس سلسلے میں ضروری تیاری کی استدعا کی گئی ہے کو پارٹی مکمل طور پر مسترد کرتی ہے اور قرارداد کو پشتونخوا وطن جو پہلے سے تقسیم در تقسیم کا شکار ہے اسے مزید تقسیم کے مترادف سمجھتی ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے

بقیہ 60 — لاشاری بھی

خان نے ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کے ہمراہ فیض آباد ریگولیٹر پل کے معائنے کے موقع پر کیا ایکسیئن کیرتھر کینال غلام مصطفیٰ جانڈیو صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا کہ موقع پر صوبائی وزیر نے حکم دیا کہ کام معیاری اور مقررہ وقت پر مکمل اس میں کوتاہی برداشت نہیں فیض آباد پل کے کام کا آغاز کیا جائے اور اسے جلد پایہ تکمیل تک پہنچانا چاہئے موقع پر لائیو اسٹاک آفیسر رخناز سومرو محمد بخش سومرو عبدالنبی بوہڑ عابد لاشاری بھی موجود تھے۔

بقیہ 61 — خطے کی معاشی ترقی

مین اور وسائل کے تحفظ کے بغیر رہ گئے ہیں، اور ان کے وسائل کی لوٹ کھسوٹ جاری ہے۔ نوابزادہ جمیل نے کہا کہ بلوچ عوام کی قربانیوں کو نظرانداز کرنا اور ان کے قدرتی وسائل پر قبضہ کرنا ایک تاریخی ظلم ہے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے وسائل کی حفاظت اور استحصال روکنے کے لئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے نوابزادہ جمیل نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے تاکہ بلوچ عوام کی فلاح و بہبود اور خطے کی معاشی ترقی ممکن ہوسکے۔

بقیہ 62 — حقوق سے محروم

اور معاشی بحران میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے ملک قرضوں کے مزید بوجھ تلے دبتا چلا جا رہا ہے معیشت کے استحکام کا حکمرانوں کے پاس کوئی ٹھوس وموثر منصوبہ نہیں انہوں نے کہا کہ کرپٹ نظام کی وجہ سے قوم بنیادی حقوق سے محروم ہے۔

بقیہ 63 — عالمی سطح پر حمایت

مضبوط ہورہے ہیں، اقوام متحدہ میں روس کے سفیر واسیلی نیبنزیا کے مطابق افغانستان میں داعش خراسان کی دہشتگرد سرگرمیوں سے پیدا ہونے والے سکیورٹی خطرات پر گہری تشویش ہے۔ روسی سفیر نے کہا ہے کہ انسداد دہشتگردی کیلئے افغان طالبان کے اقدامات ناکافی ہیں، عسکریت پسند افغانستان میں تناؤ بڑھا رہے ہیں اور خود کو متبادل قوت کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں روس کی سلامتی کونسل کے سیکرٹری سرگئی شائیگو کا کہنا تھا کہ افغانستان سے دہشت گرد عناصر کے ہمسایہ ممالک میں داخلے کا خطرہ موجود ہے

بقیہ 64 — اعلیٰ سطحی وفد

، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی، نئے گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور پاک چین فرینڈشپ ہسپتال کے نمائندے شامل ہیں۔ یہ گروپ ژوبائی کا دورہ کرے گا، جو 2015 میں تجارت، ثقافت اور سیاحت میں تعاون کے فروغ کے لیے گوادر کا سسٹر سٹی بنا تھا۔ حکام نے بتایا کہ ژوبائی، جو گوانگ ڈونگ صوبے کا ایک خصوصی اقتصادی زون ہے، شہری ترقی اور ساحلی معاشی ترقی کے حوالے سے اہم تجربات فراہم کرتا ہے

بقیہ 65 — دیگر شرکاء نے

تجاویز نہایت اہمیت رکھتی ہیں اور ہم ان سفارشات پر جامع عملدرآمد کے لئے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ اسمبلی کے فلور پر سول سوسائٹی، خصوصی طور پر خواتین کی بھرپور آواز بنیں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کوئٹہ میں بلوچستان میں صنفی مساوات (Gender Parity) کو فروغ دینے، صنفی بنیاد پر تشدد کے مسائل کو اجاگر کرنے اور خواتین ولڑکیوں کے لیے موثر، حساس اور قابل رسائی انصاف کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری برائے بہبود آبادی ہادیہ نواز، یو این وومن بلوچستان کی سربراہ عائشہ وددو، ایڈیشنل آئی جی پولیس ہیڈکوارٹر اسرار احمد، عورت فاؤنڈیشن کے ریذیڈنٹ ڈائریکٹر و ایوا جی الائنس کے چیئرمین علاؤالدین خلجی، پروبیشن و پیرول ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر عصمت اللہ خان، سابقہ خاتون محتسب صابرہ اسلام، بی سی ایس ڈبلیو کی سابق چیئرپرسن فوزیہ شاہین، پروجیکٹ کوآرڈینیٹر یاسمین مغل، یونیورسٹی آف بلوچستان کی پروفیسر فائزہ میر، جینڈر ہیڈ وائلنس ہیلپ لائن کے ثمیر اشفاق مینگل، ایڈووکیٹ نصرت ترین سمیت دیگر شرکاء نے شرکت کی

بقیہ 66 — سرگرمیوں میں مزید تیز

کی صدارت مرکزی کمیٹی کے چیئرمین وضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس نے کی اجلاس میں ضلع بھر کے امیدواروں کی کارکردگی، جاری انتخابی سرگرمیوں اور متعلقہ ٹاؤن کمیٹیوں کی رپورٹس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حاجی قاسم خان خلجی، حافظ مسعود احمد، حاجی صالح محمد، مولانا محمد شعیب جدون اور میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ نے شرکت کی اجلاس میں انتخابی مہم کو مزید موثر، منظم اور زمینی حقائق سے ہم آہنگ بنانے کے لئے اہم ہدایات جاری کی گئیں۔ حاجی عین اللہ شمس نے کہا کہ جمعیت کے تمام امیدوار انتخابی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں

بقیہ 67 — ڈور انتخابی مہم چلائی

یوں کا جائزہ لینے کیلئے پاکستان پیپلز پارٹی زرغون ٹاؤن بلدیاتی الیکشن کمیٹی کے ممبران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی زرغون ٹاؤن کمیٹی ممبران اور پارٹی کے سینئر ممبران نے شرکت کی اجلاس میں بلدیاتی الیکشن کیلئے مختلف مرحلہ وار تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور الیکشن تیاری کے اگلے مرحلے کیلئے تفصیلی مشاورت ہوئی اور باہمی رائے سے مختلف فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی کامیابی کیلئے ڈور ٹو ڈور انتخابی مہم چلائی جائے گی

بقیہ 68 — براہ راست قیادت

وسینئر روزی خان کاکڑ اور سید اقبال شاہ نے منگل کو سول سیکرٹریٹ میں پیپلز پارٹی الیکشن سیل کے سربراہ روزی خان کاکڑ کو ان کے دفتر میں کرسی پر بٹھانے کے موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، نورالدین کاکڑ، قاسم خان اچکزئی، اختر بلوچ، شاہجہان گجر سمیت دیگر سینئر ساتھی، کوئٹہ سٹی کے عہدیداران بھی موجود تھے بلوچستان اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ آج کے بعد روزی خان کاکڑ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کی براہ راست قیادت کریں گے

بقیہ 69 — کرنے میں مدد ملے

ڈائریکٹر آرناؤ ہیمبلیرز، ڈبلیو ایف پی سینٹر آف ایکسیلنس کی ہیڈ آف پروگرام مسز کوو اوشیاما اور وینشیوس کمولی سمیت دیگر حکام موجود تھے۔ دونوں ممالک کے متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے بھی اپنے تجربات کا تبادلہ کیا، جس سے دونوں طرف کے سماجی اور زرعی شعبوں کو بہتر حکمت عملی اختیار کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 70 — گوادری پیک

42 لاکھ روپے، سندھ میں 35 لاکھ اور خیبر پختونخوا میں 47 لاکھ روپے دستیاب ہیں جبکہ بلوچستان کو صرف 7 لاکھ روپے ملتے ہیں پاکستان کے آدھے رقبے پر محیط صوبے میں ترقی میں مشکلات درپیش آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 44 فیصد رقبے والے صوبے کو اتنی کم فنڈنگ ملنے سے ترقیاتی خلا بڑھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو باقی صوبوں، اضلاع اور دیہاتوں کو ایک دوسرے سے جوڑنے کیلئے سڑکوں کو بہتر بنانے پر خصوصی کام جاری ہے اور صوبے میں سی پیک، ساحلی پٹی اور قیمتی معدنی ذخائر کو بلوچستان کے تین بڑے گیم چینجر شعبے قرار دیا ہے گوادری پیک کا مرکز ہے

بقیہ 71 — شکست پہلے سے

گواہ ہیں اور یہی خطہ محسن بلوچستان مولانا عبدالواسع کی بے لوث خدمات کی تابناک یادوں سے روشن ہے۔ انتخابی میدان ہو یا عملی جدوجہد کا محاذ اس خطے میں جے یو آئی کی کوئی ثانی نہیں۔ صوبائی قیادت نے کہا کہ جن افراد کو انتخابات میں حصہ لینے کا شوق ہے، وہ اپنا حق ضرور استعمال کریں، مگر یاد رکھیں کہ سیاست جھوٹی تسلیوں، مصنوعی سہاروں اور خوشنما نعروں کے سہارے نہیں چلتی باشعور عوام ایسے حربوں سے بخوبی واقف ہیں اور جو تھوڑی بہت عوامی تائید باقی ہے، وہ بھی ان کے ہاتھ نہیں آئے گی۔ مزید کہا گیا کہ جو لوگ پشین میں چند سو کرسیاں تک نہ بھر سکے، وہ آج پشین اور قلعہ سیف اللہ جیسے جے یو آئی کے مضبوط قلعوں پر نظریں جمائے بیٹھے ہیں یہ وہی خطہ ہے جہاں مولانا سمیع الدین نے شاندار کامیابی حاصل کی، اور پھر قلعہ سیف اللہ کے عوام نے اپنی تاریخی شرکت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مخالفین کو واضح شکست سے دوچار کیا صوبائی رہنماؤں نے واضح کیا کہ صوبائی اسمبلی کی نشست پر جے یو آئی کے عوامی مینڈیٹ کو نقصان پہنچانے والے آج قومی اسمبلی کے خواب دیکھ رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یونین کونسل کی سطح کی چھوٹی جماعتیں بھی جب جے یو آئی کے سامنے کھڑی ہوتی ہیں تو وہ ہمارے لئے کسی چیلنج کی حیثیت نہیں رکھتیں اور میدان میں ان کی شکست پہلے سے لکھی ہوتی ہے

بقیہ 72 — سمیت دیگر بھی

لاکر بلوچستان اور یہاں پر بسنے والوں کی حالت زار کو بہتر بنا کر صوبے کو پاکستان کے دیگر صوبوں کے برابر لایا جائے جس میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اپنا کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ بلوچستان کو ایک بار پھر امن کا گہوارہ بنا کر ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے چیئرمین سید سلیم رضا ایڈووکیٹ سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے آل پاکستان مائنز اونرز ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل فتح شاہ عارف اور پروجیکٹ ڈائریکٹر ملک بلال احمد ممبران مرتضیٰ جوگیزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے

بقیہ 73 — قابل سماعت قرار

سمیت تمام فریقین کو 3 دن میں جواب جمع کرانے کا حکم دیا ہے۔ یاد رہے کہ جامعہ کراچی نے 26 ستمبر کو جسٹس طارق محمود جہانگیری کی قانون کی ڈگری کو جعلی قرار دیتے ہوئے اسے منسوخ کردیا تھا۔ جامعہ کراچی کے جاری نوٹیفکیشن میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ طارق محمود جہانگیری کبھی بھی اسلامیہ لاء کالج کراچی کے باقاعدہ طالبعلم نہیں تھے۔ جسٹس طارق محمود جہانگیری نے جامعہ کراچی کے ڈگری منسوخی کے فیصلے کو سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ سندھ ہائیکورٹ نے 3 اکتوبر 2025 کو جامعہ کراچی کا جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ڈگری کینسل کرنے کا نوٹیفکیشن معطل کردیا تھا۔

بقیہ 74 — فیصل کریم

ئی اہلکاروں نے کیڈٹ کالج میں آرمی پبلک اسکول جیسا حادثہ ہونے سے بچایا، وزیراعلیٰ کو صوبے کی امن وامان کی صورتحال پر توجہ دینی چاہیے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ خیبر پختونخوا کا مقدمہ اڈیالہ میں نہ لڑیں، سرکاری اداروں میں لڑیں، ہمارا صوبہ دن بدن پیچھے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا صوبہ وار پوائنٹ ایجنڈے پر ہے اور وہ امن ہے، وفاقی حکومت سے کہوں گا کہ صوبائی حکومت سنجیدہ نہیں تو وہ امن دینے میں کردار ادا کرے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ 1991ء سے صوبے کو پانی کا حصہ نہیں ملا، ہمارا صوبائی سیکرٹریٹ اڈیالہ شفٹ ہوچکا ہے

بقیہ 75 — شانہ بشانہ رہی ہے

کی جانب سے کھیلوں کے میدان آباد کرنے کی کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے نعت خواں بچے کو کیش انعام بھی دیئے انہوں نے ڈی ای او زاہد بلوچ، تعلیمی افسر حسن بلوچ اور شریف میاہ داد کے ہمراہ گورنمنٹ پرائمری اسکول امپلیشن کالونی گوادر کا دورہ کیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے اسکول کی فعالیت اور تعلیمی سرگرمیوں پر اسکول اساتذہ کی کاوشوں کی ستائش کی اس موقع پر ایک طالب علم کی جانب سے نعت پڑھا گیا جس پر ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ان کی حوصلہ افزائی کے لئے کیش انعام دیا۔ قبل ازیں امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت آئی ہزاران میں لوگوں کی سہولت کیلئے کمیونٹی بورنگ کا افتتاح کیا الخدمت فاؤنڈیشن ہر مصیبت کے وقت لوگوں کے شانہ بشانہ رہی ہے

دہشتگردوں کی آماجگاہ افغانستان سنگین خطرہ، پاکستان کے موقف کی عالمی سطح پر حمایت

افغانستان میں داعش خراسان کی دہشتگرد سرگرمیوں سے پیدا ہونے والے سیکیورٹی خطرات پر گہری تشویش ہے، روسی سفیر

متعلق انتہا پسند گروہ افغانستان کی سرحد سے منسلک وسطی ایشیائی ممالک کے راستے اپنی سرگرمیاں بڑھا رہے ہیں، عالمی جریدہ

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر بابا غلام رسول عمرانی سے ایم پی اے علی مدد جتک، روزی خان کاکڑ ودیگر ملاقات کر رہے ہیں

اسمبلی میں سول سوسائٹی خصوصاً خواتین کی آواز بنیں گے، بنجے کمار پچوانی

حکومت خواتین ولڑکیوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات کر رہی ہے، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور وبین المذاہب ہم آہنگی بنجے کمار پچوانی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے میں خواتین اور لڑکیوں کو درپیش مسائل کے حل، صنفی مساوات کے فروغ اور صنفی بنیاد پر تشدد کے مکمل خاتمے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے اور یہ اقدامات حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ معاشرے کے اہم ترین حصے خواتین اور بچوں کے تحفظ، وقار اور بنیادی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنا سکے سول سوسائٹی کی...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

برازیل حکومت اور پاکستانی وفد کے درمیان ملاقات کی صدارت کی، ظہور بلیدی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بتایا کہ انہوں نے برازیل کی حکومت اور پاکستانی وفد کے درمیان دو طرفہ ملاقات کی صدارت کی۔ ملاقات میں زراعت، ماہی گیری، اسکول فیڈنگ پروگرامز اور دیگر سماجی تحفظ کی پہل کاریوں میں تعاون اور معلومات کے تبادلے پر بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر برازیل کے ڈی جی کوآپریشن ایجنسی مسٹر مراد اشرف جنجوعہ، آئی ایف اے ڈی پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر مسز لوئیز الویز داسلوا، آئی ایف اے ڈی برازیل کی کنٹری ڈائریکٹر مسز فرزند انھوماز واروشا، ڈبلیو ایف پی کے کنٹری...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت بہتر بلدیاتی نظام کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

جمعیت کے تمام امیدوار اپنی انتخابی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں، عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق نے مختلف پروگراموں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوامی مسائل کے حل، بہتر بلدیاتی ڈھانچے اور شفاف نظام کے قیام کیلئے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مرکزی کمیٹی اور چاروں ٹاؤنز کمیٹیوں کے چیئرمینز و ڈپٹی چیئرمینز کا ایک اہم اجلاس ضلعی سیکرٹریٹ، اینگل روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کا قصور میں خاتون کی خودسوزی پر اظہار تشویش

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان عوامی پارٹی کی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر قصور میں ایک نابالغ لڑکی سے زیادتی اور خودسوزی واقعہ پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹر ثمینہ نے سوال کیا کہ ملزم کو کیسے بری کیا گیا اور نظام کہاں ناکام رہا؟ انہوں نے کہا کہ یہ انصاف نہیں ہے اور متاثرین جنسی تشدد کے لئے مضبوط تحقیقات، پراسیکیوشن میں اصلاحات، اور حقیقی تحفظ فراہم کرنے کی فوری ضرورت ہے سینیٹر ثمینہ نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ متاثرین کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے المناک واقعات دوبارہ نہ ہوں۔

جمہوریت کی مضبوطی کیلئے پی پی کی قربانیاں ڈھکی چھپی نہیں، میر لیاقت لہڑی

عوام بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں، نورالدین کاکڑ

پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی کامیابی کیلئے ڈور ٹو ڈور انتخابی مہم چلائی جائے گی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما، زرغون ٹاؤن بلدیاتی الیکشن کمیٹی کے چیئرمین و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی، صوبائی رہنماؤں نورالدین کاکڑ، محمد زبیر بڑیچ اور دیگر نے کہا ہے کہ ملک میں جمہوریت کی مضبوطی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے پیپلز پارٹی کی قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں، کوئٹہ کے عوام اپنے بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے 28 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں یہ بات انہوں نے منگل کو انتخابی تیار...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری حاجی عبدالمجید بادینی، سیکرٹری ایکسائز سید ظفر علی شاہ، ڈی جی اینٹی کرپشن نصیب اللہ کاکڑ و دیگر بدعنوانی سے متعلق سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، تمام ٹاؤن چیئرمینز اور میئر جیالے ہی ہونگے، پیپلز پارٹی

پارٹی مضبوط عوامی رابطہ مہم اور کارکنوں کے باہمی اتحاد کے باعث بلدیاتی سطح پر واضح کامیابی حاصل کرے گی، علی مدد جتک

الیکشن سیل کو مضبوط بنانا ضروری، روزی خان کاکڑ پارٹی کو فعال تنظیمی ڈھانچے کے ساتھ لیکر آگے بڑھیں گے، کارکنوں سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پارٹی منظم وضبط، مضبوط عوامی رابطہ مہم اور کارکنوں کے باہمی اتحاد کے باعث بلدیاتی انتخابات میں واضح کامیابی حاصل کریگی الیکشن سیل کو مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے اور سینیٹر روزی خان کاکڑ کی سربراہی میں پارٹی ایک مربوط وفعال تنظیمی ڈھانچے کے ساتھ آگے بڑھے گی اور انشاءاللہ کوئٹہ کے ٹاؤنز چیئرمین اور میئر پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے ہوں گے یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی کے بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حاجی علی مدد جتک، الیکشن سیل کے سربرا...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی کے صوبائی ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حاجی علی مدد جتک، روزی خان کاکڑ اور دیگر الیکشن سیل کے افتتاح پر دعا کر رہے ہیں

بلوچستان میں مجموعی طور پر 6500 سے زائد منصوبوں پر کام جاری ہے، اے سی ایس

حکومت نے ترقیاتی بجٹ میں اضافہ کر دیا، صوبہ ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے، زاہد سلیم

بلوچستان کو دیگر صوبوں، اضلاع اور دیہاتوں کو ایک دوسرے سے جوڑنے کیلئے سڑکوں کو بہتر بنانے پر خصوصی کام جاری ہے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری

کوئٹہ (افضل مغل) ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات بلوچستان زاہد سلیم نے کہا ہے کہ صوبہ ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے اور حکومت کی اولین ترجیح سڑکوں اور مواصلات کے نظام کو بہتر بنانا ہے تاکہ عوام کو تعلیم، صحت، صاف پانی اور معاشی سرگرمیوں تک بہتر رسائی مل سکے صوبائی حکومت نے ترقیاتی بجٹ کو بڑھایا ہے جس کو عوام کو سہولیات کی فراہمی ممکن بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان تاریخی طور پر ترقیاتی عمل میں پیچھے رہا ہے جس کی بنیادی وجہ ناکافی مالی وسائل ہیں۔ ان کے مطابق پنجاب میں ایک کلومیٹر سڑک کیلئے اوسط...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

قدرت نے بلوچستان کو قدرتی وسائل نوازا ہے، بہروز ریکی

بلوچستان کی حالت زار بہتر بنا کر دیگر صوبوں کے برابر لایا جائے، صدر مائنز اینڈ منرلز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سوڈان میں پاکستانی سفیر اور آل پاکستان مائنز اینڈ منرلز ایسوسی ایشن کے صدر میر بہروز ریکی بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کو قدرت نے قدرتی وسائل اور معدنیات سے نواز رکھا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں قابل استعمال...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

سیاست جھوٹی تسلیوں وخوشنما نعروں کے سہارے نہیں چلتی، جمعیت

قلعہ سیف اللہ وژوب کی سرزمین ہماری بے پناہ قربانیوں سے عبارت ہے، صوبائی قیادت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی قیادت نے کہا ہے کہ قلعہ سیف اللہ اور ژوب کی سرزمین ہماری تاریخ، خدمت اور بے مثال قربانیوں سے عبارت ہے۔ یہاں کے دشت و پہاڑ آج بھی مولانا شمس الدین شہید کی جاں نثاری کے...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس طارق جہانگیری کے خلاف ڈگری کیس قابل سماعت قرار

اسلام آباد ہائیکورٹ کا تمام فریقین کو 3 دن میں جواب جمع کرانے کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کے خلاف ان ویلڈ ڈگری کیس قابل سماعت قرار دیدیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سردار محمد سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں ڈویژن بینچ نے ڈگری کیس میں جسٹس طارق محمود جہانگیری کو نوٹس جاری کر دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے جسٹس طارق محمود جہانگیر بقیہ 3 7 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی کا مقدمہ اڈیالہ میں نہیں سرکاری اداروں میں لڑیں، فیصل کریم

دہشت گردی دن بدن بڑھ رہی ہے، وزیراعلیٰ امن وامان کی صورتحال پر توجہ دیں، گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختون خوا فیصل کریم کنڈی نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو مشورہ دیا ہے کہ وہ صوبے کا مقدمہ اڈیالہ میں نہ لڑیں، سرکاری اداروں میں لڑیں۔ میڈیا سے گفتگو میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی دن بدن بڑھ رہی ہے، قبائلی اضلاع میں دہشت گردوں کے حملے جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیور...... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی میر بخش رئیسانی ڈاکٹر شکیل روشن سے انکے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

آج بلوچستان لٹیروں اور عوام دشمنوں کے رحم وکرم پر ہے، مولانا ہدایت الرحمن

صورتحال یہ ہے منشیات عام، کھیلوں کے گراونڈ ویران اور ہسپتال وقبرستان آباد ہو رہے ہیں، صوبائی امیر جماعت اسلامی

ایم پی اے کا گوادر میں پرائمری ایریگیشن کالونی کا دورہ، علاقہ عمائدین، اساتذہ اور طلباء سے گفتگو، الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے فراہم بور کا افتتاح

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار، تعلیم، صحت اور کھیلوں کی سہولیات ومواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے منشیات بلا روک ٹوک گردش جاری، کھیلوں کے گراونڈ ویران جبکہ ہسپتال وقبرستان آباد ہو رہے ہیں وسائل سے مالا مال بلوچستان آج لٹیروں، عوام دشمنوں کے رحم وکرم پر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پرائمری ایریگیشن کالونی گوادر کے دورے کے دوران علاقہ عمائدین اساتذہ اور طلباء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اساتذہ اور تعلیم دوستوں...... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت سرمایہ کاروں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، جعفر مندوخیل

مائنز مالکان کو سہولیات اور مواقع کی فراہمی ضروری ہے، گورنر کی گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

انتظامیہ کی یقین دہانی کے بعد دھرنا ملتوی کیا، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

مطالبات پر عملدرآمد نہ ہوا تو دوبارہ ریڈ زون کی جانب مارچ کریں گے، سپریم کونسل

...بلوچستان کے مطابق ریڈ زون کی جانب اعلان کردہ دھرنے کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ اور سپریم کونسل کے درمیان تفصیلی میٹنگ ہوئی، میٹنگ میں کمشنر کوئٹہ کی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور ... کیلئے مشروط طور پر ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے میٹنگ کے دوران ڈاکٹروں کے دیرینہ مسائل پر جامع گفت...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

نظام بہتر بنانے کیلئے بدعنوانی کا خاتمہ ضروری ہے، عبدالمجید بادینی

کرپشن کے خاتمے کیلئے سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا، پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی

عوامی مفادات کا تحفظ بھاری ذمہ داری ہے، عالمی یوم انسداد بدعنوانی کے موقع پر سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی نے کہا ہے کہ نظام کو بہتر بنانے کیلئے بدعنوانی کا خاتمہ نہایت ضروری ہے بدعنوانی کیوجہ سے ملکی ترقی کا پہیہ رک جاتا ہے کڑا احتسابی عمل ہی بدعنوانی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈائریکٹوریٹ آف انکوائریز اینڈ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کے زیر اہتمام عالمی یوم انسداد بدعنوانی سے متعلق منعقدہ سیمینار سے خطاب...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابات میں فتح مسلم لیگ (ن) کے حصے میں آئیگی، نسیم الرحمن ملاخیل

بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کی مقبولیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، عوام نے عام انتخابات میں پارٹی پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا

مسلم لیگ (ن) ہی وہ جماعت ہے جو مسائل کو سنجیدگی سے حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، صوبائی مشیر ماحولیات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مقبولیت مسلسل بڑھ رہی ہے اور عوام نے جس اعتماد کا اظہار عام انتخابات میں کیا، وہ آئندہ بلدیاتی الیکشن میں بھی پوری قوت سے سامنے آئے گا انہوں نے کہا کہ جس طرح صوبے بھر میں عام انتخابات کے دوران ن لیگ کو بھرپور پذیرائی ملی اور پارٹی نے نمایاں کامیابیاں حاصل کیں، اسی عوامی تائید کی بنیاد پر اب لوکل گورنمنٹ کے انتخابات...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابات ملتوی کرنیکی درخواست حکومتی بوکھلاہٹ کے سوا کچھ نہیں، ایچ ڈی پی

تمام حقیقی سیاسی جماعتیں بلدیاتی انتخابات کیلئے تیاریاں مکمل اور کمپین کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے بلدیاتی انتخابات کے التواء کی درخواست کو مسلط کردہ صوبائی حکومت کی بوکھلاہٹ سے تعبیر کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی تمام حقیقی سیاسی جماعتیں بلدیاتی انتخابات کیلئے تیاریاں کر چکی ہے اور اس وقت عوامی رابطہ مہم کے ذریعے الیکشن کمپین چلا رہے ہیں جبکہ صوبائی الیکشن کمیشن نے بھی اپنی جانب سے تیاریاں مکمل ہونے کی تصدیق کر دی ہے ایسے میں وزیراعلیٰ کی جانب سے انتخابات کے التواء کی درخو...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف پولیس کی کارروائیاں قابل ستائش ہیں، جمعیت نظریاتی

دشمن عناصر بدامنی پھیلا کر قوم کو پرامن زندگی سے محروم رکھنا چاہتے ہیں، قاری مہر اللہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر مولانا قاری مہر اللہ نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت کی کارروائیاں قابل ستائش ہیں تفویض ہونے والی ذمہ داری کو انتہائی محنت، ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کر کے اپنی پیشہ ورانہ مہارت کا عملی ثبوت پیش کیا ہے امید ہے کہ امن وامان کی صورتحال میں بہتری اور جرائم کا خاتمہ کر کے کوئٹہ امن کا گہوارہ بن جائیگا مختصر عرصہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب ٹریفک ایکٹ 2025ء کسی ایک صوبے کا مسئلہ نہیں، نور احمد کاکڑ

گڈز کمپنی مالکان بھی ہمارا ساتھ دیکر لوڈنگ کا سلسلہ بند کریں، ٹرک ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر نور احمد کاکڑ کا آج کل عبداللہ کا دورہ کیا اس موقع پر ٹرک مالکان اور کمپنی مالکان سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں ٹریفک آرڈیننس 2025 کے خلاف نفاذ کیخلاف ہڑتال کا آج دوسرا دن ہے پورے ملک میں ٹرانسپورٹر سراپا احتجاج ہیں تمام ملک کے ٹرک مالکان کمپنی ما...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شدید سردی کی لپیٹ میں، گیس بحران نے پریشانیوں میں اضافہ کر دیا

گیس کی قلت کے باعث ایل پی جی سلنڈرز، لکڑی اور کوئلے کی مانگ میں اضافہ ہوگیا

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں شدید سردی کی نئی لہر نے شہر بھر میں گیس کے بحران کو مزید بڑھا دیا ہے جس کے باعث شہریوں کی روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق سریاب روڈ، بروری، سیٹلائٹ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر روبینہ خالد کی سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے ملاقات

رہنماؤں کا وفاق اور صوبوں کے درمیان سماجی تحفظ کے نظام کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

کوئٹہ (اے این این) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق کے درمیان اہم ملاقات ہوئی، جس میں بلوچستان میں مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود، سماجی تحفظ کے پروگراموں کی بہتری اور صوبے میں خواتین کی معاشی خودمختاری سے متعلق اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت کی سربراہی میں بی ایچ ایم آئی ایس کور کمیٹی کا اجلاس

تمام ہیلتھ ورکرز کی حاضری FRAMSAI کے ذریعے ریکارڈ کی جا رہی ہے، بخت کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی سربراہی میں بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (BHMIS) کی کور کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے میں جاری ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات، DHIS-2 کے عمل نفاذ، FRAMSAI کے ذریعے حاضری کے نظام، اور دیگر ہیلتھ انفارمیشن سسٹمز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ داخلہ کے قیام امن کے حوالے سے اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران شریک ہیں

سینیٹر خرم ذیشان کے سسرالی گھر پر حملہ، فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پشاور (بیورو رپورٹ) نامعلوم حملہ آوروں نے منگل کی صبح پشاور کے مضافاتی علاقے حیات آباد میں پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر خرم ذیشان کے سسرالی گھر پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق، خرم ذیشان اکتوبر میں خیبر پختونخوا سے جنرل سیٹ پر سینیٹ کیلئے منتخب ہوئے تھے، یہ نشست پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز کی نااہلی کے بعد خالی ہوئی تھی۔ تھانہ میں درج واقعہ کی رپورٹ کے مطابق حملہ تقریباً صبح 3 بج کر 15 منٹ پر ہوا، جس میں نامعلوم حملہ آوروں نے حیات آباد کے فیز 2 میں واقع گھر پر فائرنگ کی

فارم 47 کی حکومت بلدیاتی اداروں پر قبضہ جمانے کا خواب دیکھ رہی ہے، پشتونخوا نیپ

حکومتی وزراء اور امیدوار سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں الیکشن کمیشن کھلی مداخلت پر خاموش ہے، نصر اللہ زیرے

سرکاری پارٹی نے سول سیکرٹریٹ میں کنٹرول روم قائم کر رکھا ہے جو بلدیاتی انتخابات کے منصفانہ انعقاد پر سوالیہ نشان کے مترادف ہے، اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبدالرزاق خان بڑیچ نے کہا ہے کہ بلدیاتی ادارے عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں انہوں نے کہا کہ اس وقت وزراء اور حکومتی امیدوار سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں، جبکہ الیکشن کمیشن اس کھلی مداخلت پر خاموش تماشائی بنا ہوا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی سرپرستی میں سرکاری پارٹی نے سول سیکرٹریٹ میں اپنا بلدیاتی انتخابی کنٹرول روم قائم کر رکھا ہے، جو انتخابات...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی کی بھائی پر تشدد، شیر افضل مروت کا آرمی چیف کو خط لکھنے کا اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے ڈکی بھائی پر تشدد کے معاملے پر آرمی چیف کو خط لکھنے کا اعلان کر دیا۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ ڈکی بھائی کی ویڈیو دیکھی ہے، اس کے ساتھ بہت زیادتی کی گئی، اس حوالے سے اعلیٰ سطح پر کارروائی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان لوگوں کو چھوڑ دو مت جنہوں نے تمہارے منہ پر چھیڑیں ماری ہیں جس نے منہ پر چھیڑیں ماریں وہ انسان نہیں گندی نالی کے کیڑے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایسے افراد کو ہرگز نہ چھوڑا جائے اور ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے

عوام کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، جماعت اسلامی

بلدیاتی انتخابات میں کامیاب ہو کر عوام کو مایوس نہیں کیا جائیگا، جاوید احمد، ارشد یوسفزئی ودیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے نامزد امیدوار برائے جنرل کونسلر وارڈ 1، 2 اور 3 سابق ناظم جاوید احمد خان، ارشد یوسفزئی اور محمد ذیشان خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے مسائل کے حل پر بھرپور توجہ دی جائے گی عوام نے اگر اعتماد کا اظہار کیا تو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریلوے لیبر یونین اور رند برادری کے وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر لعل جان بلوچ او...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

میر علی حسن زہری کی نواب ثناء اللہ زہری سے ملاقات

صوبائی وزیر نے عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان وصوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری کی جھالاوان ہاؤس کراچی آمد پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے ملاقات صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے نواب ثناء اللہ خان زہری کو سفر حجاز مقدس اور عمرہ کی سعادت پر مبارک باد دی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا ملاقات میں پارٹی امور ملکی سیاست بلوچستان کی صورتحال سمیت دیگر مختلف باہمی دلچسپی کے موضوعات پر گفتگو ہوئی اس موقع...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

سرمایہ کاری اور روابط کا فروغ، بلوچستان کا اعلیٰ سطحی وفد چین پہنچ گیا

وفد 13 دسمبر تک چین کے جنوبی ساحلی صوبے گوانگ ڈونگ کا دورہ کریگا

گوادر (بیورو رپورٹ) بلوچستان کا 12 رکنی وفد دو خطوں کے درمیان دوستی اور عوامی روابط کو فروغ دینے کے لیے چین پہنچ گیا، وفد 13 دسمبر تک چین کے جنوبی ساحلی صوبے گوانگ ڈونگ کا دورہ کرے گا۔ گوادر پرو کے مطابق وفد میں پاکستان کسٹمز، گوادر پورٹ اتھارٹی، گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی، ضلعی پولیس، سول کورٹس، ڈسٹرکٹ انتظامیہ، محکمہ تعلیم، گوادر میونسپل کمیٹی، گوادر پریس کلب، مقامی چیمبر آف کامرس، فشریز ڈیپارٹمنٹ ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

شکارپور میں پولیس مقابلہ، 8 ڈاکو ہلاک، 2 ڈی ایس پیز سمیت 4 اہلکار زخمی

ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن میں پولیس کی بکتر بند گاڑیوں نے حصہ لے لیا، ڈرون ٹیکنالوجی بھی استعمال کی گئی

ڈاکوؤں کی اوسی شیخ، یاسین شیخ، آصف شیخ، کراڑو شیخ، شہزادو شیخ، شمو شیخ، امداد شیخ اور ساجد شیخ کے نام سے شناخت

...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ بی ایچ ایم آئی ایس کور کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کوسٹ گارڈز نے 17 لاکھ 64 ہزار 6 سو 15 لیٹر تیل کی اسمگلنگ ناکام بنا دی

پاکستان کوسٹ گارڈز اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، حکام

اوتھل (آن لائن) پاکستان کوسٹ گارڈز کی ایک ماہ میں ایرانی ڈیزل کے خلاف کارروائیاں، 17 لاکھ 64 ہزار 6 سو 15 لیٹر غیر قانونی ایرانی ڈیزل کی اسمگلنگ ناکام بنا دی، ضبط شدہ ایرانی ڈیزل اور گاڑیوں کی مالیت 487.03/- ملین روپے کے لگ بھگ ہے پاکستان کوسٹ گارڈز نے اپنی پریس ریلیز میں گزشتہ ایک ماہ کے دوران اپنی انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیوں کی رپورٹ جاری کر دی، پاکستان کوسٹ گارڈز نے بلوچستان کے مختلف علا...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بہرے بچے کے ساتھ بدفعلی کے الزام میں ایک شخص گرفتار

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت میں بہرے بچے کے ساتھ بدفعلی کے الزام میں ایک شخص کو گرفتار کر لیا گیا کارروائی ایس ایس پی آپریشن محمد...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

علی مدد جتک کی میر ظفر شاہوانی کی عیادت، جلد صحت یابی کیلئے دعا

قبائلی رہنماؤں پر اس طرح کے حملے ناقابل برداشت نہیں، رکن اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، اور رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک قبائلی رہنما، میر ظفر شاہوانی کی عیادت کیلئے ان کی رہائشگاہ پہنچے حاجی علی مدد جتک نے میر ظفر شاہوانی کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ میر ظفر شاہوانی پر ڈاکوؤں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ علاقے کے امن و امان کیلئے...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی درخواست پر نیپرا کی بجلی کھپت پر رعایتی نرخ کی منظوری

صنعتوں اور زرعی شعبے کو اضافی بجلی کی کھپت پر فی یونٹ 22 روپے 98 پیسے چارج ہوگا

صنعتی پیکج سے ملک میں صنعتی اور زرعی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے حکومتی درخواست پر اضافی بجلی کی کھپت پر رعایتی نرخ کی منظوری دے دی، فیصلہ وفاقی حکومت کو موصول ہو گیا۔ پاور ڈویژن کے مطابق صنعتوں اور زرعی شعبے کو اضافی بجلی کی کھپت پر فی یونٹ 22 روپے 98 پیسے چارج ہوگا۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ صنعتی پیکج سے ملک میں صنعتی اور زرعی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، روزگار کے اضافی مواقع دستیاب ہوں گے۔ اویس لغاری نے کہا کہ 3 سال کے پیکج سے انڈسٹریل سیکٹر مستقبل کی بہتر منصوبہ بندی کر سکے گا، ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل، بیوی اور اس کے آشنا کو بے دردی سے قتل کرنے والا ملزم گرفتار

اوتھل (این این آئی) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی ہدایت پر سیاہ کاری کے شبے میں اپنی بیوی اور اس کے آشنا کو بے دردی سے قتل کرنے والا ملزم لاکھڑا پولیس نے چوبیس گھنٹے کے اندر گرفتار کر لیا، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لاکھڑا میں ہونے والے دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات پر ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی خاص ہدایت پر کہ قاتل کو جلد از جلد اور ہر صورت میں گرفتار کیا جائے

ایم پی اے ڈاکٹر نواز کبزئی سے انکے بھائی کی وفات پر سینیٹر مولانا عبدالواسع، نواب ایاز خان جوگیزئی، عادل خان بازئی ودیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مربوط کوششوں سے غیر قانونی افراد کی واپسی یقینی بنائینگے، کمشنر کوئٹہ

غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں و دیگر کیخلاف کارروائیاں مزید تیز اور ہفتے میں دو بڑے آپریشن کئے جائیں گے، شاہزیب خان کاکڑ

اگلے ہفتے سے چاروں تحصیلوں میں چیکنگ کے سلسلے میں چاروں کا اضافہ کیا جائے گا، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت افغان باشندوں اور دیگر غیر قانونی مقیم افراد کے خلاف جاری آپریشن کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو، ایف آئی اے، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران شریک تھے، جبکہ ڈی آئی جی پولیس، ڈپٹی کمشنر چمن، قلعہ عبداللہ، پشین، ایس پی قلعہ عبداللہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے نے آن لائن شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ ڈویژن کے چاروں اضلاع میں غیر قانونی طور پر مقیم افغا...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری بنجے کمار، عائشہ ودود، علاؤالدین خلجی، یاسمین مغل ودیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہم نے وطن پر حملہ آور ہونیوالے ہر غاصب کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، پشتونخوا میپ

پارٹی کے عظیم بانی خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے پشتونخوا وطن کے قومی بٹوارے کیخلاف مسلسل جدوجہد کی

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پشتونخواہ وحدت قائم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کو اہم اور ضروری سمجھتی ہے، مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا وطن کی خوبصورتی اس میں ہے کہ اس وطن نے پانت پانت کے گروہوں، مختلف زبانیں بولنے اور مختلف ثقافت رکھنے والوں کو اپنی گود میں جگہ دی ہے اور ہر ایک نے وطن کے دفاع میں ہر حملہ آور اور غاصب کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے ہزارہ سے لیکر گلگت، چترال، کوہستان، بلتستان کے لوگوں اور جنوب میں رہنے والے ڈیرہ اسماعیل خان، کوہاٹ اور پشاور کے اردگرد رہنے والے لوگوں نے پشتونوں اور گوجر برادری کے ساتھ مل کر وطن کے دفاع...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 15 جنوری کو ہونگے، شیڈول جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کر دیا جس کے مطابق اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 15 فروری کو ہوں گے، پولنگ کا عمل صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک جاری رہے گا

ترقیاتی کام معیاری ومقررہ مدت تک مکمل ہونے چاہئیں، فیصل جمالی

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان نے کہا ہے کہ ترقیاتی کام معیاری اور مقررہ مدت تک مکمل ہونے چاہئے تاکہ عوام کو علاقے کو فائدہ ہو ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے وسائل کی لوٹ کھسوٹ جاری ہے، جمیل اکبر بگٹی

بلوچ عوام کی قربانیوں کو نظر انداز اور قدرتی وسائل پر قبضہ کرنا تاریخی ظلم ہے، صاحبزادہ شہید بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) شہید نواب اکبر خان بگٹی کے صاحبزادے نوابزادہ جمیل اکبر بگٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بلوچستان کے قدرتی وسائل کے غیر منصفانہ استحصال پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ اپنی ز...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کرپشن ملک وصوبے کی ترقی میں رکاوٹ ہے، جمال شاہ کاکڑ

بدعنوانی کے خاتمے کے بغیر پائیدار ترقی کا خواب پورا نہیں ہوسکتا، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ کرپشن ملک اور صوبے کی ترقی کی سب سے بڑی رکاوٹ ہے، اور اس کے مکمل خاتمے کے بغیر مضبوط اداروں اور پائیدار ترقی کا خواب پورا نہیں ہوسکتا انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن)...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم 11 اور 12 دسمبر کو ترکمانستان کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف 11 اور 12 دسمبر کو ترکمانستان کا دورہ کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دورے کے مطابق وزیراعظم بین الاقوامی فورم امن اور اعتماد میں شرکت، ترکمانستان کے صدر سردار بردی محمدوف سے ملاقات کریں گے۔

نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام شمولیتی تقریب منعقد

نیشنل پارٹی حقیقت پسند، جمہوری سوچ رکھنے والے کارکنوں کی جماعت ہے، کبیر احمد محمد شہی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام ایڈووکیٹ شکیل لانگو کے آفس میں شمولیتی تقریب منعقد ہوئی تقریب میں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے درجنوں باشعور نوجوانوں نے نیشنل پارٹی کے آئین، منشور اور قومی جمہوری جدوجہد سے اتفاق کرتے ہوئے پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ تقریب سے نیشنل پارٹی کے مرکزی...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق ہزار گنجی میں جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بحرانوں کا شکار، فرسودہ نظام سے قوم مایوس ہو چکی، جمعیت نظریاتی

حکمرانوں نے ملکی سلامتی داؤ پر لگا دیا، انقلابی تبدیلی کے بغیر عوام کا مقدر بدلنا ناممکن ہے، مولانا عبدالقادر لونی

حکمرانوں میں ملک چلانے کی صلاحیت نہ ہی عوام کیلئے کوئی موثر پالیسی موجود ہے، صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ ملک پر مسلط فرسودہ نظام سے قوم مایوس ہو چکی ہے انقلابی تبدیلی کے بغیر پاکستان اور عوام کا مقدر تبدیل کرنا ناممکنات میں شامل ہے ملکی سیاسی عدم استحکام اور بدحال معیشت سے قوم کو پیچیدہ حالات کا سامنا ہے حکمرانوں نے ملکی معیشت اور سلامتی داؤ پر لگا دیا ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں میں ملک چلانے کی صلاحیت موجود نہیں ملک چلانے کیلئے ان کے پاس کوئی پالیسی نہیں کرپٹ ونااہل حکمرانوں مسلط ہونے کے باعث بیرونی قرضوں...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر